بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

مندرجہ بالا سورتیں پڑھ کر اپنے چاروں طرف پھونکے اور جسم پر دم کرے اور چاقو پر دم کرکے چاقو سے اپنے چاروں طرف خط (لائن) کھینچے۔



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# عملیات و تعویذات خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ

## عامل کے لئے دستور العمل

عامل کو علاوہ فرض غسل کے جمعہ اور عیدین اور عرفہ کا غسل مسنون بھی معمول رکھنا چاہئے اور غسل اس ترکیب سے کرے کہ پہلے دونوں ہاتھ گٹوں تک دھوئے پھر بدن سے نجاست حقیقی دور کرے اور آبدست کے وقت کشادہ بیٹھے پھر وضو کرے اور پھر سر کے بالوں کی جڑیں تر کرے اور تین دفعہ تمام بدن پر پانی بہائے کوئی جگہ بال بھر بھی باقی نہ رہے ورنہ غسل نہ ہوگا اور غسل کی نیت کرنا اور غرارہ کرنا اور ناک میں ہڈی تک پانی پہنچانا ضروری ہے۔

عامل علاوہ فرائض و واجبات و سنت مؤکدہ کے جن کا کرنا اور برتنا معمولی ہے کچھ طاعات و عبادات زائد از قسم نوافل وغیرہ کے اور کچھ ایسے اوراد و وظائف لسانیہ جو صفائی قلب و حصول مطالب و عملیات کے لئے ممد و معاون ہوں اختیار کرے جیسے نماز تہجد چار رکعت چھ رکعت یا آٹھ رکعت اور تین وتر پڑھے۔

اسی طرح دو رکعت اشراق کی طلوع آفتاب کے بعد پڑھی جاتی ہیں۔ اور چار رکعتیں صلوٰۃ الضحیٰ (چاشت) جو بہت دن چڑھے پڑھی جاتی ہیں۔ اور چار رکعتیں صلوٰۃ الزوال کی جو سورج ڈھل جانے پر پڑھی جاتی ہیں۔ اور چھ رکعتیں صلوٰۃ الاوابین جو بعد مغرب کے پڑھی جاتی ہیں اور نماز استسقاء، نماز کسوف اور نماز خسوف اور نفل کے روزوں میں عرفہ کا ایک روزہ اور عاشورہ کے دو روزے اور عید کے چھ روزے اور تین روزے ایام بیض کے

ہر مہینے میں سوائے رمضان شریف کے اور تلاوت قرآن شریف کی ہر دن اس انداز سے کرے کہ ایک ختم چالیس دن میں پورا ہو۔ اور اوراد اور دعاؤں سے وہ دعائیں اور ورد جو صبح کو یا شام کو سوتے وقت صحیح حدیثوں میں آئی ہیں اختیار کرے، عامل کو چاہئے کہ جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام کرے تو بے استخارہ نہ کرے۔

عامل کو چاہئے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے ننانوے نام ہمیشہ پڑھتا رہے اور ان کا ورد رکھے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کا ورد رکھنے والا بہشت میں داخل ہوگا۔

عامل کو چاہئے کہ یَا عَزِیْزُ کو اکتالیس مرتبہ یا چھیانوے مرتبہ پڑھ کر ہر روز صبح کو اپنے منہ پر دم کر لیا کرے کیونکہ حفظ آبرو وحرمت کے واسطے یہ عمل بے نظیر ہے۔

عامل کو چاہئے کہ جب کوئی عمل جلالی یا جمالی پڑھے یا کوئی خوف کی جگہ ہو تو اپنے چوگرد آیۃ الکرسی کا حصار کرے۔

عامل کو چاہئے کہ وسعت رزق کے واسطے جمعہ کے روز سورۂ کہف اور ہر روز عشاء کی نماز کے بعد سورۂ واقعہ دوبار معمول رکھے کیونکہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ جو کوئی سورۂ واقعہ ہر شب میں پڑھے گا اسکو فاقہ نہ ہوگا۔

عامل اپنی نجات اور برکت کے لئے ہر روز سورۂ ملک کا ورد رکھے کیونکہ یہ سورہ اپنے پڑھنے والے کی شفاعت کرتی ہے اور



اس کے قبر کے عذاب کی مانع ہے۔

عامل ہر روز سورۂ اخلاص کا اکتالیس مرتبہ اور اول وآخر درود شریف تین تین مرتبہ معمول رکھے۔

عامل جمیع آفات وبلیات سے محفوظ رہنے کے لئے ہر صبح و شام سورۂ اخلاص اور معوذتین پڑھے۔

عامل کو چاہئے کہ آیۃ الکرسی کا پانچوں وقت فرضوں کے بعد ورد رکھے کیونکہ یہ رحمت پروردگار سے ایک خزانہ ہے اور تمام نقصان پہنچانے والوں سے امن وامان میں رکھتی ہے۔

عامل کو چاہئے کہ ہمیشہ باوضو رہے۔ جب وضو ٹوٹ جائے فوراً وضو کرلے۔

## مریض کا حال معلوم کرنا

عامل اگر مریض کا حال معلوم کرنا چاہے تو یہ ترکیب کرے کہ الحمد شریف سات مرتبہ آیۃ الکرسی سات مرتبہ سورۂ کافرون سات بار سورۂ اخلاص سات بار اور سورۂ فلق اور سورۂ ناس سات سات بار پڑھ کر مریض پر دم کرے اگر مرض بڑھ جائے آسیب ہے اور اگر کم ہو جائے تو جادو ہے اور اگر بدستور مرض رہے تو بیماری ہے۔

## استخارہ کی ترکیب

جب کوئی سخت مشکل پیش آئے یا شادی یا سفر یا کوئی کام

کرے تو بے استخارہ کئے نہ کرے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں میں صلاح نہ لینا بدبختی اور کم نصیبی کی بات ہے۔ جس کام کو استخارہ کر کے کیا جائے گا تو انشاء اللہ العزیز اس میں ضرور کامیابی ہوگی اور پریشانی نہ اٹھانی پڑھے گی۔ استخارہ کی نیت کر کے دو رکعت نفل بعد نماز عشاء پڑھے اس کے بعد خوب دل لگا کر یہ دعا تین مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدُرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ ط

اور جب هٰذَا الْاَمْرَ پر پہنچے تو اس کام کو دھیان میں لاوے جس کے لئے استخارہ کیا ہے بعد فارغ ہونے کے پاک ستھرے بستر پر قبلہ کی طرف منہ کر کے باوضو سو جائے جب سو کر اٹھے اس وقت جو بات دل میں مضبوطی سے آئے وہ ہی بہتر ہے۔ اسی کو کرنا چاہئے اگر ایک دن میں کچھ نہ معلوم ہو اور دل میں خلجان اور تردد باقی رہے تو پھر دوسری رات اسی طرح کرے انشاء العزیز سات



روز کے اندر اندر اس کام کی برائی بھلائی معلوم ہو جائے گی۔

ف: یہ دعا جس کا نام دعاء الاستخارہ ہے۔ مختلف لفظوں سے حدیثوں میں آئی ہے۔ جس کو جس طرح آسان ہو پڑھے۔

## استخارہ کی دوسری ترکیب

وضو کر کے پاک کپڑے پہنے اور قبلہ رو داہنی کروٹ پر لیٹ کر سورۃ وَالشَّمْس سات دفعہ اور سورۃ وَاللَّیْلِ سات دفعہ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھے اور ایک روایت میں بجائے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ کے سُوْرَۃ وَالتِّیْنِ کا سات دفعہ پڑھنا آیا ہے بعد پڑھنے کے عاجزی سے کہے خداوندا مجھ کو میرے خواب میں وہ چیز دکھاوے اور میرے اس حال میں کشادگی فرماوے اور میں اپنی دعا قبول ہونے کا حال معلوم کرلوں اور اس کام کے سرانجام ہونے کی تدبیر میرے دل میں ڈال دے تو انشاء اللہ العزیز اسی رات کو معلوم ہو جائے گا ورنہ اسی طرح دوسری رات کو عمل کر کے سوئے اگر مطلب حاصل ہو فھو المراد ورنہ اسی طرح تیسری رات کو بھی کرے ساتویں رات تک انشاء اللہ العزیز حال کھل جائے گا اور ساتویں رات سے آگے نہ بڑھے گا۔

## استخارہ کی تیسری ترکیب

سب سے آسان استخارہ یہ ہے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کی رات کو برابر نماز عشاء کے بعد سب کاموں سے فارغ ہو کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط تین سو مرتبہ پڑھ کر سورۃ اَلَمْ نَشْرَحْ مع بِسْمِ اللّٰهِ شریف ستّرہ بار پڑھے اور

اپنے منہ اور سینہ پر دم کرے اور خداوند تعالیٰ سے دعا کرے کہ فلاں امر میں جو ہونے والا ہے وہ مجھ کو خواب میں یا غنودگی میں کسی آواز دینے والے کی آواز سے معلوم کرادے۔ اس کے بعد یہ درود شریف ایک سو مرتبہ پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَعْلُوْمٍ لَّکَ۔

انشاء اللہ العزیز تینوں راتوں میں مقصد حاصل ہو جائیگا۔

## حصار کی ترکیب

### پہلی ترکیب

عامل کو چاہئے کہ جب کوئی عمل جلالی یا جمالی پڑھے یا کوئی خوف کی جگہ ہو تو اپنے چوگرد آیۃ الکرسی کا حصار کرے اور حصار کی ترکیب یہ ہے کہ پہلے اکتالیس (۴۱) مرتبہ اللہ پھر اکتالیس مرتبہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پھر اکتالیس (۴۱) بار اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ سے حِفْظُھُمَا تک پڑھے پھر اکتالیس مرتبہ ھُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ پڑھے اور اپنے اوپر دائیں بائیں اوپر نیچے سر سے لیکر پاؤں تک دم کرے۔

پھر سات سو چھیالیس مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر پھونک کر تمام بدن پر دونوں ہاتھ پھیرے کوئی جگہ نہ رہے اور بعضوں نے لکھا ہے کہ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ کو بھی اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھے۔

### حصار کی دوسری ترکیب

حصار کی ایک ترکیب یہ ہے کہ آیۃ الکرسی ایک دفعہ اور



قُلْ یٰٓاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ اور قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ایک ایک دفعہ پڑھ کر اپنے چاروں طرف حصار کرے اور چاقو سے خط کھینچے۔

### حصار کی تیسری ترکیب

اچھی طرح وضو کرے اور تین مرتبہ درود شریف معہ بسم اللہ شریف کے پڑھے اور ایک دفعہ الحمد شریف معہ اعوذ اور بسم اللہ کے آخر تک اور ایک دفعہ سورۃ یٰسٓ معہ اعوذ اور بسم اللہ کے مستقیم تک پڑھے پھر چاروں قل معہ اعوذ اور بسم اللہ کے پھر یہ چاروں آیتیں معہ اعوذ اور بسم اللہ پڑھ کر سورۂ جن کی شروع کی تین آیتیں شططا تک پڑھے اور تین دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر پھونک کر تمام بدن پر دونوں ہاتھوں کو مس کرے کہ کوئی جگہ باقی نہ رہے اور اپنے دائیں اور بائیں اور اوپر نیچے پھونک مارے۔

## دشمنوں کی شرارت دفع کرنے کے لئے

### مجرب عمل

دنیوی دشمنوں کی شرارت دفع کرنے کے لئے یہ دعا مجرب ہے اسے پڑھتا رہے۔ بالطہارت اور گنتی اور دیگر شرائط کی قید نہیں وہ دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ۔

## دشمن کو دفع کرنے کے لئے

دفع اعداء کے لئے سورۃ تبت یدا (پ ۳۰) اور سورۃ الم تر کیف (پ ۳۰) کا پڑھنا بھی مجرب ہے۔

## دشمنوں پر فتح پانے کے لئے

دشمنوں پر فتح پانے کے لئے یہ عمل مجرب ہے۔ درمیان عصر و مغرب کے بیالیس مرتبہ یہ دونوں بیت پڑھے

روئے ظالم بقصد کشتن ماست    دل مظلوم مابسوئے خداست
او دریں فکر تا بما چہ کند    ما دریں فکر تا خدا چہ کند

## خوف حاکم کے لئے

جو شخص کسی صاحب حکومت سے ڈرے اس کو چاہئے یوں کہے کھیعص کفیت، حمعسق حمیت اور چاہئے کہ داہنے ہاتھ کی ہر انگلی کو بند کرے۔ لفظ اول کے ہر حرف کے تلفظ کے ساتھ اور بائیں ہاتھ کی ہر انگلی کو قبض کرے لفظ ثانی کے حرف کے نزدیک پھر دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند کئے چلا جائے پھر دونوں کو کھول دے۔ اس کے سامنے جس سے ڈرتا ہے۔

## تاثیر اصحاب کہف

اصحاب کہف کے نام امان ہیں ڈوبنے اور جلنے اور غارت گری اور چوری سے۔ اپنے پاس لکھ کر رکھنے یا پڑھنے سے۔



الٰہی بحرمۃ یملیخا مکسلمینا کشفوطط اذرفطیونس کشفطیونس تبیونس بوانس بوس و کلبھم قطمیر و علی اللہ قصد السبیل و منھا جائر۔

## برائے حفاظت اطفال

اس تعویذ کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامۃ من شر کل شیطان و ھامۃ و عین لامۃ تحصنت بحصن الف الف لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

## برائے ضعف بصر

آنکھ کی کمزوری دور کرنے کے لئے بعد ہر فرض نماز کے یہ آیت پڑھا کرے۔ فکشفنا عنک غطاءک فبصرک الیوم حدید۔

## مرگی کا علاج

جو شخص مرگی میں مبتلا ہو تو تانبے کی ایک تختی لے کر اس میں اتوار کی پہلی ساعت میں اس تختی کے ایک طرف یہ کھدوادے۔ یا قھار انت الذی لا یطاق انتقامہ یا قھار۔ اور تختی کے دوسری طرف یہ کھدوادے یا مذل کل جبار عنید بقھر

عَزِیْزٌ سُلْطَانُہٗ یَا مُذِلُّ۔

## قیدی کو چھڑانے کے واسطے

قیدی کی رہائی کے واسطے عصر اور مغرب کے درمیان تین سو تریسٹھ (۳۶۳) مرتبہ یَا خَالِصُ یَا مُخْلِصُ یَا خَلَاصُ بِحَقِّ خَوَاجَہ خِضْر وَ مِہْتَر اِلْیَاسُ۔ گیارہ روز تک برابر پڑھے اور اول و آخر درود شریف سات سات دفعہ پڑھے بعد پڑھنے کے حضور قلب سے خداوند جل جلالہٗ سے دعا کرے انشاء اللہ العزیز گیارہ روز کے اندر اندر چھوٹ جائے گا۔

## دشمن کی دشمنی دور کرنے کے لئے

اوّل درود شریف تین مرتبہ پڑھے پھر سورۃ اَلْہٰکُمُ التَّکَاثُرُ سات مرتبہ پڑھ کر مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ایک ہزار انتیس (۱۰۲۹) مرتبہ پڑھے پھر اَلْہٰکُمُ التَّکَاثُرُ سات بار پڑھے۔ اسی طرح چالیس (۴۰) روز برابر عمل کرے۔

بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء اس عمل کو پڑھنا چاہیئے اس بارے میں مجرب ہے۔

## پاگل کتے کے کاٹے کا علاج

جس کو باؤلا کتا کاٹے اور اس کے دیوانہ ہو جانے کا خوف ہو تو اس آیت کو روٹی کے چالیس (۴۰) ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا



روزانہ کھلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّاَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا۔

ف: حضرت مولانا محمد اسحاق صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ جس کو باؤلا کتا کاٹے تو ایک ٹکڑا بانات کا تھوڑے سے گڑ میں لپیٹ کر کھلا دے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا زہر اثر نہیں کرے گا۔

## چیچک سے حفاظت کے لئے

جب چیچک کی بیماری ظاہر ہو تو نیلا تاگا لے کر اس پر سورۃ رحمٰن پڑھی جائے اور جب فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچے تو اس پر پھونک کر گرہ دے۔ جب تمام کر چکے تو بچے کی گردن میں ڈال دے۔ حق تعالیٰ اس کو اس بیماری سے آرام دے گا۔

## بخار اور چیچک سے حفاظت

جب کسی آدمی یا بچہ کو بخار آئے اور وہم چیچک کے دانے نکلنے کا ہو تو دو ٹکڑے کاغذ پر تین مربعہ شکل میں الحمد شریف کے نقش لکھے (۱) ایک گلے میں باندھے (۲) دوسرا دھو کر پلا دے (۳) تیسرا اس کے تکیہ میں رکھے اللہ کے فضل و کرم سے چیچک نہ نکلے اور اگر نکلے تو تکلیف نہ ہو وہ مربعہ شکل یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ | رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ |
| الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | مٰلِكِ | يَوْمِ الدِّيْنِ | اِيَّاكَ نَعْبُدُ |
| وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ | اِهْدِنَا | الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ | صِرَاطَ الَّذِيْنَ |
| اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ | غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ | وَلَا الضَّآلِّيْنَ | اٰمِيْنَ |

## عبادت سے رغبت اور گناہوں سے نفرت کا طریقہ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ کثرت سے پڑھنا بہت مفید ہے۔

### گناہوں سے معافی اور خاتمہ بالخیر ہونے کا طریقہ

عفو گناہ کے لئے استغفار اور خاتمہ بالخیر ہونے کے لئے کلمہ طیبہ کا زیادہ ورد رکھنا۔ اور نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنا نہایت مفید ہے۔

### عذاب قبر سے بچنے کا طریقہ

سورۃ تبارک الذی عشاء کی نماز کے بعد ہمیشہ سونے سے قبل اور الم السجدہ کی بھی عشاء کی نماز کے بعد تلاوت کرنی چاہیئے۔

### نفس وشیطان سے حفاظت کا طریقہ

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ زیادہ پڑھنا چاہیئے اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ صبح اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ" گیارہ مرتبہ ہمیشہ پڑھنی چاہیئے۔



## سکرات موت کے آسان ہونے کا طریقہ

سکرات موت آسان ہونے کیلئے ہمیشہ آیۃ الکرسی اور سورۃ اخلاص پڑھنی چاہیئے اور یہ بھی حدیث شریف میں آیا ہے کہ عذاب قبر دفع ہونے کیلئے ہمیشہ سورۃ تبارک الذی عشاء کے بعد سونے سے قبل پڑھنی چاہیئے۔ اور ایسا ہی سورۃ دخان پڑھنے کے بارہ میں بھی روایت ہے۔

## زیارت قبور کا طریقہ

جب عوام مومنین کی قبر کی زیارت کے لئے جائے تو پہلے قبلہ کی طرف پشت کرے اور میت کے سینے کے سامنے منہ کرے اور سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورۃ قل ھو اللہ احد (مکمل) تین مرتبہ پڑھے اور جب قبرستان میں جائے تو یہ کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُسْلِمِيْنَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ وَاِنَّا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ۔

## بُرے خواب سے بچنے کا طریقہ

سوتے وقت قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (آخر تک) اور آیۃ الکرسی ایک ایک مرتبہ پڑھنا چاہیئے اور جو اس سے دفع نہ ہو تو یَا شَدِیْدُ تین[۳] مرتبہ

پڑھ کر اپنے بدن پر دم کرنا چاہئے اور سوتے وقت یہ دعا پڑھنی چاہئے۔

بِاسْمِكَ اللّٰهُمَّ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِحْفَظْنِيْ مِنْ نَوْمِيْ جَنْبِيْ بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ۔

## چوری، کھوئی ہوئی شئے یا مفرور شخص کے لئے

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو ایک کاغذ پر یہ تعویذ لکھے اور اس کو بھاگے ہوئے شخص کے پسینہ لگے (یعنی استعمال کردہ) کپڑے میں لپیٹ کر اندھیری کوٹھری میں دو پتھروں کے بیچ میں (یا وزن کے نیچے) رکھ دے۔ پہلے سورہ فاتحہ (الحمد شریف پوری) اور آیۃ الکرسی (پوری) کو لکھے۔ اس کے بعد یہ دعا لکھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَنْ فِيْهِنَّ فَاجْعَلِ اللّٰهُمَّ السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا فِيْهِمَا عَلٰى عَبْدِكَ فُلَانِ ابْنِ فُلَانَةَ اَضْيَقَ مِنْ حَلْقَةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلٰى مَوْلَاهُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ پھر یہ آیت لکھے۔ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ



يَكَدْ يَرٰهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ۝ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ۝ وَاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ۝ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝ پھر اوپر کی لکھی ہوئی دعا پڑھے یعنی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ سے آخیر تک اور تعویذ پر دم کرے مجرب ہے اور فلاں ابن فلانہ کی جگہ اس کا اور اسکی ماں کا نام لکھے۔

## بھاگ جانے یا کھو جانے والے کی واپسی

لڑکے وغیرہ کے گم ہونے کے لئے حضرت مولانا شاہ محمد اسحٰق صاحب مہاجر بیت اللہ رحمۃ اللہ علیہ یہ درود شریف لکھ دیا کرتے تھے نیچے گم شدہ کا نام اور اسکی والدہ کا نام لکھتے اور حکم دیتے کہ اس کو اونچی جگہ یعنی درخت یا کھونٹی میں لٹکا دو تاکہ ہلتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ گم شدہ واپس آجائے گا۔ وہ درود شریف یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّاَلْفَ اَلْفِ ذَرَّةٍ ۝

## گم شدہ چیز کے لئے

جس شخص کی کوئی چیز کھو جائے تو یہ عمل کرے:۔ "یَا حَفِيْظُ" ایکسو انیس (۱۱۹) مرتبہ پڑھے۔ بغیر کمی بیشی کے پھر یہ آیت ایک سو انیس مرتبہ (۱۱۹) پڑھے۔ يٰبُنَيَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ۔ اللہ تعالیٰ اس کی گم ہوئی چیز اس کے پاس پھیر لائے گا۔

## برائے اولاد نرینہ

جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو حمل پر تین ۳ مہینے گذرنے سے پہلے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے اس آیت کو لکھے اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ يَا زَكَرِيَّا اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامِنِ اسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا بِحَقِّ مَرْيَمَ وَعِيْسٰى اِبْنًا صَالِحًا طَوِيْلَ الْعُمُرِ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ۔ پھر اس تعویذ کو حامل موم جامہ کر کے باندھے اور بندھا رہنے دے نہ کھولے۔ بچہ کی پیدائش کے وقت کھولے۔

### لڑکا ہونے کے لئے

جو عورت سوائے لڑکی کے لڑکا نہ جنتی ہو تو اس کے پیٹ پر گول لکیر کھینچے ستر بار اور ہر انگلی کے پھیرنے کے ساتھ یَا مَتِیْنُ کہے۔ انشاء اللہ العزیز لڑکا پیدا ہوگا۔

### لڑکا ہونے کا عمل

لڑکا پیدا ہونے کے واسطے حمل پر ڈیڑھ مہینہ گذرنے کے بعد تیس ۳۰ روز تک یہ تعویذ لکھ کر عورت کو ہر روز پلائے وہ تعویذ معظم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ صَيِّرْهُ اللّٰهُ تَعَالٰى



ذَكَرًا اِنْ كَانَ اُنْثٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ۔

## بانجھ پن کے لئے

بانجھ عورت کے واسطے ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے باوضو یہ آیت لکھے۔ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا۔ پھر تعویذ کو موم جامہ کرے اس کی گردن میں باندھے۔

### بانجھ عورت کے اولاد ہونے کے لئے

عقیمہ (بانجھ عورت) کے واسطے چالیس ۴۰ لونگوں پر سات سات بار اس آیت کو پڑھے اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ط ہر روز رات کو ایک لونگ عورت کھائے اور اس پر پانی نہ پیئے اور شروع کرے حیض کے غسل کے بعد اور ان دنوں میں اس کا شوہر اس سے صحبت کرتا رہے انشاء اللہ العزیز حمل قرار پائے گا۔

## برائے قیام حمل

جس عورت کا حمل اسقاط ہو جاتا ہو تو سرخ کسوم کا رنگا

ہوا دھاگہ اس کے قد کے برابر لے اور سات یا گیارہ یا اکیس
تار کرے اور اس پر نو گرہیں لگائے اور ہر گرہ پر یہ آیت پڑھ کر
پھونکے پھر وہ دھاگہ عورت اپنی کمر میں باندھ لے۔ وہ آیت
شریف یہ ہے۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ
وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ۝ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ
اتَّقَوا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ ۝ اور قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُونَ
(شروع سے آخر تک)

## حمل قائم رہنے کے لئے

عدم اسقاط کے لئے یہ عمل بھی چلتا ہوا ہے۔ چالیس روز
ایک پاک برتن میں یہ آیتیں باوضو لکھ کر عورت کو پلائے۔

فَلَا أُقْسِمُ بِمَوَاقِعِ النُّجُومِ ۝ وَإِنَّهُ لَقَسَمٌ لَّوْ
تَعْلَمُونَ عَظِيمٌ ۝ إِنَّهُ لَقُرْآنٌ كَرِيمٌ ۝ فِي كِتَابٍ مَّكْنُونٍ ۝
لَّا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ ۝ تَنزِيلٌ مِّن رَّبِّ الْعَالَمِينَ ۝
اور فَلْيَنظُرِ الْإِنسَانُ مِمَّ خُلِقَ ۝ خُلِقَ مِن مَّاءٍ
دَافِقٍ ۝ يَخْرُجُ مِن بَيْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَائِبِ ۝ إِنَّهُ عَلَىٰ
رَجْعِهِ لَقَادِرٌ ۝ اور فَاللَّهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ۝

## برائے رفع درد

جب کسی کے دانت میں درد ہو یا سر کے درد سے نالاں
ہو یا اسکو ریاح ستاتی ہو تو ایک تختی یا پٹڑی پاک پر



ریت ڈال کر ایک کیل یا کھونٹی سے اس پر ابجد ہوز حطی لکھا
جائے اور کیل کو الف پر زور سے دبائے اور سورۃ فاتحہ ایک بار
پڑھے اور درد والا آدمی درد کی جگہ کو اپنے دونوں ہاتھوں سے
دبائے رہے پھر اس سے پوچھے کہ تجھ کو آرام ہوگیا یا نہیں۔ اگر
درد جاتا رہا تو ٹھیک ورنہ کیل کو دوسرے حرف یعنی (ب) پر زور
سے دبائے اور دوبار سورۃ فاتحہ پڑھے پھر پوچھے کہ صحت ہوئی یا
نہیں۔ اگر صحت ہوگئی تو بہتر ہے ورنہ جیم کیطرف کیل کو نقل کرے
اور اسے مضبوطی سے دبائے اور تین بار الحمد شریف پڑھے۔ اسی
طرح ہر حرف کیل سے دباتا جائے اور ہر بار سورۃ فاتحہ بڑھا کر
پڑھتا جائے۔ آخر حرف تک نہ پہنچے گا کہ خدا تعالیٰ اس کے اندر
ہی شفا عنایت کرے گا۔

## برائے فالج و درد کمر

فالج اور درد کمر اور عرق النساء کے واسطے الحمد شریف ایک
پاک برتن میں لکھے اور روغن ملسان سے اسے دھو کر اور سات
بار اس تیل پر سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کرے اور تیل کو تمام بدن پر
دو تین روز ملا کرے مفید ہے۔

## برائے درد پہلو اور درد شکم

پیٹ کے درد کے لئے ایک لاٹھی لے اور اس کے دونوں
سرے اپنے دونوں ہاتھوں میں پکڑے اور قُلْ أَعُوذُ بِرَبِّ

النَّاسِ سات بار پڑھ کر اس لکڑی کو درد کی جگہ کسی قدر زور سے دبادے اور اگر اس جگہ سے دوسری جگہ درد منتقل ہو جائے تو اسی طرح وہاں لکڑی سے دبادے انشاء اللہ تعالیٰ درد جاتا رہے گا یا مریض کو اوندھا لٹادے اور سورۃ اخلاص باوضو چالیس بار پڑھ کر دم کرے مجرب ہے۔

## پہلو کے درد کے واسطے

باوضو یہ آیت لکھ کر موم جامہ کر کے پہلو پر باندھے اور ہر روز تین دفعہ پڑھ کر دم کرے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِہِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

## برائے درد زیر ناف

جو عورت زیر ناف کے درد میں مبتلا ہو اس کو یہ آیت مکرمہ باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر پلاوے اللہ تعالیٰ شفا دے گا۔

نَحْنُ خَلَقْنٰھُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَھُمْ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَھُمْ تَبْدِیْلًا ۝

## پسلی کے درد کے لئے

جو بچہ پسلی کے عارضہ میں مبتلا ہو گیا ہو تو یہ عمل کرنا چاہئے



کہ ایک سرکنڈہ آٹھ انگل ناپ لے اور اس کو کسی قدر بیچ میں سے چیر لے اس طرح کہ تھوڑا چیرنا باقی رہے اور چیرے ہوئے حصہ میں چاقو چبھوئے اور سرکنڈہ معہ چاقو کے بچہ کے سینے سے ناف تک برابر پھیرتا رہے اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اس طرح پڑھے کہ جب لفظ ناس پر پہنچے تو سات دفعہ لفظ ناس پڑھ کر دم کرے اسی طرح جب مَلِكِ النَّاسِ پر پہنچے تو سات دفعہ لفظ ناس پڑھ کر دم کرے۔ یونہی آخر سورۃ تک کرے پھر سرکنڈہ ناپے اگر آٹھ انگل سے زیادہ ہو جائے تو اتنا کاٹ لے۔ اس طور سے تین دفعہ عمل کرے اور جتنا سرکنڈہ بڑھتا جائے اتنا ہی تراشتا جائے۔ انشاء اللہ العزیز تین روز کے عمل سے اگر پسلی کا عارضہ ہے تو بالکل آرام ہو جائے گا۔

## پسلی کے عارضہ کے واسطے

یہ عمل پسلی کے عارضے کے واسطے بہت مفید ثابت ہوا ہے کہ ایک چاقو جس کا دستہ بھی لوہے کا ہو بچہ کے سینے سے ناف تک بار بار لائے اور یہ آیت شریف سات مرتبہ یا گیارہ مرتبہ پڑھے اور ہر بار دم کرتا جائے شرط یہ ہے کہ دو وقت (صبح شام) تین روز یہ عمل کرے انشاء اللہ العزیز بہت جلد شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا ۖ وَاللّٰہُ مُخْرِجٌ مَّا کُنْتُمْ تَکْتُمُوْنَ ۝

## درد کے لئے

بدن میں جس جگہ درد ہو وہاں ہاتھ رکھ کر پڑھے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تین دفعہ اور سات بار اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔
انشاء العزیز کسی بھی قسم کا درد ہو بالکل جاتا رہے گا یہ عمل بہت مستند ہے۔

## برائے دردِ سر

دردِ سر کے واسطے یہ تعویذ لکھ کر موم جامہ کر کے سر پہ باندھے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُكَ فَاشْفِ عَبْدَكَ بِمَنِّكَ وَكَرَمِكَ بِحُرْمَةِ ھٰذِہِ الْاَسْمَاءِ۔

## (١٠) برائے دفعِ دردِ زہ و وضعِ حمل

جس عورت کو دردِ زہ یعنی بچہ پیدا ہونے کا درد تکلیف دے تو ایک کاغذ پر یہ آیت باوضو لکھے۔ وَاَلْقَتْ مَا فِیْھَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ اِھْیًا اِشْرَاھِیًا۔ پھر اس تعویذ کو پاک کپڑے میں لپیٹے اور اس کی بائیں ران میں باندھے تو انشاء اللہ العزیز بہت جلد بچہ پیدا ہوگا۔



## بچہ کی پیدائش کے لئے

یہ عمل بھی دردِ زہ کے واسطے مفید ہے۔ یہ کلمات لکھ کر پیشانی پہ باندھے آسانی سے بچہ پیدا ہو۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلشَّكُوْرُ الصَّبُوْرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

## بچہ کی پیدائش جلد ہونے کے لئے

بچہ جلد پیدا ہونے کے واسطے یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر میٹھی چیز پہ دم کرے اور دردِ زہ والی عورت کو کھلائے انشاء اللہ العزیز بہت جلد بچہ پیدا ہوگا۔ آیت یہ ہے:
اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ۔ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ۔ وَاَلْقَتْ مَا فِیْھَا وَتَخَلَّتْ۔ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ۔

## باآسانی اور جلد بچہ پیدا ہونے کے لئے

قندِ سیاہ (گڑ) کی تین گولیاں لے کر ہر ایک گولی پر تین تین مرتبہ اس آیت شریف کو پڑھ کر دم کرے اور جو عورت دردِ زہ میں مبتلا ہو اس کو کھلا دے انشاء اللہ العزیز جلد بچہ پیدا ہوگا۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَلْیَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ یَّخْرُجُ مِنْۢ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ۔ اس کے اوّل و آخر درود شریف پڑھنی چاہئے۔

## برائے ازالۂ بخار

سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) چالیس۴۰ بار پانی کے پیالے پر پڑھے اور بخار والے کے منہ پر چھینٹا مارے تو حق تعالیٰ اس کو فائدہ بخشے۔

### بیماری سے شفاء کے لئے

قرآن مجید کی یہ چھ آیتیں ہیں جن کا نام آیات شفاء ہے بیمار کے واسطے ان کو ایک برتن پر باوضو لکھے اور پانی سے دھوکر پلادے انشاء اللہ تعالیٰ جلد صحت ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ. وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ. يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ. وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ. وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ. قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ۔

### لاعلاج مرض سے صحت کے لئے

لاعلاج مرض کے واسطے چینی کی سفید تشتری (پلیٹ) یا برتن پر یہ اسم لکھے۔ يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ پھر اس کو پانی سے دھوکر چالیس۴۰ دن پیئے۔ حضرت شاہ ولی اللہ صاحبؒ اس اسم پر سورۂ فاتحہ بھی لکھتے تھے۔

### بخار سے نجات کے لئے

بخار کے ازالہ کے واسطے ہر روز عصر کے بعد سورۂ مجادلہ



(پ۲۹ رکوع ۔) بخار والے پر تین۳ بار پڑھے (اور دم کرے) انشاء اللہ بخار دفع ہوگا۔

### بخار دفع ہونے کے لئے

بخار کے دفع کے لئے حضرت شاہ عبدالعزیزؒ قدس سرہٗ اور مولانا محمد اسحٰقؒ رحمۃ اللہ علیہ گلے میں باندھنے کے لئے یہ لکھ دیتے تھے، قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اور پینے کے لئے ہر بیماری کے دفع کے لئے یہ لکھ دیتے تھے۔

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔

### ہر مرض سے شفاء کے لئے

ہر مرض کی شفا کے لئے يَاسَلَامُ کا نقش اور یہ آیت لکھ کر پلادے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

| | | |
|---|---|---|
| س | لا | م |
| لا | م | س |
| م | س | لا |

سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ

### پرانے بخار سے نجات کے لئے

پرانے بخار کے واسطے اتوار کے دن سات تار پاک دھاگے کے لے اور الحمد شریف اور قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (آخر تک) پڑھ کر اس دھاگے پر سات گرہ دے اور مریض کے گلے میں باندھے انشاء اللہ

العزیز بخار چلا جائے گا۔

## بخار سے نجات کے لئے

بخار کے واسطے ایک پاک کاغذ پر دو تعویذ تیار کرے ایک سیدھی کلائی میں اور دوسرا الٹے ہاتھ کی کلائی میں باندھے۔ تعویذ یہ ہے۔

| | |
|---|---|
| ہاروت | ہاروت |
| ہاروت | ہاروت |

## ہر مرض سے شفاء کے لئے

ہر ایک مریض کے لئے پہلے اور آخر درود شریف پھر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِالْعَلِيْلِ دَوَآءٌ وَّ بِالْمَرِيْضِ شِفَآءٌ وَّ بِالْغَرِيْبِ اَنِيْسٌ وَّ بِالْفَقِيْرِ جَلِيْسٌ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ تین دفعہ پڑھ کر صبح و شام اپنے اوپر اور دوا کے اور غذا پر دم کرے انشاء اللہ العزیز شفاء کامل عطا ہوگی۔

## ہر آفت و بیماری سے حفاظت کے لئے

ہر آفت و مصیبت و بیماری سے محفوظ رہنے کے لئے اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں یا بازو پر باندھے۔ تعویذ مکرم یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ



التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَآمَّةٍ وَّعَيْنٍ لَآمَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

## بخار کے واسطے

بخار کے واسطے یہ تعویذ لکھ کر بازو میں باندھے یا گلے میں لٹکانے سے قبل موم جامہ کرلے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ۔

## باری کے بخار کے لئے

باری کے بخار کے واسطے پیپل کے تین ۳ پتوں پر لکھے اور بخار کے چڑھنے سے پہلے تھوڑی دیر بعد ایک ایک پتہ چاٹ لے۔ مجرب ہے

| ۷۸٦ | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ٦ |

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ

| ۷۸٦ | | |
|---|---|---|
| ٦ | ۱۱ | ۳ |
| ۴ | ۷ | ۹ |
| ۱۰ | ۲ | ۸ |

يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ

## جاڑہ چڑھ کر آنے والا بخار

جاڑے کے بخار کے واسطے اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلا وے۔

فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًاۚ

## ہر قسم کے بخار سے نجات کے لئے

بخار کے واسطے یہ تعویذ لکھ کر دے مجرب ہے۔ مریض اپنے بازو پر باندھنے سے قبل موم جامہ کرلے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْنَا يَا نَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ يَا غَفُوْرُ يَا غَفُوْرُ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْاٰنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ يَا غَفُوْرُۚ

## ہر درد اور بیماری دفع ہونے کے واسطے

ہر درد اور بیماری کے دفع کے واسطے اول و آخر درود شریف پڑھے اور ایک بار سورۃ فاتحہ اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے۔

يَا اَللّٰهُ اِشْفِ يَا رَحْمٰنُ اِشْفِ يَا رَحِيْمُ اِشْفِ يَا كَرِيْمُ اِشْفِ يَا غَفَّارُ اِشْفِ يَا سَتَّارُ اِشْفِ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ مِنْ جَمِيْعِ الدَّاءِ وَالْبَلَاءِ بِفَضْلِكَ وَكَرَمِكَ لَا بِعَمَلِنَا وَلَا بِعَمَلِهٖ۔ پھر پانی پر



دم کر کے مریض کو پلا دے۔ خدا تعالیٰ شفا دینے والا ہے۔

## بخار دفع ہونے کے واسطے

بخار کے واسطے مریض پر یہ دعا پڑھ کر دم کرے اور لکھ کر ایک پاک کاغذ پر تعویذ بنا کر بازو پر باندھے، وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عِرْقٍ نَّعَّارٍ وَّمِنْ شَرِّ كُلِّ حَرِّ النَّارِ۔

## بیمار کی صحتیابی کے لئے

جو شخص بیمار ہو تو اس کے بدن پر داہنا ہاتھ پھیرتا جائے اور یہ دعا پڑھتا جائے دو چار روز کے عمل سے انشاء اللہ العزیز بیمار بالکل تندرست ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اِذْهَبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا۔

## ہر مرض سے شفاء کے لئے

داہنے ہاتھ میں داہنا پہونچا مریض کا پکڑ کر یہ پڑھے اور دم کرے انشاء اللہ العزیز بہت جلد شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ۔

## مرض سے جلد شفاء کے لئے

اس دعا کو پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالے بہت جلد شفا پائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُّؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ

كُلِّ نَفْسٍ وَّ عَيْنِ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ۔

## جاڑے کے بخار کا علاج

جس شخص کو جاڑے سے بخار آتا ہو اس کے لئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ جاہے اوّل روز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مُحِيْطُ لکھ کر سیدھے ہاتھ کی کلائی پر باندھے اگر دوسرے روز پھر آوے تو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مُحِيْطَ لکھ کر سیدھے ہاتھ کی کلائی پر باندھے اور پہلا تعویذ کھول کر اُلٹے ہاتھ کی کلائی پر باندھے۔ اگر خدانخواستہ تیسرے روز پھر آوے تو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا مُحِيْطَا لکھ کر سیدھے ہاتھ کی کلائی پر باندھے اور دونوں تعویذ اُلٹے ہاتھ میں باندھے پھر انشاء اللہ العزیز بخار نہ آئے گا۔

## برائے حاجت روائی، بیماری سے صحت، اور ظالم کے غلبہ سے نجات

(۱) اگر کوئی حاجت پیش آئے (۲) کوئی شخص غالب ہوگیا ہو (۳) بیمار کی صحت کے لئے

**عمل:** سورۃ فاتحہ (الحمد شریف پوری) کو اکتالیس[۴۱] بار فجر کی سنت اور فرض کے درمیان پڑھے تو انشاء اللہ کامیابی حاصل ہو۔

## حاجت پورا ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کو کوئی حاجت پیش آوے تو وہ مندرجہ



ذیل عمل کرے۔

**عمل:** ۔ يَا بَدِيْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَيْرِ يَا بَدِيْعُ ۔ بارہ سو بار[۱۲۰۰] پڑھے بارہ دن تک حق تعالیٰ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت بر لائے گا۔

## مشکل اور اہم کام میں کامیابی

حاجات مشکلہ کے بر آنے کے واسطے چار رکعتیں مندرجہ ذیل طریقہ سے پڑھے۔

**ترکیب نماز:** پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ کو سو[۱۰۰] بار پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ سو[۱۰۰] بار پڑھے اور تیسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد وَ اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ سو[۱۰۰] بار اور چوتھی رکعت میں فاتحہ کے بعد قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ ۔ سو[۱۰۰] بار پڑھے پھر سلام پھیر کر کہے رَبِّ اِنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو[۱۰۰] بار (اس کے بعد دعا مانگے انشاء اللہ ضرور قبول ہوگی)۔

## حاجت روائی کا مجرب عمل

حاجت روائی کے لئے آیت کریمہ بھی تریاق مجرب ہے اور اس کے دو طریقے ہیں:

آیت کریمہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَ نَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ

نجی المؤمنین۔

پہلا طریقہ: آیت کریمہ کو سوا لاکھ مرتبہ اجتماعی حالت میں ایک مجلس میں پڑھا جائے (اور پھر دعا کی جائے)

دوسرا طریقہ: ایک شخص اس آیت کو تن تنہا تین سو بار بعد نماز عشاء کے تاریک (اندھیرے) مکان میں بیٹھ کر شرائط طہارت اور استقبال قبلہ کے ساتھ پڑھے اور پیالہ پانی کا بھر کر پاس رکھ لے اور ہر لمحہ اس پانی میں اپنا ہاتھ ڈال کر بدن اور منہ پر پھیرتا رہے تین روز یا سات روز یا چالیس روز تک اسی ترتیب سے پڑھے۔

## حسب منشاء مراد پوری ہو

سورۃ فاتحہ کو اس طرح پڑھا جائے کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے میم کو اَلْحَمْدُ کے لام سے ملا دے (اس طرح بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الخ) اتوار کے دن سے فجر کی سنت اور فرض کے درمیان شروع کرے یعنی اس طرح کرے کہ۔

اتوار کو ۷۰ بار۔ پیر کو ۶۰ بار۔ منگل کو پچاس بار۔ بدھ کو چالیس بار۔ جمعرات کو تیس بار۔ جمعہ کو بیس بار اور ہفتہ کو دس بار پڑھے۔ انشاء اللہ مراد پوری ہوگی۔

## دنیا کی تمام مشکلات کا حل اور سختی دور کرنے کے لئے

دنیا کی تمام مشکلات اور سختی کو دفع کرنے کے لئے دعائے کرب باطہارت اور باوضو بلا گنتی و بلا قید اس بارے میں



مجرب ہے۔ اور دعائے کرب یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَكِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَّالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا حَاجَةً لِيْ مِنْ حَوَآئِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

## فوراً حاجت پوری ہونے کا عمل

قضائے حاجت کے واسطے بہت ہی سریع التاثیر اور مجرب ہے اور حضرات مشائخ چشتیہ رحمۃ اللہ علیہم کا اس پر عمل ہے۔

بدھ اور جمعرات کو دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف ایک بار اور سورۃ اخلاص سو بار اور دوسری رکعت میں سورۃ الحمد شریف سو بار اور سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ۔ پوری) ایک بار۔ پھر سلام کے بعد سو دفعہ یہ استغفار پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ غَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ۝ اور سو دفعہ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاٰلِهٖ وَسَلِّمْ پھر سو بار کہے (اے آسان کنندہ دشوار یہا و اے روشن کنندہ

تاریکیہا) بحضور دل سے حاجت چاہے۔ اور تیسری شب کو فارغ ہونے کے بعد سر برہنہ کرکے اور آستین گلے میں ڈال کر اور آنکھوں میں آنسو لاکر جو حاجت ہو پچاس دفعہ عرض کرے انشاء اللہ اسی وقت حاجت بر آوے۔ بہت مجرب ہے۔

## حاجت پورا ہونے کا مجرب عمل

قضائے حاجات کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔

سورۂ فاتحہ سات بار اور یہ درود شریف دو سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اور یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ پانچ سو بار الحمد شریف سات بار اور درود مذکور دو سو مرتبہ اور یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ (دو سو دفعہ) پڑھے اور اپنی حاجت گڑگڑا کر خداوند تعالیٰ سے مانگے بہت جلد حاجت بر آوے۔

## حاجت پورا ہونے کا پُر تاثیر عمل

اس عمل پر بزرگانِ دین کا قیام ہے اور تاثیر میں سیف قاطع ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے۔

شب جمعہ (جمعرات کے دن کے بعد والی رات) عشاء کی نماز کے بعد خلوت (تنہائی) میں دو رکعت نماز پڑھے، اس حاجت کی نیت سے جو چاہتا ہے، پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ انعام (ساتویں پارہ میں ہے) اول سے آخر تک پڑھے۔ پھر دوبارہ از سر نو شروع کرے اور اس آیت تک پڑھے وَکُنْتُمْ عَنْ اٰیٰتِہٖ تَسْتَکْبِرُوْنَ اور



رکوع میں جائے پھر دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰی سے آخر سورۃ (ختم) تک پڑھ کے رکوع کرے پھر نماز ختم کرنے کے بعد ہزار بار یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اس کے بعد دعا مانگے اور گڑگڑا کر اپنی حاجت (خدا سے) مانگے انشاء اللہ العزیز قبول ہوگی۔ یہ عمل مجرب ہے خواہ آپ کرے یا دوسرے سے کرائے۔

## ہر قسم کی مہمات حل کرنے کا عمل

سورۂ یٰسین شریف کا ختم ہر مہمات کے واسطے مشائخ سے ثابت ہے جب کوئی ضرورت پیش آئے تو سورۂ یٰسین اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر لفظ مبین سے از سر نو شروع کرتا رہے جب اس طریقہ سے سورہ ختم ہوجائے تو سر ننگا کرکے سجدہ میں جاکر اپنی حاجت نہایت عاجزی سے طلب کرے۔ مقصد کے حصول تک ہر روز معمول رکھے۔

## دشمنوں کی دشمنی اور شر سے حفاظت کے لئے

اکثر مشائخین و عاملین نے کہا ہے کہ یہ آیت قطب دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رکھتی ہے اور ہر آفت اور خوف سے حفاظت رکھتی ہے اور ہر دینی و دنیوی مراد کے پورا ہونے کے واسطے نہایت ہی مجرب ہے۔ آیت قطب یہ ہے:

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا

نا دیکھا) پھر حضور دل سے حاجت چاہے۔ اور تیسری شب کو فارغ ہونے کے بعد سر برہنہ کر کے اور آستین گلے میں ڈال کر اور آنکھوں میں آنسو لا کر جو حاجت ہو پچاس دفعہ عرض کرے انشاء اللہ اسی وقت حاجت بر آوے۔ بہت مجرب ہے۔

## حاجت پورا ہونے کا مجرّب عمل

قضائے حاجات کے لئے یہ عمل بہت مجرّب ہے۔

سورۂ فاتحہ سات بار اور یہ درود شریف دو سو مرتبہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ِالنَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ اور یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِکَ الْخَفِیِّ پانچ سو بار الحمد شریف سات بار اور درود مذکور دو سو مرتبہ اور یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ (دو سو دفعہ) پڑھے اور اپنی حاجت گڑگڑا کر خداوند تعالیٰ سے مانگے بہت جلد حاجت بر آوے۔

## حاجت پورا ہونے کا پُر تاثیر عمل

اس عمل پر بزرگانِ دین کا قیام ہے اور تاثیر میں سیف قاطع ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے۔

شب جمعہ (جمعرات کے دن کے بعد والی رات) عشاء کی نماز کے بعد خلوت (تنہائی) میں دو رکعت نماز پڑھے۔ اس حاجت کی نیت سے جو چاہتا ہے، پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورۂ انعام (ساتویں پارہ میں ہے) اول سے آخر تک پڑھے۔ پھر دوبارہ از سر نو شروع کرے اور اس آیت تک پڑھے وَکُنْتُمْ عَنْ اٰیٰتِہٖ تَسْتَکْبِرُوْنَ اور



رکوع میں جائے پھر دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰی سے آخر سورۃ (ختم) تک پڑھ کے رکوع کرے پھر نماز ختم کرنے کے بعد ہزار بار یہ درود شریف پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اس کے بعد دعا مانگے اور گڑگڑا کر اپنی حاجت (خدا سے) مانگے انشاء اللہ العزیز قبول ہوگی۔ یہ عمل مجرب ہے خواہ آپ کرے یا دوسرے سے کرائے۔

## ہر قسم کی مہمات حل کرنے کا عمل

سورۂ یٰسین شریف کا ختم ہر مہمات کے واسطے مشائخ سے ثابت ہے جب کوئی ضرورت پیش آئے تو سورۂ یٰسین اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر لفظ مبین سے از سر نو شروع کرتا رہے جب اس طریقہ سے سورہ ختم ہو جائے تو سر ننگا کر کے سجدہ میں جا کر اپنی حاجت نہایت عاجزی سے طلب کرے۔ مقصد کے حصول تک ہر روز معمول رکھے۔

## دشمنوں کی دشمنی اور شر سے حفاظت کے لئے

اکثر مشائخین وعاملین نے کہا ہے کہ یہ آیت قطب دشمنوں کی دشمنی سے محفوظ رکھتی ہے اور ہر آفت اور خوف سے حفاظت رکھتی ہے اور ہر دینی و دنیوی مراد کے پورا ہونے کے واسطے نہایت ہی مجرب ہے۔ آیت قطب یہ ہے:

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا

يَغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَ طَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ
يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ط يَقُوْلُوْنَ
هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ط
يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ط يَقُوْلُوْنَ لَوْ
كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ
فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى
مَضَاجِعِهِمْ ج وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَ
لِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ط وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ
الصُّدُوْرِ ط

اس آیت شریف کو چار سو (۴۰۰) دفعہ شب بدھ و جمعرات و جمعہ کو بعد نماز عشاء پڑھے اور آیت شریف پڑھنے سے پہلے اور ختم پر دس دس دفعہ درود شریف پڑھے پھر نہایت عاجزی و زاری سے خداوند تعالیٰ سے دعا کرے اور درد سر کو دور کرنے کے لئے سات دفعہ پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ العزیز فوراً آرام ہو جائے گا۔

## ہر مطلب حاصل ہونے کے واسطے

ہر مطلب کے حاصل ہونے کے واسطے ہر روز پندرہ کا نقش پاک زمین پر انار کی لکڑی سے لکھے اور لکھنے کے بعد اس پر پانی چھڑکے اور مقصد کے حصول تک یہ عمل کرتا رہے۔

پندرہ کا نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)



| | | |
|---|---|---|
| ٦ | ١ | ٨ |
| ٧ | ٥ | ٣ |
| ٢ | ٩ | ٤ |

## حاجت پورا ہونے کے لئے

صلوٰۃ تنجینا کا ہر روز ستر بار پڑھنا حاجات کے پورا ہونے کے لئے بڑا مفید ہے۔ صلوٰۃ تنجینا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا
مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ
وَتَقْضِيْ لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ
جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ
وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِي
الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ط

## برائے مسان

جس لڑکے کو مسان کی بیماری ہو اس پر اکتالیس (۴۱) بار الحمد شریف ساتھ وصل میم بسم اللہ کے (بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ الخ) پڑھ کر چالیس (۴۰) روز تک دم کیا کرے انشاء اللہ العزیز اس کا وہ مرض جاتا رہے گا اور اگر اکتالیس (۴۱) بار پڑھنے کی فرصت نہ ہو تو تین بار کا پڑھنا بھی کفایت کرے گا۔

(۲)

تین۳ دفعہ آیت قطب اور اکتالیس۴۱ بار سورۃ فاتحہ وصل میم بسم اللہ کے الحمد کی لام کے ساتھ اور تین تین۳ مرتبہ اول و آخر درود شریف پڑھ کر سوا پاؤ کچھی گھانی کے تیل پر دم کرے اور چالیس۴۰ روز تک وقت مقررہ پر جس لڑکے کو مسان کی بیماری ہو مالش کرے خداوند تعالیٰ اس کو شفائے کامل عطا فرمائے گا۔ آیت قطب یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ

## دفع آسیب کے لئے

## مجرب عمل

جس کو آسیب کا خلل ہو تو اس کے بائیں کان میں یہ آیت سات بار پڑھے۔



وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ

## دفع آسیب کے لئے

دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ اس کے کان میں سات بار اذان دے اور سورۃ فاتحہ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور آیۃ الکرسی اور سورۃ طارق اور سورۃ حشر کی آیتیں یعنی هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ سے آخر سورہ تک اور سورۃ صافات ساری پڑھے اور پھونک دے آسیب جل جائے گا۔

ف: احراق ذی روح کا بلا ضرورت شدیدہ جائز نہیں اس لئے بہتر یہ ہے کہ پہلے کہہ دے کہ "اگر نہ گئے تو جل جاؤ گے"۔

## آسیب زدہ کے لئے عمل

آسیب زدہ کے واسطے یہ عمل ہے کہ اس کے کان میں سورۃ مومنون کی آیتیں پڑھے یعنی اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ سے آخر سورہ تک پھر دم کرے۔

## آسیب کو دفع کرنے کا عمل

دفع آسیب کا یہ بھی عمل ہے کہ پاک پانی پر سورۃ فاتحہ اور آیۃ الکرسی اور پانچ آیتیں سورۃ جن کی (قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ سے عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا) پڑھے اور اس پانی کا اس شخص کے منہ پر چھینٹا مارے کہ ہوش میں آجائے گا اور جب کسی مکان میں جن معلوم

ہو اسی پانی سے اس مکان کی نواحی میں چھینٹے مارے تو وہاں پھر نہ آوے گا۔

## مکان یا دوکان کو کیلنا

جس گھر میں جنات کا عمل دخل ہو اور وہ پتھر پھینکتے ہوں تو یہ آیت:۔ اِنَّهُمْ یَكِیْدُوْنَ كَیْدًا وَّ اَكِیْدُ كَیْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا۔

چار لوہے کی کیلوں پر، ہر کیل پر پچیس پچیس ٢٥ ٢٥ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور گھر کے چاروں کونوں میں گاڑ دے۔ انشاء اللہ جنات کا اثر ختم ہو جائے۔

## گھر سے جنات کو دفع کرنا

دفع جن کا یہ عمل بھی بہت مفید ہے کہ اصحاف کہف کے نام گھر کے دیواروں پر لکھے۔ اور وہ نام یہ ہیں۔

یَمْلِیْخَا۔ مَكْسَلْمِیْنَا۔ مَسِیْتَا۔ مَرْنُوْش۔ بَرْنُوْش
شَاذْنُوْش۔ مَرْطُوْنَس۔ قِطْمِیْر۔

## دفع آسیب کے لئے

دفع آسیب کے لئے کڑوے تیل پر اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاهِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ایک بار اور اِنَّ الَّذِیْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ یَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِیْقِ تین بار پھر درود شریف مذکورہ بالا پڑھ کر زور سے پھونک مارے اسی ترکیب سے تین



دفعہ پڑھ کر دم کرے پھر آسیب زدہ کے کان میں وقتاً فوقتاً قطرہ قطرہ ٹپکائے انشاء اللہ آسیب دفع ہو جائے گا۔

## آسیب، جن دور کرنے کا عمل

جن کے دور کرنے کے واسطے کڑوے تیل میں اجوائن ملا کر اس پر سات دفعہ یہ اسم (شربت) پڑھے اور آسیب زدہ کے تمام بدن پر مالش کرے بخار بھی ہو تو صرف مریض کے ہاتھ پاؤں پر مالش کرے انشاء اللہ دو تین مرتبہ عمل کرنے سے مریض فوراً اچھا ہو جائے گا۔

## آسیب کو بھگانے کا فلیتہ

آسیب کے دفع کے واسطے یہ فلیتہ بھی مجرب ہے اس کو جلا کر مریض کی ناک میں دھواں پہنچائیے۔

فرعون۔ ہامان۔ شداد۔ عاد۔ ثمود۔ نمرود
ابلیس کلھم فی نار جحیم جھنم سعیر سقر لظی
حطمہ ہاویہ دوزخ شمر۔

## آسیب زدہ کی حفاظت کے لئے

معوذتین کا نقش آسیب زدہ کے واسطے مریض کے گلے یا بازو پر موم جامہ کر کے باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا پا دے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٣٦٨٩ | ٣٦٩٢ | ٣٦٩٥ | ٣٦٨٢ |
| ٣٦٩٤ | ٣٦٨٣ | ٣٦٨٠١ | ٣٦٩٣ |
| ٣٦٨٤ | ٣٦٩٧ | ٣٦٩٠ | ٣٦٨٧ |
| ٣٦٩١ | ٣٦٨٦ | ٣٦٨٥ | ٣٦٩٦ |

## آسیب سے نجات کے لئے

اس فلیتہ کو لکھ کر اس پر نیلا ڈورہ لپیٹے اور کوٹلوں کی آگ جلاکر آسیب زدہ کے نتھنوں میں دھواں پہنچائے اور مریض کا نام معہ نام اس کی والدہ کے فلیتہ کی پشت پر لکھے۔

وہ فلیتہ یعنی نقش یہ ہے:

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ فرعون | ۱۴ ابلیس | ۱۱ ہامان | ۸ ۱۱۳ |
| ۱۲ ابلیس | ۷ ہامان | ۲ ۱۱۳ | ۱۳ فرعون |
| ۶ ہامان | ۹ ۱۱۳ | ۱۶ فرعون | ۳ ابلیس |
| ۱۵ ۱۱۳ | ۴ فرعون | ۵ ابلیس | ۱۰ ہامان |
| عدو فرعون العجل | ابلیس وف الساعۃ | ہامان وف الوحا الوحا | ۱۱۳ وف الوحا |

## دفع آسیب وسحر کا مجرب عمل

آسیب زدہ اور جادو کے دفع کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔ سوا پاؤ کچی گھانی کے سرسوں کا تیل کسی تانبے کے برتن میں ڈال کر چودہ ۱۴ دفعہ آیتِ قطب پڑھکر تیل پر اس طرح دَم کرے کہ ہر بار پڑھے اور زور کے ساتھ تیل پر پھونکے۔ پھر دَم کیا ہوا تیل آسیب زدہ یا جادو کئے ہوئے کے سارے بدن پر اس طرح ملے کہ بال برابر بھی خالی نہ چھوٹے۔ اس بات کی بھی احتیاط رہے کہ پڑھے ہوئے تیل کی ایک بوند



تک زمین پر نہ گرنے پائے اور نہ اس میں کسی اور کا ہاتھ پڑنے پائے اور بدن پر مالش جو پہلے روز کرے وہ ہی روزمرہ کرتا رہے۔ نیز جو وقت اول دن مقرر کرے اس سے منٹ بھر کا فرق نہ کرے خدا نے چاہا تو بھوت پریت جادو سب دفع ہو جائے۔ وہ آیت قطب یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ؕ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝

## جادو سے نجات کے لئے

جو شخص جادو میں مبتلا ہو اس کے دفعیہ کے واسطے یہ عمل بہت مجرب اور چلتا ہوا ہے کہ معوذتین یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قرآن پاک کی وہ آیتیں جن میں جادو کا ذکر ہے جو ذیل

میں لکھے جاتے ہیں پاک کاغذ پر لکھیں اور بہتے پانی کی خواہ گنگا کا ہو یا جمنا کا یا کسی اور دریا یا ندی کا ایک اور اوسط درجہ کی ٹھلیا منگا کر اس پانی میں یہ تعویذ ڈالیں جب حروف پانی میں گھل جائیں تو تھوڑا سا پانی اس مریض کو پلائیں اور تھوڑے سے ہاتھ پاؤں دُھلائیں اور بقیہ پانی سے غسل دیں مگر پانی زمین پر نہ گرے اور مستعمل پانی زمین میں دفن کر دیں یہ عمل ہفتہ کے ہفتہ کرنا چاہئے۔ اگر چند دفعہ اس ترکیب سے کیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ جادو کا بالکل اثر باقی نہیں رہے گا

جن آیتوں میں جادو کا ذکر ہے وہ یہ ہیں:

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صٰغِرِينَ ۝ وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِينَ ۝ قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِينَ رَبِّ مُوسٰى وَهٰرُونَ ۝ فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ ۝ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ ۝ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ ۝ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ ۝ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سٰحِرٍ ۝ وَلَا يُفْلِحُ السّٰحِرُ حَيْثُ أَتٰى ۝

## شیطان، چور، جادو سے حفاظت

تینتیس (۳۳) آیت کا تعویذ یا ورد جادو کے اثر کو دفع کرتا ہے اور شیطان اور چوروں اور درندوں سے پناہ میں رہتا ہے بارہا تجربہ میں آچکا ہے۔ وہ آیتیں یہ ہیں:

چار آیت سورۂ بقر کے اول سے مفلحون تک اور آیۃ الکرسی



اور دو آیتیں خالدون تک اور تین آیت سورۂ بقرہ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ سے آخر بقرہ تک اور تین آیتیں سورۂ اعراف کی إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ سے مُحْسِنِينَ تک اور سورۂ بنی اسرائیل کی قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ سے آخر تک اور دس آیت سورہ وَالصّٰٓفّٰتِ شروع سے لَازِبٍ تک اور تین آیت سورۂ رحمٰن يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ سے فَلَا تَنْتَصِرٰنِ تک اور تین آیت آخر سورۂ حشر۔ لَوْ أَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْآنَ سے آخر سورۂ حشر تک اور دو آیت قُلْ أُوحِيَ إِلَيَّ سے شَطَطًا تک

## جادو، نظر بد اور لاعلاج مرض سے صحتیابی۔

جس پر جادو یا نظر بد کا اثر ہو اور جس مریض کو طبیبوں نے جواب دے دیا ہو تو اس کو چاہیئے کہ يَا حَيُّ حِينَ لَا حَيَّ فِي دَيْمُومَةِ مُلْكِهِ وَبَقَائِهِ يَا حَيُّ کو ہر روز بعد نماز فجر دو سو مرتبہ معہ اول و آخر درود شریف چھ چھ بار پڑھے اور اپنے تمام بدن پر اور پانی پر دم کرے اور وہی پانی صبح و شام پیئے۔ انشاء اللہ العزیز بہت جلد شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# دیگر علماء کے عملیات وتعویذات

## برائے ملازمت یا شادی

(حضرت مولانا دوست محمد قریشی صاحب رحمۃ اللہ علیہ)

برائے ملازمت یا شادی اول گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر یہ آیت تین سو تیرہ (۳۱۳) بار پھر درود شریف گیارہ بار روزانہ مسلسل بلاناغہ اکتالیس (۴۱) روز پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔ اگر ملازمت کے لئے پڑھا ہے تو ملازمت مل جائے گی اور اگر شادی کے لئے پڑھا ہے تو شادی ہو جائے گی۔ اگر اکتالیس دن سے قبل ہی کام ہو جائے تب بھی اکتالیس دن پورے کرے چھوڑے نہیں وہ آیت یہ ہے

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا ط اِنَّ اللّٰہَ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ہ

## ڈاڑھ کے نکالنے کا عمل نیز درد سے نجات

اگر کسی کی ڈاڑھ میں درد رہتا ہو اور اسے نکالنا چاہتا ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ بغیر درد کے ڈاڑھ بآسانی اکھڑ جائے گی درد بالکل نہ ہوگا۔ عمل یہ ہے۔

صبح کے وقت اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے درمیان



میں پانچ سو (۵۰۰) بار مندرجہ ذیل کلمات پڑھے۔ کلمات یہ ہیں۔

یَا حَیُّ یَا قَہَّارُ بِحَقِّ یَا قَہَّارُ

جب ڈاڑھ اکھیڑنی ہو اول درود شریف تین مرتبہ پھر سات بار یہ کلمات آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر ڈاڑھ پر دم کریں اور اپنے ہاتھوں پر بھی دم کریں اور ایک سے لے کر سات تک گنتی گنیں۔ جب سات کہیں فوراً ڈاڑھ اکھیڑ لیں بالکل درد نہ ہوگا۔ یہ وظیفہ ہمیشہ روزانہ پڑھنا ہے۔ جب وظیفہ چھوڑ دے گا عمل کام نہ کرے گا البتہ اگر سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر ڈاڑھ یا دانت پر دم کر دے گا تو بحکم خدا درد سے آرام آجائے گا۔

## برائے حُب

(مولانا صوفی محمد شفیع صاحب کلور کوٹ)

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی بیوی، بہن بھائی، والد، والدہ اس سے خوش ہو جائیں اور محبت کرنے لگیں تو چاہیئے کہ اول اکیس بار درود شریف پڑھے درمیان میں یہ الفاظ پڑھے تین سو (۳۰۰) بار

یَا قَابِضُ اَقْبِضْ ثُمَّ قَبَضْنٰہُ اِلَیْنَا قَبْضًا یَّسِیْرًا ہ

آخر میں اکیس مرتبہ درود شریف۔ اکتالیس روز پابندی سے عمل کرے منہ مطلوب کے گھر کی طرف کرے یا گھر میں پڑھے تو متعلقہ شخص کا تصور کر کے پڑھے۔

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا بلکہ نقصان اٹھائے گا۔

## ادائیگی قرض

(از حضرت مولانا فتح محمد صاحب تھانوی رح)

اگر کوئی شخص قرض میں پھنس گیا ہو اور قرض نہ اترتا ہو تو اسے چاہئے کہ کثرت سے یہ دعا پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ قرض سے جلد از جلد نجات حاصل ہوگی۔ یہ دعا حدیث شریف میں منقول ہے۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

## ادائیگی قرض کا عمل

(از حضرت شیخ التفسیر مولانا احمد علی لاہوری رح)

اگر کسی شخص پر قرض کا بوجھ چڑھ گیا ہو اور قرض سے چھٹکارہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو اسے چاہئے کہ صبح سحر کے وقت نماز تہجد ادا کرے اول تین بار درود شریف پھر یہ کلمات دوسو (۲۰۰) بار پڑھے۔

رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد قرض سے نجات حاصل ہوگی۔



## ہر قسم کی مشکلات سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص چاروں طرف سے مشکلات میں گھر گیا ہو اور مشکلات بڑھتی جارہی ہوں تو ایسی صورت میں اسے چاہئے کہ روزانہ بعد نماز فجر سات بار اس دعا کو پڑھ لیا کرے چاہے دیکھ کر ہی پڑھ لے۔ دعا یہ ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَا یَنْسٰی مَنْ ذَکَرَہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَا یُخَیِّبُ مَنْ دَعَاہُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَا یَکِلُ مَنْ تَوَکَّلَ عَلَیْہِ اِلٰی غَیْرِہٖ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ ثِقَتُنَا حِیْنَ تَنْقَطِعُ عَنَّا الْحِیَلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ھُوَ رَجَاءُنَا حِیْنَ تَسُوْءُ ظُنُوْنُنَا بِاَعْمَالِنَا اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ یَکْشِفُ ضُرَّنَا عِنْدَ کُرُبَتِنَا۔

## ہر مشکل سے نجات کے لئے

(از حضرت شیخ الہند مولانا محمود حسن رح)

ہر مشکل سے نجات حاصل کرنے کے لئے کثرت سے مندرجہ ذیل کلمات کا ورد رکھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر ضرورت پوری ہوگی اور ہر مشکل سے نجات حاصل ہوگی۔

وہ کلمات یہ ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ

## ام الصبیان (سوکھا وغیرہ) کا گنڈہ

ایک دھاگہ لیں خواہ کسی رنگ کا ہو۔ اس کے سات یا نو یا گیارہ تار لیں اور اس پر الحمد شریف مع بسم اللہ شریف کے ایک دفعہ پڑھ کر گرہ لگا دیں۔ اس طرح اکتالیس (۴۱) بار پڑھیں اور اکتالیس (۴۱) گرہ لگائیں اور ام الصبیان والے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ محفوظ ہو جائے گا۔

## گمشدہ کے ملنے کے لئے

(از شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ)

اگر کوئی چیز گم ہو جائے، یا آدمی یا جانور بھاگ جائے تو اس کے لئے سورۂ لقمان (پ۲۱) مکمل سات مرتبہ پڑھے اور اپنے چاروں طرف شہادت کی انگلی (کلمہ والی انگلی) گھمائے اس کے بعد سات بار مندرجہ ذیل کلمات پڑھے۔

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ۔ دستک دے (تالی بجا دے یا دروازہ کھٹکھٹا دے) وہ گمشدہ چیز یا بھاگا ہوا آدمی یا جانور مل جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔

## چھوٹی یا بڑی مصیبت سے نجات کے لئے

چھوٹی مصیبت ہو یا بڑی اس سے نجات کے لئے ایک



تسبیح روزانہ پابندی کے ساتھ (یعنی ایک سو مرتبہ) پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مصیبت راحت میں بدل جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰھُمَّ اْجُرْنِیْ فِیْ مُصِیْبَتِیْ وَاخْلُفْ لِیْ خَیْرًا مِّنْھَا۔

## برائے چیز گمشدہ (کھوئی ہوئی چیز کا ملنا)

(از حضرت مولانا عبیداللہ انور صاحبؒ)

اگر کوئی چیز گم ہوئی، کوئی آدمی، عورت، لڑکا یا لڑکی گھر سے بھاگ گیا یا کوئی جانور بھاگ گیا تو سورۃ والضحیٰ (پ۳۰) مکمل کثرت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ چیز، یا آدمی یا جانور واپس اپنے گھر آجائے گا۔

## بچھو یا سانپ کو پکڑنا۔ ان کا زہر اثر نہ کرنا

(از حافظ عبدالخالق صاحب زرگرؒ)

اول سورۂ قُلْ یٰۤاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ۔ کی زکوٰۃ ادا کرے۔ وہ اس طرح کہ رمضان المبارک کی پہلی تاریخ یعنی پہلے روزے کو بعد نماز عشاء سے شروع کرے۔ اول گیارہ بار درود ابراہیمی پڑھے۔ اس کے بعد سورۂ قُلْ یٰۤاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ مکمل ایک سو ایک بار پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف ابراہیمی پڑھے اسی طرح روزانہ پڑھا کرے ناغہ نہ کرے اور مسلسل اکتالیس

دن کرے۔

زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد روزانہ اکیس ۲۱ مرتبہ سورۃ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ مکمل پڑھ لیا کرے۔ ناغہ نہ کرے۔

عامل اگر زکوٰۃ ادا کرنے کے بعد سانپ پکڑنا چاہے تو اول وآخر تین ۳ تین بار درود شریف ابراھیمی اور درمیان میں گیارہ ۱۱ بار سورۃ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ پڑھ کر سانپ کو پکڑ لے۔ پھر اگر اس سانپ کو اپنے پاس رکھنا چاہے اور خوراک کھلا سکے تو اپنے پاس رکھ لے ورنہ چھوڑ دے۔ سانپ کو مارے ہرگز نہیں۔ اگر سانپ ڈس بھی لے گا تو زہر کا اثر نہ ہوگا۔ اگر اس سورۃ شریف (قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ) کا تعویذ جس کو لکھ کر دے دے اس کو کبھی سانپ نہ ڈسے گا۔ جب تک یہ تعویذ اس کے پاس رہے۔ یہ ہر سانپ (کھیرا، سیاہ، مشکی، پدم، کھنٹر وغیرہ) کے لئے کارآمد ہے۔ اگر سانپ کو کسی مصلحت کے تحت مارنا پڑ جائے تو خود نہ مارے بلکہ کسی دوسرے شخص سے کہدے وہ سانپ کو مار دے۔

سانپ کے ڈسنے کی جگہ پر تعویذ باندھے اور دم بھی کرے۔ پانی پڑھ کر دم کر کے مریض کو پلائے۔ اور سو دو سو میل دور سانپ کے کاٹے ہوئے مریض پر پڑھ کر دم کرنے کے لئے اس طرف منہ کر کے پھونک مار دے انشاء اللہ تعالیٰ مریض سانپ کے زہر سے محفوظ ہو جائے گا۔ یہ بہت عمدہ عمل ہے۔ بچھو کے کاٹے کا بھی یہی عمل ہے۔



سورۃ قُلْ یٰاَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ وَ لَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَ لَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ

سورۃ الکٰفرون کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۹۴۵ | ۹۴۰ | ۹۴۷ |
| ۹۴۶ | ۹۴۴ | ۹۴۲ |
| ۹۴۱ | ۹۴۸ | ۹۴۳ |

## ہر قسم کی مشکلات کے حل کے لئے

کیسی ہی بڑی سے بڑی مصیبت ہو جو شخص اکتالیس ۴۱ بار سورۃ یٰسین شریف برابر پڑھتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد مصیبت سے نجات حاصل ہوگی۔

## برائے دفع آسیب وسحر کے لئے

دفع آسیب وسحر کے لئے یہ بہت مفید عمل ہے اور اس کے ذریعے سے آسیب دفع ہو جاتا ہے اور سحر سے نجات حاصل ہوتی ہے۔ عمل یہ ہے۔

ایک مرتبہ سورۃ یٰسین شریف اس طرح پڑھے کہ جب مبین

کا لفظ آئے تو گیارہ بار سورۃ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ
مکمل) پڑھے اور ایک بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ آخر تک
اور ایک بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ آخر تک پڑھے اور اول
و آخر اس عمل کے سات سات بار درود شریف پڑھے اور سرسوں
کے تیل پر دم کر کے مریض کے تمام بدن پر مالش کریں سر سے
لے کر پاؤں تک کوئی جگہ جسم کی خالی نہ رہے پاک حالت میں
لگائیں۔ تیل لگانے کے ایک گھنٹہ بعد چاہیں تو غسل کر لیں ورنہ
کوئی حرج نہیں۔ اگر اس پر ایک سو بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ
مکمل اور ایک سو بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مکمل مزید پڑھ کر
دم کر دیں تو بہت بہتر ہے۔ اکیس دن تک مسلسل بلا ناغہ
ایک وقت مقررہ پر مالش کریں۔ اور یہی عمل پڑھ کر پانی پر دم
کر کے مریض کو پلائیں۔ سوا دو کلو سرسوں بازار سے خرید کر اپنے
سامنے تیل نکلوائیں تاکہ صحیح سرسوں کا تیل حاصل ہو۔

## برائے کامیابی مقدمہ

(از مولانا حسین علیؒ واں بھچراں میانوالی)

اگر کوئی شخص مقدمہ میں پھنس گیا ہو تو بعد نماز عشاء دو رکعت
نماز نفل ادا کرے اور سات بار دعائے حزب البحر پڑھے۔ یہ عمل سات
روز تک مسلسل اور پابندی کے ساتھ کرے انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ
میں فتح ہی فتح ہوگی۔

تنبیہ: خود پڑھے یا اسکی جگہ کوئی دوسرا پڑھے۔



# عملیات و تعویذات

(حضرت اقدس مولانا عبد اللہ بہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

## دشمنوں کے شر اور فتنہ سے حفاظت کے لئے اور مقدمہ میں کامیابی

جس شخص کو دشمن ستاتے ہیں، بلاوجہ مقدمہ بازی کرتے ہیں اور
طرح طرح کے الزامات لگا کر بدنام کرتے ہیں ایسے دشمنوں سے
حفاظت کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ اس عمل کی برکت سے
انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام رہے گا اس کا ہر منصوبہ ناکام ہوگا۔ وہ
عمل یہ ہے۔

اول درود شریف گیارہ بار پھر ایک سو ایک (۱۰۱) بارہ سورۃ
لایلاف قریش (مکمل) پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر عاجزی
اور نیازمندی کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اور جب تک دشمن کا
شر باقی رہے اس عمل کو کرتا رہے۔ بعد نماز عشاء یہ عمل کرے تو
بہتر ہے ورنہ جس وقت فرصت ہو کرے۔

## ہر مشکل کے حل کے لئے اور دشمنوں کے شر و فتنہ کے خاتمہ کے لئے اور مقدمہ میں کامیابی

جو شخص دشمنوں میں گھرا ہو اور دشمن اسے ستاتے ہوں یا
کوئی ایسی مشکل آگئی ہو جس کا حل دور دور نظر نہ آتا ہو دل

پریشان رہتا ہو۔ دماغ کام نہ کرتا ہو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل عمل ہر مشکل سے نجات دلائے گا اور دشمنوں کے شر و فتنہ کا خاتمہ کردے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ وہ عمل یہ ہے۔

بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف پھر تین سو (۳۰۰) بار یہ آیت پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے۔

اِنَّمَآ اَشۡكُوۡا بَثِّىۡ وَحُزۡنِىۡۤ اِلَى اللّٰهِ

پھر پانچ سو پچھتر (۵۷۵) بار پڑھے

حَسۡبُنَا اللّٰهُ وَنِعۡمَ الۡوَكِيۡلُ

اس کے بعد ایک سو ایک (۱۰۱) بار سورۃ لایلاف قریش (مکمل) پڑھے سورۃ لایلاف قریش یہ ہے۔

سُوۡرَةُ قُرَيۡشٍ مَكِّيَّةٌ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

لِاِيۡلٰفِ قُرَيۡشٍۙ اٖلٰفِهِمۡ رِحۡلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيۡفِۚ فَلۡيَعۡبُدُوۡا رَبَّ هٰذَا الۡبَيۡتِۙ الَّذِىۡۤ اَطۡعَمَهُمۡ مِّنۡ جُوۡعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمۡ مِّنۡ خَوۡفٍ ۴

آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بڑی سے بڑی مشکل حل ہوگی اور دشمنوں کا شر و فتنہ ختم ہوگا۔ اگر مقدمہ بازی ہو رہی ہے تو مقدمہ میں بھی انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی یا مقدمہ کرنے والا خود راضی نامہ کرلے گا۔



## دل کا غنا اور مال و دولت حاصل ہو

روزانہ اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں دو سو (۲۰۰) بار سورۃ اخلاص مکمل (قل ھو اللہ احد آخر تک) پڑھے اس کے بعد دو سو (۲۰۰) بار یہ کلمات پڑھے۔

سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ

اگر ان کلمات کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ مزمل مکمل (پ ۲۹) پڑھ لے تو اور زیادہ مالا مال ہوگا اور اکتالیس (۴۱) مرتبہ سورۃ مزمل پڑھے تو بہت زیادہ ترقی ہو۔

## ہر تکلیف و بیماری سے نجات اور حاجت پوری ہونے کے لئے

(از مولانا سلیم اللہ صاحب تلمیذ حضرت درخواستی رح)

یہ عمل ہر تکلیف اور بیماری سے نجات حاصل کرنے اور ہر قسم کی حاجت پوری ہونے کے لئے مجرب اور زود اثر ہے۔

ہر قسم کی پریشانی، بیماری اور بیماری سے نجات کے لئے صبح کی نماز کے بعد معمولات اور تلاوت سے فارغ ہونے کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِىِّ الۡاُمِّىِّ وَاٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ

اور درمیان میں کم از کم سات بار اور زیادہ سے زیادہ ایک سو (۱۰۰) بار یہ کلمات پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ

صحت کاملہ وعاجلہ حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا غِیَاثِیْ عِنْدَ کُلِّ کُرْبَۃٍ وَ مُجِیْبِیْ عِنْدَ کُلِّ دَعْوَۃٍ وَ مُؤْنِسِیْ عِنْدَ کُلِّ وَحْشَۃٍ وَ مَعَاذِیْ عِنْدَ کُلِّ شِدَّۃٍ وَ رَجَائِیْ حِیْنَ تَنْقَطِعُ حِیْلَتِیْ۔

بہتر یہ ہے کہ ایک سو (۱۰۰) بار پڑھے۔

اگر قرض دار ہے یا مفلس و نادار ہے تو تنگدستی دور ہونے اور روزی کے فراخ ہونے کی نیت کر کے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غربت دور ہوگی اور مال دار ہو جائے گا، اگر کسی مصیبت میں گرفتار ہے تو اس کے دور ہونے کی نیت سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مصیبت سے نجات حاصل ہوگی۔

## استخارہ

دعائے استخارہ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعائے خیر کرتا رہے۔ استخارہ کرنے کے بعد ندامت نہیں اور یہ مشورہ کرنا نہیں ہے مشورہ تو دوستوں سے ہوتا ہے۔ استخارہ سنت ہے۔ اس کی دعا مشہور ہے اس کے پڑھ لینے سے سات روز کے اندر اندر قلب میں ایک رجحان پیدا ہو جاتا ہے اور یہ خواب میں کچھ نظر آنا یا یہ قلبی رجحان حجت شرعیہ نہیں ہیں کہ ضرور ایسا ہی کرنا پڑے۔ اور یہ جو دوسروں سے استخارہ کرایا کرتے ہیں یہ کچھ نہیں ہے۔ (چھوٹا سا استخارہ یہ ہے)

نماز عشاء کے بعد یا رات کو سوتے وقت گیارہ (۱۱) مرتبہ یہ



کلمات پڑھ لیا کرے اور یہ حدیث میں آیا ہے۔ کلمات یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ خِرْ لِیْ وَاخْتَرْ لِیْ

کم از کم        دنوں میں معلوم ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ سات روز کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قلب میں اس کام کے کرنے کے جذبات شدت سے پیدا ہوں گے۔

## حسب مرضی جگہ شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی سے شادی کرنا چاہتا ہے اور لڑکی والے بلاوجہ انکار کرتے ہیں حالانکہ جوڑ بھی صحیح لڑکا شکل وصورت اور ملازمت کاروبار میں ٹھیک ہے تو اس کے لئے یہ عمل کرے۔

عشاء کی نماز کے بعد جب سب لوگ سو جائیں تو دو (۲) رکعت نماز نفل ادا کرے اور تشہد کی ہیئت (شکل) میں قبلہ کی طرف کر کے بیٹھے اور حضور دل سے مندرجہ ذیل کلمات چار سو پچاس (۴۵۰) مرتبہ پڑھے اور اپنے مطلوب، کا تصور کرے جب یہ تعداد پوری کرلے تو سات مرتبہ حزب البحر (دعائے حزب البحر) پڑھے۔ اسی طرح روزانہ کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

## مشکلات کے حل کے لئے ختم خواجگان

اگر ملکی حالات یا گھریلو حالات درست نہ ہوں یا ہر وقت جان و مال کے ضیاع کا خوف رہتا ہو تو ایسی صورت میں کسی بھی

وقت چند آدمی مل کر یا اکیلا آدمی ختم خواجگان کرلے بحکم
خدا مشکلات سے نجات حاصل ہوگی۔ ظالم کا ظلم ختم ہو جائے گا۔
اس کا طریقہ یہ ہے

اول دس مرتبہ درود شریف۔ پھر تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار
لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ
اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔

اس کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ اَلَمْ نَشْرَحْ۔

سورۃ الم نشرح یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَکَ صَدْرَکَ ۙ وَوَضَعْنَا عَنْکَ وِزْرَکَ ۙ
الَّذِیْ اَنْقَضَ ظَهْرَکَ ۙ وَرَفَعْنَا لَکَ ذِکْرَکَ ؕ
فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ۙ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا ؕ فَاِذَا
فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۙ وَاِلٰی رَبِّکَ فَارْغَبْ ۠

اس کے بعد تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ
لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنَ
اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ۔

آخر میں پھر دس بار درود شریف۔

## برائے حب

اگر کوئی شخص کسی جگہ شادی کا طالب ہو باوجود ہر اعتبار سے
لڑکا صحیح ہونے کے نہ دیتے ہوں تو اس کے لئے بعد نماز عصر



خالی مکان میں جس میں کوئی نہ ہو قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھے اور
مسلسل اور بلا تعداد مغرب کی اذان تک پڑھتا رہے اس کے بعد
یہ دعا مانگے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ عصر کی نماز کے بعد کسی سے بات
نہ کرے بلکہ خاموشی سے اپنی جگہ جا کر پڑھنا شروع کر دے۔
بدھ، جمعرات اور جمعہ تین (۳) دن مسلسل بلاناغہ عمل کرنا ہے۔ وہ
کلمات جو بعد عصر پڑھنے ہیں یہ ہیں

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ

اس کے بعد یہ دعا مانگنی ہے۔

اَللّٰھُمَّ حَبِّبْ اِلَی فُلَانَۃَ بِنْتِ فُلَانَۃَ (یہاں لڑکی
اور اس کی ماں کا نام لے) حَتّٰی یَأْتِیَ اِلَیَّ خَاضِعًا ذَلِیْلًا
مِنْ غَیْرِ مُهْلَةٍ وَشَغِلْهُ بِمَحَبَّتِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ
شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

اگر لڑکی عمل کر رہی ہے لڑکے کے لئے تو فلاں بن فلاں (یہاں
لڑکے کا اور اس کے باپ کا نام لے)

# عملیات وتعویذات

(حضرت حافظ الحدیث مولانا محمد عبد اللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ)

## علم میں اضافہ اور ترقی اور علم کے حصول میں جملہ رکاوٹیں ختم

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ علم میں بڑی ڈگریاں حاصل کرے اور علم میں ترقی و اضافہ ہو اور ہر قسم کی رکاوٹیں چاہے مالی ہوں یا دماغی ختم ہو جائیں تو چاہیئے کہ مندرجہ ذیل عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ علم میں ترقی کرے گا اور جملہ رکاوٹیں ختم ہوں گی۔ وہ عمل یہ ہے۔

ہر فرض نماز کے بعد درود شریف تین مرتبہ پڑھے۔ پھر یہ آیت تین مرتبہ پڑھے۔

سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۭ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝

اس کے بعد گیارہ مرتبہ یہ کلمات پڑھے

رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا ۝

پھر آخر میں تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔

## ہر تکلیف، بیماری اور حاجت نیز دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

یہ عمل ہر تکلیف اور بیماری سے نجات دیتا ہے۔ جملہ حاجتوں کے پورا ہونے کا ذریعہ ہے اور دشمنوں کے شر و فتنہ اور ایذاء و تکلیف سے نجات دلاتا ہے۔ غرضیکہ جس ضرورت اور حاجت کے لئے یہ عمل کیا جائے گا انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ وہ عمل



یہ ہے۔

نماز فجر کے بعد اپنے معمولات (تلاوت قرآن مجید، درود و وظائف و نماز اشراق) سے فارغ ہونے کے بعد اول و آخر تین ۳ تین ۳ بار درود شریف پڑھیں اور درمیان میں کم از کم سات (۷) بار یا زیادہ سے زیادہ ایک سو (۱۰۰) بار یہ کلمات پڑھیں اور اپنے اوپر دم کریں۔

قادریہ سلسلہ کا درود شریف یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ۔

وہ کلمات یہ ہیں

يَا غِيَاثِيْ عِنْدَ كُلِّ كُرْبَةٍ وَّ مُجِيْبِيْ عِنْدَ كُلِّ دَعْوَةٍ وَّ مُوْنِسِيْ عِنْدَ كُلِّ وَحْشَةٍ وَّ مَعَاذِيْ عِنْدَ كُلِّ شِدَّةٍ وَّ رَجَائِيْ حِيْنَ تَنْقَطِعُ حِيْلَتِيْ ۔

**تنبیہ:** تمام عملیات و اوراد میں نیت محض رضاء خداوندی کرلے اس کی برکت سے مقاصد دینی و دنیاوی حاصل ہوں گے

## ہر قسم کے دشمن، موذی جانور سے حفاظت اور ہر ناگہانی مصیبت سے بچاؤ کے لئے

اگر کوئی آدمی دشمنوں کے نرغے میں پھنس جائے۔ یا موذی جانور سے واسطہ پڑ جائے یا کوئی ناگہانی مصیبت آجائے تو فوراً ان کلمات کا ورد شروع کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے نقصان سے

محفوظ رہے گا۔ اور ہر نماز کے بعد ایک سو بار پڑھ لیا کرے تو بحکم خدا ہر نقصان و مصیبت سے بچا رہے گا اور اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَغِثْنِیْ یَا رَحْمٰنُ

## چوری گیا ہوا مال یا غائب اور بھاگے ہوئے کی واپسی

اگر کوئی شخص بھاگ جائے یا غائب ہو جائے یا مال چوری ہو جائے اس کی واپسی کے لئے یہ آیت پندرہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اور ایک تسبیح پڑھنے کے بعد جس مقصد کے لئے دعا کرنی ہو اسی مقصد کے حصول کے لئے دعا کریں مثلاً مال کی بازیابی کی دعا یا کھوئے ہوئے آدمی یا غائب ہونے والے جانور کی دوبارہ آنے کے لئے دعا کرے۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبَّنَآ اِنَّکَ جَامِعُ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْہِ ط
اِنَّ اللّٰہَ لَا یُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۵

## برائے درد گردہ و پیشاب کی رکاوٹ ختم

ان آیات شریفہ کو باوضو کالی پکی روشنائی سے یا عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے لکھے اور پانی میں گھول کر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد گردہ سے نجات حاصل ہو گی اور پیشاب کا بند کھل جائے گا۔ بہت مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۵ وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی



لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۵

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۵ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۵

وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۵

## میاں بیوی میں محبت کے لئے

(از حضرت مولانا محمد عبداللہؒ درخواستیؒ و مولانا عبدالخالق صاحبؒ)

اگر میاں بیوی میں اختلاف رہتا ہو اور بات بات پر لڑائی ہوتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش دو عدد باوضو لکھے اور موم جامہ کرے اور تعویذ پر عطر و خوشبو لگائے یا اسے لوبان کی دھونی دے۔ مرد اپنے داہنے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ عورت اگر باندھنا چاہے تو گلے میں ڈال لے۔ یہ نقش صرف میاں بیوی کی محبت کے لئے ہے ناجائز محبت کے لئے کام نہیں کرے گا۔ دوسرا نقش لپیٹ کر دو پاک پتھروں کے درمیان دبا دے یا چوکھٹ کے اوپر کے حصہ میں لگا دے۔ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٧٨٦ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

| | | | |
|---|---|---|---|
| يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۝ يَا غَفَّارُ ١ | وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ يَا رَحِيْمُ ١٤ | وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۝ يَا كَرِيْمُ ١١ | اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝ يَا وَدُوْدُ ٨ |
| اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝ يَا وَدُوْدُ ١٢ | وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۝ يَا كَرِيْمُ ٧ | وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ يَا رَحِيْمُ ٢ | يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۝ يَا لَطِيْفُ ١٣ |
| وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ يَا لَطِيْفُ ٦ | يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ يَا رَحْمٰنُ ٩ | اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝ يَا رَحِيْمُ ١٦ | وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۝ يَا رَحْمٰنُ ٣ |
| وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۝ يَا رَحْمٰنُ ١٥ | اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝ يَا اَللّٰهُ ٤ | يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۝ يَا كَرِيْمُ ٥ | وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ يَا رَحِيْمُ ١٠ |

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْ قَلْبَ فلاں بن فلاں عَلٰى حُبِّ فلانة بنت فلانة بِحَقِّ وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝

ف: پہلے فلاں کی جگہ پر مرد اور اس کے والد کا نام لکھے اور دوسرے فلانہ کی جگہ پر عورت اور اسکی ماں کا نام لکھے۔ اگر عورت یہ چاہتی ہے کہ میاں لڑائی جھگڑا نہ کرے تو پہلے عورت اور اس کی ماں کا نام لکھے اور بعد میں مرد اور اس کے باپ کا نام لکھے۔

## تسخیر خلائق، مہربانی وسرخروئی اور رزق میں ترقی کے لئے

(از شاہ اھل اللہ صاحبؒ)

لوگوں کی تسخیر، لوگوں کی مہربانی اور ان کی نگاہ میں عزت



والا بننے اور رزق میں برکت اور ترقی کے لئے اسم یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کا نقش لکھے۔ حَیُّ کے عدد ١٨ اور قَیُّوْمُ کے ١٥٦ ہیں دونوں کے کل عدد ملا کر ١٧٤ ہوئے۔

یہ نقش جمعہ کے دن طلوع آفتاب (سورج نکلنے) کے وقت لکھا جاتا ہے لیکن شرط یہ ہے کہ چاند کی گیارہ تاریخ کو جمعہ ہو یا بارہ تاریخ کو جمعہ اگر گیارہ یا بارہ تاریخ چاند کا جمعہ نہیں ہے تو نہیں لکھا جائے گا۔

یہ نقش لکھنے والا ہمیشہ روزانہ بوقت طلوع آفتاب ایک سو چوہتر بار (١٧٤) یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ کا ورد جاری رکھے (یعنی روزانہ بلاناغہ پڑھتا رہے) نقش یہ ہے۔

٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٣٦ | ٤٩ | ٤٦ | ٤٣ |
| ٤٧ | ٤٢ | ٣٧ | ٤٨ |
| ٤١ | ٤٤ | ٥١ | ٣٨ |
| ٥٠ | ٣٩ | ٤٠ | ٤٥ |

## حسب پسند جگہ شادی

(از مولانا نور محمد صاحبؒ)

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ فلاں جگہ رشتہ ہو یا لڑکی یہ چاہتی ہے کہ فلاں جگہ رشتہ ہو تو مندرجہ ذیل نقش عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے باوضو لکھے۔ اور دو پاک پتھروں کے درمیان

اس طرح تعویذ کو رکھے کہ پتھر کا وزن تعویذ پر ہو۔ پتھر کم از کم دو کلو وزنی ہو اس سے کم نہ ہو اگر زیادہ وزن کا ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔ پتھر پاک زمین پر رکھے کسی تخت، چوکی وغیرہ پر نہ رکھے یہ نقش نوچندی پیر (سوموار کے دن) سورج نکلنے سے قبل رکھے۔ کنی عدد لکھ کر رکھ لے پھر جس کو دے اس کا نام معہ ولدیت اور مطلوبہ (عورت) کا نام معہ نام والدہ نقش کے نیچے لکھدے۔ اس نقش کا ھدیہ -/١٣٤ روپے (ایک سو چونتیس روپے) وصول کرے بلا ھدیہ کسی کو نہ دے اس نقش کی خانہ پُری اس طرح کرے کہ پہلے وہ چار خانے لکھے جس پر ۱ لکھا ہے پھر ۲ کے چار خانے پُر کرے۔ اسی ترتیب سے آٹھوں خانے پُر کرے نقش کے نیچے مرد اور اس کے والد کا نام الحب لکھے پھر مطلوبہ (عورت) کا نام اور اسکی والدہ کا نام لکھے۔ صرف جائز مقصد کے لئے کام کرے گا ناجائز کے لئے کامیاب نہ ہوگا۔ یہ نقش طالب (چاہنے والا) اپنے تکیہ کے نیچے بھی رکھ سکتا ہے۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ٣ | ولم | یولد | ولم | یکن |
| ٥ | هو | الله | احد | الله |
| ٧ | یولد | ولم | یکن | له |
| ١ | قل | هو | الله | احد |
| ٦ | الصمد | لم | یلد | ولم |
| ٤ | له | کفوا | احد | قل |
| ٢ | الله | الصمد | لم | یلد |
| ٨ | | کفوا | احد | |

فلاں بن فلاں علی حب فلانۃ بنت فلانۃ



## ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

ہر مقصد میں کامیابی اور ہر پریشانی سے نجات کے لئے ختم شریف حضرت محبوب سبحانی شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا کرے۔ پڑھنے والے طاق ہوں یعنی ایک ۱، تین ۳، پانچ ۵، سات ۷، نو ۹، گیارہ ۱۱، تیرہ ۱۳، پندرہ ۱۵ کے حساب سے ہوں جوڑا یعنی دو ۲، چار ۴، چھ ۶ کے حساب سے نہ ہوں۔

اول پانچ سو بار (٥٠٠) درود شریف پڑھیں، پھر پانچ سو (٥٠٠) بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ آخر میں پھر پانچ سو (٥٠٠) بار درود شریف پڑھ کر اس کا ثواب اس طرح حضرت محبوب سبحانیؒ کی روح کو بخشے۔ یعنی یہ کہے۔

اے اللہ۔ جو پڑھا گیا ہے اس کو قبول فرما اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں حضرت محبوب سبحانی شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کو اس کا ثواب پہنچے۔

اس کے بعد حل مقصد، اپنی حاجت، اپنی پریشانی سے نجات کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ دعا ضرور قبول ہوگی اور ہر پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔ عمل مجرب ہے۔

## برائے دفع ظالم دشمن

جس شخص پر کوئی ظالم ظلم کرتا ہو اور طرح طرح سے نقصان

پہنچاتا ہو اور جان سے ختم کرنا چاہتا ہو ایسے ظالم کے دفع ہونے کے لئے مندرجہ ذیل عمل کرے۔

بروز ہفتہ یا بروز اتوار کسی درخت کے ہرے پتے توڑ کر لائے اور سات مرتبہ باوضو درود شریف پڑھے۔ اس کے بعد یہ آیت سات بار پڑھے پھر سات بار درود شریف پڑھے۔ اور ان پتوں پر دم کرے اور ان پتوں کو درمیان سے توڑ کر یا کاٹ کر دو دو ٹکڑوں میں بانٹ لے اس طرح کہ ہر ایک پتے کا ایک حصہ الگ ہو اور دوسرا حصہ الگ پھر پہلے حصہ کے پتے بغل میں رکھے اور دوسرے حصہ کے پتے سر کے تکیہ کے نیچے رکھ کر سویا کرے۔ وہ آیت جو پڑھ کر پتوں پر دم کرنی ہے یہ ہے۔

وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّ اَشَدُّ تَنْكِيْلًا ۝

عرق گلاب میں زعفران حل کرکے (گھول کر) اس سے باوضو تعویذ لکھے اور لوبان کی دھونی دے کر موم جامہ کرکے سیدھے ہاتھ میں (بازو پر) باندھ لے یا ٹوپی (کلاہ۔ پگڑی) میں لگالے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ قف
اِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝
يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَلَا تَخَفْ قف اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ۝
لَا تَخَفْ وقفة نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝
لَا تَخَافَا اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ۝



لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا ج

نیز جب دشمن کے سامنے جائے یا اس کی شکل نظر آئے تو دس بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پڑھے اور دشمن اور حاکم کی طرف منہ کرکے پھونک دے انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوگی اور اگر مقدمہ ہوگیا ہے تو سورۃ قریش کامیابی اور ختم مقدمہ تک ہر روز بلاناغہ ایک سو مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو بار یہ کلمات پڑھے۔

وَاللّٰهُ هَادِيْ عَلٰى كَرَامَتِكَ اِعْتِمَادِيْ

انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے مقابلے میں مکمل کامیابی حاصل ہوگی۔ اور دشمن دفع ہوگا۔

سورۃ قریش یہ ہے۔

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

## برائے خرابی و ہلاکت دشمن

اگر کوئی دشمن جان سے مارنا چاہتا ہو یا جائیداد و مکان پر قبضہ کرکے بیٹھا ہے۔ حق پر غاصبانہ قابض ہے اس کے لئے یہ عمل مفید ہے۔

شنبہ (ہفتہ) کے دن چاند کی آخری تاریخوں (آخری عشرہ) میں ان آیات کو باوضو لکھ کر وہ کاغذ ایک شیشی میں رکھے اور اس شیشی پر درخت کے پتوں کا رس ڈال کر دشمن کے گھر میں وہ شیشی دفن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن طرح طرح کی آفات ومصائب میں مبتلا ہو کر خراب، برباد اور ہلاک ہوگا۔

شرط یہ ہے کہ بلاوجہ کسی پر ظلم نہ کرے اور یہ عمل کرنے سے قبل کسی نیک اور متقی عالم دین سے مشورہ کر لے۔ ورنہ زیادتی کرنے پر خود نقصان اٹھائے گا۔

آیات یہ ہیں۔

أَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ۝ إِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝ الَّتِي لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ۝ وَثَمُودَ الَّذِينَ جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ۝ وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ۝ الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ۝ فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ۝ فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۝ إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ۝

فَيَوْمَئِذٍ لَا يُعَذِّبُ عَذَابَهُ أَحَدٌ ۝ وَلَا يُوثِقُ وَثَاقَهُ أَحَدٌ ۝



# عمل برائے دفع جنات

(حضرت مولانا محمد عبد اللہ درخواستی رحمۃ اللہ علیہ)

جس کسی پر جنات کا سایہ ہو یا گھر میں جنات ہوں اور وہ اہل خانہ کو تنگ کرتے ہوں تو اس کے لئے یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ گھر سے جنات دفع ہوں گے اور جس شخص پر سایہ ہے وہ صحیح اور تندرست ہو جائے گا۔ عمل یہ ہے۔

اول درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ پھر سورۃ الفاتحہ سات بار۔ سورۃ الفاتحہ یہ ہے

سُورَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ ۝ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ ۝ مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ ۝ إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَإِيَّاكَ نَسْتَعِينُ ۝ اهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۝ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۝ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ۝

سورۃ بقرہ الٓمٓ سے المفلحون تک سات بار۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

الٓمٓ ۝ ذَٰلِكَ الْكِتَابُ لَا رَيْبَ ۛ فِيهِ ۛ هُدًى لِلْمُتَّقِينَ ۝ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيمُونَ الصَّلَاةَ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُونَ ۝ وَالَّذِينَ

يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ج
وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ
رَّبِّهِمْ ق وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

سات بار آیۃ الکرسی۔ آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ
وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط
مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ
مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ج وَلَا يُحِيْطُوْنَ
بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ ج وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَهُوَ الْعَلِيُّ
الْعَظِيْمُ ۝ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قف قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ
مِنَ الْغَيِّ ج فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ
فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ق لَا انْفِصَامَ لَهَا ط
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لا
يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ط وَالَّذِيْنَ
كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ لا يُخْرِجُوْنَهُمْ
مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ط اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ
النَّارِ ج هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ع

سات بار اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے آخر تک۔ وہ آیات یہ ہیں۔

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ط
كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف



لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ قف وَقَالُوْا سَمِعْنَا
وَاَطَعْنَا ق غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝ لَا
يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط لَهَا مَا كَسَبَتْ وَ
عَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ط رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ
اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا
حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ج رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا
مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقفة وَاغْفِرْ لَنَا وقفة
وَارْحَمْنَا وقفة اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ
الْكٰفِرِيْنَ ۝ع

سات بار اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا سے آخر تک

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا
لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ج لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ ج رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ
اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لا لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ لا فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ
عِنْدَ رَبِّهٖ ط اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ
رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ع

سات بار سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ وہ یہ ہے۔

سَلٰمٌ قف قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝

سات بار سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ الخ وہ آیت یہ ہے

سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝

سات بار سورۂ حشر کی آخری تین آیتیں۔ وہ یہ ہیں

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ
السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ
الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ
مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

سات بار یہ کلمات پڑھے

اَیُّهَا الْجَانُّ الْمَارِدُ اُخْرُجْ عَنَّا فَاِنْ لَّمْ تَخْرُجْ
عَنَّا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

یہ تمام آیات و کلمات باوضو پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض پر بھی دم کریں اور باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ مریض سارا دن یہی پڑھا ہوا پانی پیئے۔ سات دن عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ جنات خود بخود جل کر راکھ ہو جائیں گے۔ چھیڑ چھاڑ نہیں کرنی۔ انہی آیات کے عامل سے جنات میدان، گھر چھوڑ کر بھاگ جاتے ہیں۔

نیز جس گھر میں جنات کا دخل ہو اس گھر میں روز ایک وقت مقررہ پر سورۃ بقرہ بلند آواز سے پڑھی جاتے۔ اکتالیس دن۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنات اس گھر سے چلے جائیں گے۔

یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دیا جائے۔ یہ نقش حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ کا تعلیم فرمودہ ہے۔



نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱۵۶۷ | ۲۱۵۶۲ | ۲۱۵۶۹ |
| ۲۱۵۶۸ | ۲۱۵۶۶ | ۲۱۵۶۴ |
| ۲۱۵۶۳ | ۲۱۵۷۰ | ۲۱۵۶۵ |

## تمام جسمانی امراض کا علاج اور گناہوں سے چھٹکارہ

بارش یا چشمہ کا پانی لے (اگر نہ ملے تو کنوئیں، دریا، نہر کا پانی لے لے) اس پر ستر (۷۰) بار سورۃ فاتحہ مکمل۔ ستر (۷۰) بار آیۃ الکرسی۔ ستر (۷۰) بار سورۃ اخلاص مکمل۔ ستر (۷۰) بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ مکمل۔ ستر (۷۰) بار قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ مکمل پڑھ کر دم کرے۔

اس پانی کے پینے سے انشاء اللہ تعالیٰ تمام جسمانی امراض دور ہو جائیں گے۔ تمام امراض رگوں، پٹھوں، گوشت پوست اور ہڈیوں سے نکل جائیں گے۔ اور اگر کوئی شخص زنا عیاشی، شراب نوشی، بدنظری میں مبتلا ہو اس پانی کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ گناہوں سے ہٹ کر نیک نمازی اور عبادت گذار بن جائے گا۔ اگر کسی پکے اور نیک نمازی سے پڑھوا کر پیئے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ پکا نمازی بن جائے گا بڑا روحانی پر تاثیر عمل ہے۔

—

## برائے تسخیر و حب و رضا مندی

مرغی کے چار انڈے لے کر سورۂ فیل (پ۳۰) کو اس پر روشنائی سے باوضو لکھے اور ان چاروں انڈوں کو تالاب یا چشمے یا کنویں کے چاروں کونوں میں رکھ دے۔

جو لوگ اس تالاب یا چشمے یا کنویں کا پانی پئیں گے وہ سب اس شخص کے مطیع اور فرمانبردار ہوں گے۔

تنبیہ: یہ عمل تبلیغ کرنے والے یا دین کی نشر و اشاعت کرنے والوں کے لئے بہت مفید ہے۔

## فوطہ بڑھنے اور آنت اترنے کے لئے

اگر کسی کا فوطہ بڑھ گیا ہو یا آنت اترنے کا مرض پیدا ہو گیا ہو تو ایک روپے کا سکہ لے کر اس میں سنار سے کنڈہ لگوائیں اور آیت قعب (پ۴، ع۷) سات بار باوضو پڑھ کر اس پر دم کر کے ناف پر باندھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے افاقہ ہو گا۔

تنبیہ، ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ سے وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک پڑھے۔

## چوری، جلنے، ڈوبنے سے حفاظت

کسی چیز کو چوری، جلنے اور ڈوبنے سے محفوظ رکھنے کے لئے اصحاف کہف کا نقش بہت مجرب ہے اسی طرح بچوں کے اغواء



جلنے اور ڈوبنے سے حفاظت کے لئے یہ نقش باوضو لکھیں اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں پہنادیں (ڈال دیں) انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر طرح محفوظ رہے گا۔ نقش اصحاب کہف یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ | ۷ | ۱۴ |
| ۱۳ | ۱۱ | ۹ |
| ۸ | ۱۵ | ۱۰ |

## سحر جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی پر سحر یا جادو کا اثر ہو اور اس کی طبیعت خراب رہتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ سحر و جادو کے اثر سے نجات حاصل ہو گی وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۵۲۵۶ | ۵۲۴۹ | ۵۲۵۴ |
| ۵۲۵۱ | ۵۲۵۳ | ۵۲۵۵ |
| ۵۲۵۲ | ۵۲۵۷ | ۵۲۵۰ |

## اپنے مقصد میں کامیابی اور ترقی رزق کے لئے

اگر کوئی شخص قدم قدم پر ناکام ہوتا ہو یا رزق کے معاملے میں پریشان رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے

اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے انشاءاللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیاب ہوگا اور رزق میں ترقی ہوگی۔ نقش یہ ہے۔


٧٨٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ٨٤٦ | ٨٤٩ | ٨٥٢ | ٨٣٩ |
| ٨٥١ | ٨٤٠ | ٨٤٥ | ٨٥٠ |
| ٨٤١ | ٨٥٤ | ٨٤٧ | ٨٤٤ |
| ٨٤٨ | ٨٤٣ | ٨٤٢ | ٨٥٣ |

## بانجھ عورت کے بچہ ہونے کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو اور شادی کو کافی عرصہ گذرنے کے باوجود اولاد سے محروم ہے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈالے انشاءاللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

٧٨٦






## برائے علاج چیچک و خسرہ

اگر کسی بچہ یا بڑے کو چیچک یا خسرہ کا مرض لپٹ گیا ہو تو اس کے لئے سات عدد ثابت چاول (چاول ٹوٹے ہوئے نہ ہوں) لے کر ہر ایک چاول پر سات بار سورۂ کوثر پڑھے سورۂ کوثر کے اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھے۔ اسی طرح روزانہ پڑھ پڑھ کر تین دن تک کچے چاول کھلائے انشاءاللہ تعالیٰ صحت حاصل ہو گی۔

درود شریف اور سورۂ کوثر یہ ہیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

سورہ کوثر یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۝ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۝
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۝

## جنات وشیاطین کے گھر میں پتھر پھینکنے سے نجات

اگر کسی گھر میں جنات و شیاطین پتھر پھینکتے ہوں تو اس کے لئے باوضو اصحاب کہف کے نام ایک کاغذ پر لکھے اور دروازے کے بالکل سامنے والی دیوار پر اور باہر کے دروازے کے اوپر چسپاں کردے (لگادے) انشاء اللہ تعالیٰ پتھر آنے بند ہوجائیں گے اصحاب کہف کے نام یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ یَمْلِیْخَا۔ مَکْسَلْمِیْنَا۔ کَشْفُوْطَطْ۔ تَبْیُوْنَسْ۔ آذَرْ فَطْیُوْنَسْ۔ کَشَا فَطْیُوْنَسْ۔ یُوَانُسْ بُوْسْ۔ وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرٌ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَائِرٌ۔

## نظر کی کمزوری دور کرنے کے لئے

اگر کسی کی نگاہ کمزور ہو اور کم دکھائی دیتا ہو تو اس کے لئے ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ یہ آیت پڑھ کر انگلیوں کے پوروں پر دم کرکے آنکھوں پر لگالے انشاء اللہ تعالیٰ بینائی تیز ہوجائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَکَشَفْنَا عَنْکَ غِطَآءَکَ فَبَصَرُکَ الْیَوْمَ حَدِیْدٌ ۝

---



## ہر قسم کے درد سے نجات

ریحانی درد یا اعصابی یا کسی دوسری قسم کا سب قسم کے دردوں سے نجات کے لئے ایک سو بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر درد کی جگہ دم کریں یا مریض کے ہاتھ پر دم کردیں وہ مقام درد پر پھیرلے۔ تین دن تک مسلسل بلاناغہ دم کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

## مردہ شخص کو خواب میں دیکھنا

اگر کوئی شخص انتقال کرگیا ہو اور اس کا عزیز قریب اسے خواب میں دیکھنے اور بات کرنے کی آرزو رکھتا ہو تو جمعہ کی رات (جمعرات کے بعد والی اور جمعہ کے دن سے پہلے آنے والی رات) میں سورۃ التکاثر (پ ۳۰) ایک سو تیرہ مرتبہ باوضو پڑھے اور دائیں کروٹ سوجائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مردہ خواب میں دکھائی دے گا اور بات چیت بھی کرے گا۔ یہ عمل مجرب ہے۔

سورۃ تکاثر یہ ہے۔

سُوْرَۃُ التَّکَاثُرِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ ۝ حَتّٰی زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۝ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ ثُمَّ کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝ کَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْیَقِیْنِ ۝ لَتَرَوُنَّ الْجَحِیْمَ ۝ ثُمَّ لَتَرَوُنَّھَا

عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۙ ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ۚ

## جنّات اینٹ پتھر پھینکتے ہوں

جس مکان پر جنات اینٹ پتھر پھینکتے ہوں۔ اس کی روک تھام کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر روزانہ اس گھر میں جلائے۔ جب تک اینٹ پتھر آنے بند نہ ہوں برابر جلاتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ جنات اینٹ پتھر پھینکنا بند کردیں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۷ | ۱۴ |
| ۱۵ | ۶ | ۱۲ | ۱ |
| ۱۰ | ۳ | ۱۳ | ۸ |
| ۵ | ۱۶ | ۲ | ۱۱ |

## درد کمر (پیٹھ کا درد) درد پہلو اور درد بازو

اگر کسی شخص کی کمر میں یا پہلو میں یا بازوؤں میں سخت درد ہو اور چین نہ پڑتا ہو تو سورۃ مزمل (پ۲۹) تین بار باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی اور درد ختم ہو جائے گا۔

## حافظہ اور یادداشت کو مضبوط بنانا

اگر کسی بچہ کی یادداشت کمزور ہو اور وہ پڑھ کر بھول جاتا ہو



تو اس کے لئے تازہ روٹی پکا کر اس پر باوضو سات بار "یا اللہ" لکھیں اور صبح سویرے نہار منہ (صبح اٹھنے کے بعد کچھ نہ کھایا ہو اسی صورت میں) اس کند ذہن بچہ کو کھلادیں انشاء اللہ تعالیٰ ذہن مضبوط اور قوت حافظہ بہت قابل رشک ہو جائے گی۔ یہ عمل سات دن یا گیارہ دن یا اکیس دن تک کرے۔

## برائے یرقان (پیلیہ)

اگر کسی کو پیلیہ (یرقان) ہو جائے جس میں آنکھوں کا رنگ پیلا ہو جاتا ہے اور مریض کا جگر کام نہیں کرتا ایسے مریض کے لئے اول و آخر باوضو گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں ایک سو ایک بار یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو روزانہ پلائے انشاء اللہ تعالیٰ پیلیہ سے نجات حاصل ہوگی۔ آیت کے ساتھ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بھی پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے۔

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۔


نیز کلونجی پر بھی دم کر کے شہد میں وہ کلونجی پیس کر ملائے اور مریض کو روزانہ کھلائے۔

## آدھے سر کا درد

جس شخص کے آدھے سر میں درد ہو (آدھاسیسی) وہ

مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کی پیشانی (ماتھے) پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آدھا سیسی کے درد سے شفاء حاصل ہوگی۔ مجرب ہے۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶



## سردی سے آنے والا بخار

اگر کسی بچہ یا بڑے کو سردی سے بخار آتا ہے تو باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھے اور بخار سے قبل کالے کپڑے میں لپیٹ کر مریض کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بخار نہیں آئے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

## ناف ٹلنے یا ناف میں درد سے نجات

مندرجہ ذیل نقش ناف جگہ سے ہٹ جائے یا پیٹ میں درد



رہتا ہو یا ناف میں درد ہو سب کے لئے مفید ہے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھیں اور موم جامہ کر کے ناف پر باندھیں کہ ناف سے اِدھر اُدھر نہ ہو۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۶۶۹ | ۵۶۷۲ | ۵۶۷۶ | ۵۶۶۲ |
| ۵۶۷۵ | ۵۶۶۳ | ۵۶۶۸ | ۵۶۷۳ |
| ۵۶۶۴ | ۵۶۷۸ | ۵۶۷۰ | ۵۶۶۷ |
| ۵۶۷۱ | ۵۶۶۶ | ۵۶۶۵ | ۵۶۷۷ |

## بچہ کی جلد پیدائش کے لئے

اگر کسی عورت کے بچہ پیدا ہونے کا وقت قریب ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور سفید کپڑے میں لپیٹ کر ناف کے اوپر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ درد دور ہوگا اور فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ بچہ پیدا ہوتے ہی نقش کو فوراً کھول کر علیحدہ کر دے ورنہ آنتیں باہر آنے کا خطرہ ہے لہٰذا احتیاط کو دے بے پرواہ کو نہ دے کہ جان کے لالے پڑ جائیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۹ | ۴ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۶ | ۱ | ۸ |

# کھیت سے یا گھر سے چوہے بھگانا

چوہوں کو بھگانے کے لئے چار کورے مٹکوں کی ٹھیکری لے (ایسا مٹکا جس کو پانی نہ لگا ہو) اور ان پر باوضو یہ نقش لکھے اور ان ٹھیکریوں کو گھر یا کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دے انشاء اللہ تعالیٰ چوہے بھاگ جائیں گے اور اس کھیت یا مکان میں پھر نہ آئیں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

# مرغی کے انڈہ دینے کے لئے

اگر کسی کی مرغی انڈہ نہ دیتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مرغی کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی انڈہ دینے لگے گی۔ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

| | |
|---|---|
| سف | سف |
| سف | سف |



# استحاضہ کا خون بند کرنا

اگر کسی عورت کو ماہواری کے ایام سے زیادہ دن خون جاری رہے تو اس کو بند کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھیں اور موم جامہ کر کے کمر میں باندھیں اور چند نقش اور لکھیں اور باوضو گھول کر مریضہ کو پلائیں۔ تعویذ گھولنے والا باوضو ہو پینے والے کے لئے غسل یا وضو ضروری نہیں ہے۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ق | ا | ب | ض |
| ض | ب | ا | ق |
| ا | ق | ض | ب |
| ب | ض | ق | ا |

# دو افراد کے درمیان جدائی

اگر ناجائز دوستی کو ختم کرنا ضروری ہو یا دو دشمنوں میں نفاق ڈالنا مصلحتاً ہو تا کہ دشمنی سے باز آجائیں تو اس کے لئے عامل زوال کے وقت غسل کرے (زوال کا وقت وہ ہے جب سورج عین سر کے اوپر ہو اور انسان کا سایہ قدموں پر پڑے۔ اس کے بعد سورج مغرب کی سمت آگے بڑھ جائے تو اس وقت کو زوال کا وقت کہتے ہیں یہ موسم کے اعتبار سے بدلتا رہتا ہے) اور تہبند باندھے پھر دو رکعت نماز نفل پڑھ کر اول و آخر سات سات

بار درود شریف پڑھے اور ایک سو ایک (۱۰۱) نمک کی کنکریاں (نمک کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے) لے اور ہر کنکری پر نیچے لکھی ہوئی آیت پڑھ کر پھونکے اور اس کنکری کو کوئلہ کی آگ پر ڈالتا جائے۔ تین (۳) دن تک یہ عمل کرے۔ جن دو (۲) آدمیوں کے درمیان جدائی منظور ہو ان کا نام اور والدہ کا نام بھی ساتھ ساتھ لیتا جائے اور اگر ایک مرد اور ایک عورت ہو تو عورت اور اس کی والدہ کا نام لے۔

وہ آیت یہ ہے۔

وَأَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَاءَ إِلَىٰ يَوْمِ الْقِيَامَةِ ۚ

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد کے لئے یا کسی کو ستانے کے لئے کرے گا یا گھر والوں کو باہم لڑانے کے لئے کرے گا تو خود بھی ذلیل و خوار ہوگا۔ اور دنیا و آخرت دونوں میں رسوا ہوگا۔

## مکان کو آسیب، جن، سحر اور جادو سے محفوظ کرنا

اگر کوئی شخص مکان کو آسیب، جن، سحر اور جادو کے اثرات سے محفوظ کرنا چاہتا ہے تو اس کے لئے لوہے کی چار (۴) میخ لے (بڑی کیل جس کو لوہار لوہے کو سرخ کر کے ہتھوڑے سے بناتا ہے) اور پہلی میخ پر باوضو سات بار نیچے لکھی ہوئی آیت پڑھ کر پھونک مارے۔ پھر اسی طرح سات بار آیت ذیل پڑھ کر دوسری میخ پر پھونک مارے۔ اسی طرح چاروں کیلوں پر سات سات بار پڑھ کر پھونک مارے (یعنی دم کرے) اور ان میخوں کو مکان



اگر کسی کا دشمن بہت شر پسند ہو اور طرح طرح سے ظلم کرتا ہو اس کے شر کو ختم کرنے کے لئے سات عدد سرخ گھونگچی لے اور ہر گھونگچی کے دانہ پر باوضو سات مرتبہ سورۃ یٰسین شریف مکمل پڑھے اور دم کرے اسی طرح سات سات بار ہر گھونگچی پر پڑھے اور دم کرے اور وہ گھونگچی دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن تباہ و برباد ہو گا۔ لیکن شرط یہ ہے کہ صرف جائز مقصد اور بالکل انتہا پر پہنچنے کے بعد یہ عمل کرے اور بہتر یہ ہے کہ کسی نیک طینت متقی عالم دین کے سامنے ساری صورت حال صحیح صحیح بیان کر کے مشورہ لے اگر اجازت دیں تو کرے



ورنہ صبر کرے اور خدا تعالیٰ سے دشمن کی ہدایت کی دعا کرے۔

## لڑکا پیدا ہونے کے لئے

اگر کسی عورت کے لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں لڑکا پیدا نہیں ہوتا تو اس کے لئے یہ عمل اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بہت مفید ہے۔

چرخے سے کاتے ہوئے سوت (دھاگے) کے اکتالیس (۴۱) تار (دھاگے) لے اور عورت کی پیشانی کے اوپر سے جہاں سے سر کے بال شروع ہوتے ہیں وہاں سے لے کر پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن تک ناپ کر ایک گنڈہ بنائے۔ پھر باوضو سورۃ یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے جب پہلا مبین آئے اس گنڈے میں ایک گرہ لگا دے پھر دوبارہ شروع سے سورۃ یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے اور دوسرے مبین پر دوسری گرہ لگا دے۔ سورۃ یٰسین شریف میں سات جگہ مبین کا لفظ آیا ہے اس لئے سات گرہ لگیں گی اور ہر مبین پر گرہ لگا کر سورۃ یٰسین شریف کو دوبارہ شروع سے پڑھنا ہو گا۔ جب آخری مرتبہ گرہ لگائے گا تو ساتویں مبین پر گرہ لگا کر سورۃ پوری کر لے۔ یہ گنڈہ عورت کی ناف کے نیچے باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہو گا۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد بچے کو نہلا کر اس کے گلے میں گنڈا ڈال دے۔ اور سات سال بعد سمندر، دریا، نہر، چشمہ

یا تالاب میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ تندرست رہے گا۔

## افسر، حاکم یا بادشاہ ناراض ہو

اگر کسی کا افسر، حاکم یا سربراہ ناراض ہو اس کو خوش کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت کو باوضو کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سب ناراض راضی اور خوش ہو جائیں گے۔ وہ آیت یہ ہے۔ اس طرح لکھیے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ

## برائے درد سر، آدھے سر کا درد، آنکھوں کا درد، کان کا درد، دانتوں کا درد، پیٹ کا درد، نظر بد، سوتے میں ڈرنا

مندرجہ ذیل نقش درد سر، آدھے سر کا درد، آنکھوں کا درد، کان کا درد، دانتوں کا درد، پیٹ کا درد، نظر بد اور سوتے میں ڈر خوف سے بحکم خدا تعالیٰ نجات دیتا ہے۔ ان دونوں نقش کو درج ذیل طریقے پر باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے۔ یا سر میں (ٹوپی، پگڑی میں سی لے)



باندھ لے (عورت چوٹی میں باندھ لے) یا مرد دائیں بازو پر اور عورت بائیں بازو پر باندھ لے۔ وہ نقش یہ ہیں۔

۷۸۶ وھ ۔۔۔ ھھھھھ ۷۸۶ ۶۶۶۶۶۶۶۶۶

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ | |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ | م ص |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ | |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ | |

## جاڑہ چڑھ کر آنے والا بخار

مریض کو بخار آنے سے پہلے اس قدر جاڑہ چڑھتا ہے کہ مریض بُری طرح کانپتا ہے اور اس کو رضائیوں سے ڈھانپنا پڑتا ہے۔ اس کا تمام بدن لرزتا رہتا ہے۔ اس بخار کے دفع ہونے کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور جاڑہ (سردی) چڑھنے سے قبل سیدھے بازو پر باندھے۔ اگر سردی چڑھ کر بخار آجائے تو دوسرے دن سردی چڑھنے سے قبل بائیں (الٹے) بازو پر باندھ دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بخار دفع ہو جائے گا۔ مریض صحتیاب ہوگا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۷۸۶

یا محیط ۔ یا محیطط ۔ یا محیططا

## جملہ مشکلات میں کامیابی کے لئے

اگر مشکلات پیش آگئیں ہوں اور ان سے نجات نہ ملتی ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھیں۔ اور اپنے سامنے رکھ کر اس نقش کو دیکھتے رہیں اور ہر روز اول ستر (۷۰) بار سورۃ اخلاص اس کے بعد مندرجہ ذیل کلمات بھی ستر (۷۰) بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام مشکلات حل ہوں گی اور جملہ رکاوٹیں دور ہوں گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| حَسْبُنَا | اَللّٰهُ | وَنِعْمَ | اَلْوَكِيْلُ |
|---|---|---|---|
| ۱۲۱ | ۶۶ | ۱۶۶ | ۹۷ |
| ۱۶۷ | ۹۶ | ۱۲۲ | ۶۵ |
| ۹۵ | ۱۶۴ | ۶۸ | ۱۲۳ |
| ۶۷ | ۱۲۴ | ۹۴ | ۱۶۵ |

سورۃ اخلاص یہ ہے

سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

وہ کلمات یہ ہیں۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ



## پیشاب یا پاخانہ کا بند ہونا

اگر خدانخواستہ پتھری کے سبب یا کسی اندرونی چوٹ کے سبب پیشاب بند ہو جائے یا پاخانہ بند ہو جائے تو اس کے لئے باوضو سورۃ تکاثر چینی کی سفید پلیٹ (بغیر پھول والی) پر یا کسی کاغذ پر لکھے اور پانی میں گھول کر مریض کو پلاتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب یا پاخانہ کی بندش کھل جائے گی۔ سورۃ تکاثر یہ ہے۔

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ ۙ حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ۗ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۗ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ۗ لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ۙ ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ۙ ثُمَّ لَتُسْئَلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ

## برائے دفع جن

اگر کسی بچہ کو یا کسی عورت کو جن لپٹ گیا ہو اور جان نہ چھوڑتا ہو تو اس کے لئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکتوب مبارک بنام جنات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالےٰ جن سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ خط یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

هٰذَا كِتَابٌ مِّنْ مُّحَمَّدٍ رَّسُوْلِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اِلٰى مَنْ طَرَقَ الدَّارَ مِنَ الْعُمَّارِ وَالزُّوَّارِ وَالسَّآئِحِيْنَ اِلَّا طَارِقًا يَّطْرُقُ بِخَيْرٍ يَّا رَحْمٰنُ۔ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَكُمْ فِى الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ تَكُ عَاشِقًا مُّوْلِعًا اَوْ فَاجِرًا مُّقْتَحِمًا اَوْ رَاعِيًا حَقًّا مُّبْطِلًا هٰذَا كِتَابُ اللّٰهِ يَنْطِقُ عَلَيْنَا وَعَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝ وَرُسُلُنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ اُتْرُكُوْا صَاحِبَ كِتَابِىْ هٰذَا وَانْطَلِقُوْا اِلٰى عَبَدَةِ الْاَصْنَامِ وَاِلٰى مَنْ يَّزْعَمُ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ كُلُّ شَىْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۝ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ تُغْلَبُوْنَ حٰمٓ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝ حٰمٓ عٓسٓقٓ تَفَرَّقَ اَعْدَآءُ اللّٰهِ وَبَلَغَتْ حُجَّةُ اللّٰهِ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۝ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ج وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝

## برائے بندش پیشاب (مرض پتھری یا بیماری کے سبب پیشاب بند ہونا)

اگر پتھری کے سبب یا کسی چوٹ وغیرہ یا کسی اندرونی مرض کے سبب کسی کا پیشاب بند ہو جائے اور پیشاب جاری نہ ہو تو باوضو مندرجہ ذیل آیت لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالے۔



انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی پیشاب کی بندش کھل جائے گی۔

شروع میں بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ لکھے اس کے بعد یہ آیت لکھے

فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ۝ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ۝

## بانجھ عورت کے لئے

اگر کوئی عورت بانجھ ہو یا عرصہ دراز سے حمل نہ ٹھہرتا ہو تو آیت ذیل باوضو عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے باوضو ہرن کی جھلی پر لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کی کمر میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاملہ ہو جائے گی۔ اس آیت کو لکھنے سے قبل بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بھی لکھے

وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى ط بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا ۝

## دفع آسیب کے لئے

اگر کسی بچے، بچی یا عورت کو آسیب لپٹ جائے یا کسی مرد کو آسیب پکڑ لے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں باندھ دے۔ موم جامہ کا کپڑا کالے یا نیلے رنگ کا ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہو گی اگر کچھ اثرات پھر بھی محسوس ہوں تو

نقش ذیل کو باوضو لکھ کر رکھ لے اور روزانہ ایک نقش پانی میں باوضو گھول کر مریض کو پلا دیا کرے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۶۸۱۵۸ | ۶۸۱۶۱ | ۶۸۱۶۴ | ۶۸۱۵۱ |
| ۶۸۱۶۳ | ۶۸۱۵۲ | ۶۸۱۵۷ | ۶۸۱۶۲ |
| ۶۸۱۵۳ | ۶۸۱۶۶ | ۶۸۱۵۹ | ۶۸۱۵۶ |
| ۶۸۱۶۰ | ۶۸۱۵۵ | ۶۸۱۵۴ | ۶۸۱۶۵ |

## آسیب و سحر سے نجات کے لئے

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو یا آسیب نے سحر کرا دیا ہو۔ کسی دشمن نے سحر کرا دیا ہو تو اس کے دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کالے یا نیلے کپڑے میں کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے اور اکتالیس[۴۱] تعویذ لکھ کر رکھ لے اور مریض کو روزانہ باوضو پانی میں گھول کر ایک تعویذ پلا دیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب اور سحر سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۳۹۰۹ | ۳۹۰[illegible] | ۳۹۱۱ |
| ۳۹۱۰ | ۳۹۰۸ | ۳۹۰۶ |
| ۳۹۰۵ | ۳۹۱۲ | ۳۹۰۷ |



## آسیب و سحر کے دفع ہونے کے لئے

اگر کسی پر آسیب یا سحر کا اثر ہے اور اس کے اثر سے گم سم رہتا ہے نہ کھانے کا ہوش نہ کپڑے بدلنے کا خیال، اپنے خیالوں میں مست کسی کی طرف کوئی دھیان نہیں۔ ایسی صورت ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے اور اکتالیس[۴۱] نقوش باوضو لکھ کر رکھ لے اور باوضو روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر پابندی کے ساتھ بلاناغہ مریض کو پلاتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ مریض سے آسیب اور سحر کے اثرات دفع ہوں گے اور مریض صحت مند اور باہوش ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔


۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۷ | ۳۰ | ۳۳ | ۲۰ |
| ۳۲ | ۲۱ | ۲۶ | ۳۱ |
| ۲۲ | ۳۵ | ۲۸ | ۲۵ |
| ۲۹ | ۲۴ | ۲۳ | ۳۴ |


## مکان سے جن، آسیب و سحر کا اثر ختم کرنا

اگر کسی مکان یا جگہ پر جنات یا آسیب یا سحر کے اثرات ہوں۔ اس جگہ پر باوضو نقش ذیل ایک کاغذ پر لکھے اور ایک بڑے گتے پر چپکا کر یا فریم کرا کے گھر میں اس طرح لگائے کہ

نقش دروازے کے بالکل سامنے ہو۔ اس طرح




وہ نقش یہ ہے۔




## رقم یا سامان کی چوری یا اینٹ پتھر سے حفاظت

اگر کسی گھر میں جنات اینٹ پتھر پھینکتے ہوں یا گھر سے رقم مال یا اشیاء چراتے ہوں یا اٹھا کر لے جاتے ہوں تو ایسی صورت میں باوضو یہ طلسم لکھے اور فریم کرا کے یا گتے پر چپکا کر مکان



کے دروازے کے مقابل بالکل سامنے دیوار پر لگا دے انشاء اللہ تعالیٰ چوری بند ہو جائے گی اور اینٹ پتھر آنا بھی بند ہو جائیں گے وہ طلسم یہ ہے۔

مصلح مصلح مصلح مصلح مصلح مصلح

## آسیب و جنّات کے شر سے حفاظت

اگر کسی مکان میں آسیب یا جنات اینٹ، پتھر پھینکتے ہوں یا نئے نئے طریقوں سے ڈراتے یا ستاتے ہوں ان کے لئے آیہ کریمہ کا نقش باوضو لکھے اور گتے پر چپکا کر یا فریم کر کے اس کو دیوار پر دروازے کے بالکل سامنے دیوار پر لگا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر جنات و آسیب کے اینٹ پتھر اور عمل دخل سے محفوظ ہو جائے گا۔ اور ہر قسم کا ڈر خوف ختم ہو جائے گا۔

وہ نقش معظم یہ ہے۔

جبرائیلؑ — بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ — میکائیلؑ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| لَآ اِلٰہَ | اِلَّآ اَنْتَ | سُبْحٰنَکَ | اِنِّیْ | کُنْتُ | مِنَ الظّٰلِمِیْنَ |
| اِلَّآ اَنْتَ | سُبْحٰنَکَ | اِنِّیْ | کُنْتُ | مِنَ الظّٰلِمِیْنَ | لَآ اِلٰہَ |
| سُبْحٰنَکَ | اِنِّیْ | کُنْتُ | مِنَ الظّٰلِمِیْنَ | لَآ اِلٰہَ | اِلَّآ اَنْتَ |
| اِنِّیْ | کُنْتُ | مِنَ الظّٰلِمِیْنَ | لَآ اِلٰہَ | اِلَّآ اَنْتَ | سُبْحٰنَکَ |
| کُنْتُ | مِنَ الظّٰلِمِیْنَ | لَآ اِلٰہَ | اِلَّآ اَنْتَ | سُبْحٰنَکَ | اِنِّیْ |
| مِنَ الظّٰلِمِیْنَ | لَآ اِلٰہَ | اِلَّآ اَنْتَ | سُبْحٰنَکَ | اِنِّیْ | کُنْتُ |

اسرافیلؑ — عزرائیل

## بُرے اور ڈراؤنے خواب سے نجات

اگر کسی کو بُرے اور ڈراؤنے خواب ہوتے ہوں اور وہ خواب میں ڈرتا ہو یا بار بار جھٹکے سے آنکھ کھل جاتی ہو تو اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھے اور کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بُرے اور ڈراؤنے خوابوں سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۴ | ۲۵۷ | ۲۶۰ | ۲۴۶ |
| ۲۵۹ | ۲۴۷ | ۲۵۳ | ۲۵۸ |
| ۲۴۸ | ۲۶۲ | ۲۵۵ | ۲۵۲ |
| ۲۵۶ | ۲۵۱ | ۲۴۹ | ۲۶۱ |

## ڈراؤنے خوابوں سے نجات

اگر کوئی شخص ڈراؤنے خواب کثرت سے دیکھتا ہو تو اس کی روک تھام کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ڈراؤنے خوابوں سے نجات حاصل ہوگی۔



وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱ |
| ۱۳ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۱۶ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۱۵ |

## باآسانی بچہ کی پیدائش کے لئے

اگر کسی عورت کے بچہ ہونے کا وقت قریب ہو تو آیت ذیل باوضو سات بار پڑھ کر گڑ پہ دم کر دے۔ وہ گڑ عورت کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد بچہ پیدا ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۙ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۙ

وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۙ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۙ

## زچہ اور بچہ کی حفاظت کے لئے

نقش ذیل ہر قسم کے شر، نظر بد، رونے چلانے اور آسیب کے اثر سے زچہ اور بچہ کی حفاظت کے لئے کارآمد ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے ایک نقش زچہ کے گلے میں ڈال دے اور دوسرا نقش

بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ زچہ اور بچہ ہر قسم کے اثرات بد سے محفوظ رہیں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۳۲۷۴ | ۱۱ | ۸ |
| ۱۲ | ۷ | ۲ | ۳۲۷۳ |
| ۶ | ۹ | ۳۲۷۶ | ۳ |
| ۳۲۷۵ | ۴ | ۵ | ۱۰ |

## بچّے کی ہر طرح سے حفاظت کے لئے

اگر بچہ بہت ہی کمزور، لاغر اور دبلا پتلا ہو، دودھ پی کر الٹی کرتا ہو، دودھ نہ پیتا ہو، ہرے پیلے دست کرتا ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے ایک بچہ کے گلے میں ڈال دیں اور دوسرا بچہ کی ماں کے گلے میں ڈال دیں۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۳۹ | ۴۵۳ | ۴۵۰ | ۴۴۶ |
| ۴۵۱ | ۴۴۵ | ۴۴۰ | ۴۵۲ |
| ۴۴۴ | ۴۴۸ | ۴۵۵ | ۴۴۱ |
| ۴۵۴ | ۴۴۲ | ۴۴۳ | ۴۴۹ |



## پیٹ کے درد کے لئے

سورۃ قریش کو باوضو گیارہ "۱۱" بار پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کے درد سے نجات حاصل ہوگی۔ سورۃ قریش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَاۗءِ وَالصَّيْفِ ۚ فَلْيَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۙ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ڏ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۧ

## برائے دردِ سر

انگوٹھا اور شہادت کی انگلی سے پیشانی کو پکڑ کر باوضو تین "۳" مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین "۳" بار دم کرنے کی برکت سے درد سر دور ہوگا۔ الحمد شریف یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۭ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ڏ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّاۗلِّيْنَ ۧ

## بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کوئی آدمی، بچہ، عورت، بچی، جانور، نوکر بھاگ جائے اور اس کا پتہ نہ چلے تو اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے لوبان یا اگربتی کی دھونی دے کر انار کے درخت یا کسی پھل دینے والے درخت میں لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بھاگا ہوا فوراً واپس آجائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

الٰہی بحرمت ۷۸۶ این نقش

فلاں بن فلاں

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ۶ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |

بے چین و بے قرار گردد تا وقتیکہ حاضر آید

## برائے ترقی روزگار

اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں باندھے اگر مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھے، دوکان میں لگائے یا غلہ میں رکھے۔ اس نقش کی برکت سے کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔ یہ نقش مجرب ہے۔ (نقش اگلے صفحہ پر)



۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| یارزّاقُ | یافتّاحُ | یاباسِطُ | یاوھّاب |
| یاوھّاب | یاباسِطُ | یافتّاحُ | یارزّاقُ |
| یافتّاحُ | یارزّاقُ | یاوھّابُ | یاباسِطُ |
| یاباسِطُ | یاوھّابُ | یارزّاقُ | یافتّاحُ |

## برائے سردی کا بخار

اگر کسی کو سخت جاڑہ چڑھ کر بخار آئے تو باوضو آیت ذیل لکھے اور بخار جاڑہ آنے سے قبل پانی میں گھول کر مریض کو پلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی اور بخار نہ آئے گا۔

وہ آیت یہ ہے۔

قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ ٥

## اولاد کے لئے

اگر کسی عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو تو گیارہ چھوہارے لے کر باوضو سورۃ مزمل مکمل (پ ۲۹) ایک بار پڑھ کر ایک چھوہارے پر دم کرے اسی طرح ایک ایک بار پڑھ کر ایک ایک کرکے گیارہ چھوہاروں پر دم کرے۔ یعنی سورۃ مزمل گیارہ بار پڑھنی ہے۔ جس روز عورت ایام حیض سے پاک ہو اسی دن سے چھوہارے کھانا شروع کردے روزانہ ایک چھوہارہ کھائے اور شوہر کے ساتھ ہم بستر ہو انشاء اللہ تعالیٰ حمل

ٹھہر جائے گا اور بچہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

## لوگوں میں باعزت وباوقار ہونا

جو شخص چاہے کہ لوگوں میں اس کی خوب عزت ہو اور ہر طرف اس کا وقار قائم ہو اس کے لئے باوضو نقش ذیل لکھے اور موم جامہ کرکے لوبان یا اگربتی کی دھونی دے کر اگر مرد ہے تو سیدھے بازو پر باندھے اگر عورت ہے تو الٹے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶ | ۲۹ | ۲۶ | ۲۳ |
| ۲۷ | ۲۲ | ۱۷ | ۲۸ |
| ۲۱ | ۲۴ | ۳۱ | ۱۸ |
| ۳۰ | ۱۹ | ۲۰ | ۲۵ |

## بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی بھاگ گیا ہو یا گم ہوگیا ہو یا کوئی جانور غائب ہوگیا ہو اس کے واپس لانے کے لئے مندرجہ ذیل تعویذ لکھیں اور نیچے بھاگنے والے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھیں اگر جانور ہے تو اگر اس کا کوئی نام رکھا ہوا ہے تو وہ لکھیں ورنہ اس کی نسل کا نام لکھیں مثلاً بکری، بھیڑ، بھینس وغیرہ وغیرہ۔ وہ تعویذ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)



۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| بسم | الله | الرحمٰن | الرحیم |
| الرحیم | الرحمٰن | الله | بسم |
| الله | بسم | الرحیم | الرحمٰن |
| الرحمٰن | الرحیم | بسم | الله |

نام گمشدہ و نام والدہ ______

## کھوئے ہوئے کو خواب میں دیکھنا

اگر کسی کا عزیز گم ہوگیا یا گھر سے فرار ہوگیا اس کی بابت دل پریشان ہے کہ وہ کس حال میں ہے کہاں ہے۔ زندہ ہے یا مر گیا ہے۔ اس کے لئے یہ عمل مفید ہے۔ بعد نماز عشاء

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

گیارہ سو (۱۱۰۰) بار باوضو پڑھے اور وضو کی حالت میں سو جائے۔ بحکم خدا اس عزیز کا صحیح حال معلوم ہو جائے گا۔ اگر پہلے روز حال معلوم نہ ہو تو یہ عمل برابر کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ

عزیز کا حال چند دن بعد ضرور معلوم ہو جائے گا۔

## غائب شخص کو خواب میں دیکھنا

اگر کوئی بچہ یا بڑا گھر سے غائب ہو گیا اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر دائیں (سیدھے) بازو پر باندھ کر باوضو سو جائیں انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی غائب ہونے والے کا حال خواب میں معلوم ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

## چوری گیا ہوا مال مل جانا

اگر کسی کا مال چوری ہو گیا ہو یا گھر میں یا دوکان میں چوری ہو گئی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور پاک کالے کپڑے میں لپیٹ کر اپنے مکان میں دفن کر دیں اگر ایسی جگہ ہو جہاں دفن نہ کر سکے مثلاً فلیٹ وغیرہ ہے تو کسی چیز کے نیچے دبا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چور کا اور چوری گئے ہوئے مال کا پتہ چل جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)



۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۴۶ | ۴۵۰ | ۴۵۳ | ۴۳۹ |
| ۴۵۲ | ۴۴۰ | ۴۴۵ | ۴۵۱ |
| ۴۴۱ | ۴۵۵ | ۴۴۸ | ۴۴۴ |
| ۴۴۹ | ۴۴۳ | ۴۴۲ | ۴۵۴ |

## چوری گیا ہوا مال کا پتہ لگنا

اگر کسی کے گھر چوری ہو گئی ہو یا دوکان میں سے مال لے گئے ہوں تو اس کے لئے نقش ذیل باوضو لکھے اور باوضو ایک پاک پتھر کے ساتھ باندھ کر پانی (دریا، نہر، چشمہ تالاب، سمندر، کنویں) میں ڈال دیں اور روزانہ اسی طرح کرتے ہیں انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد چور اور مال کا پتہ مل جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۷ | ۲ |
| ۱ | ۵ | ۹ |
| ۸ | ۳ | ۴ |

## جملہ آفات سے حفاظت اور تمام حاجات کا پورا ہونا

اگر کوئی شخص آفات کے سبب پریشان ہو اور حاجات کے پورا نہ ہونے کے سلسلے میں عجیب کشمکش میں مبتلا ہو

اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے باوضو لکھے اور مرد دائیں بازو پہ باندھے اور عورت بائیں بازو پہ باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام آفات سے نجات حاصل ہوگی اور تمام حاجتیں بلا رکاوٹوں کے پوری ہوں گی۔ وہ نقش مجرب یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۹۶ | ۱۹۹ | ۲۰۲ | ۱۸۹ |
| ۲۰۱ | ۱۹۰ | ۱۹۵ | ۲۰۰ |
| ۱۹۱ | ۲۰۴ | ۱۹۷ | ۱۹۴ |
| ۱۹۸ | ۱۹۳ | ۱۹۲ | ۲۰۳ |

## آدھے سر کا درد

اگر کوئی شخص آدھے سر کے درد سے پریشان ہو اور کسی کام کے قابل نہ رہا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے سر میں درد کی جگہ باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فوراً درد سر سے آرام آ جائے گا۔ مجرب ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

میکائیلؑ ۷۸۶ جبرائیلؑ

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶۴۴ | ۱۶۴۷ | ۱۶۵۰ | ۱۶۳۷ |
| ۱۶۴۹ | ۱۶۳۸ | ۱۶۴۳ | ۱۶۴۸ |
| ۱۶۳۹ | ۱۶۵۲ | ۱۶۴۵ | ۱۶۴۲ |
| ۱۶۴۶ | ۱۶۴۱ | ۱۶۴۰ | ۱۶۵۱ |

اسرافیلؑ عزرائیلؑ



## قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور رہائی مشکل نظر آتی ہو تو پہلے غسل کرے پاک وصاف کپڑے پہن کر ان پر عطر لگائے اور اگربتی یا لوبان بھی جلائے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے نقش ذیل باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سی کر قیدی کے دائیں بازو پہ باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رہائی عمل میں آئے گی۔ مجرب ہے۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۱۱۲۸ | ۲۱۱۳۲ | ۲۱۱۳۵ | ۲۱۱۲۱ |
| ۲۱۱۳۴ | ۲۱۱۲۲ | ۲۱۱۲۷ | ۱۲۱۳۳ |
| ۲۱۱۲۳ | ۲۱۱۳۷ | ۲۱۱۳۰ | ۲۱۱۲۶ |
| ۲۱۱۳۱ | ۲۱۱۲۵ | ۲۱۱۲۴ | ۲۱۱۳۶ |

## حمل کی حفاظت

اگر کسی عورت کا حمل ہر بار گر جاتا ہو تو اس کے قائم رہنے کے لئے اس نقش ذیل کو مرد باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کو دے وہ اپنی کمر میں باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ حمل گرنے سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پہ)

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۷۲ | ۷۵ | ۷۸ | ۶۵ |
| ۷۷ | ۶۶ | ۷۱ | ۷۶ |
| ۶۷ | ۸۰ | ۷۳ | ۷۰ |
| ۷۴ | ۶۹ | ۶۸ | ۷۹ |

## سوکھے کا مرض

بعض بچوں کو سوکھے کا مرض (مسان) ہو جاتا ہے وہ سوکھتے چلے جاتے ہیں ان کے بدن پر ہڈیاں اور کھال رہ جاتی ہے گوشت ختم ہو جاتا ہے اور چند دن اسی حال میں رہ کر مر جاتے ہیں۔ ان کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے نیلے یا کالے کپڑے میں سی کر بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ سوکھے کے مرض سے محفوظ ہو جائے گا۔ اور صحت مند رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۱ | ۶۲۴۷ | ۱ |
| ۶۲۴۶ | ۲ | ۷ | ۱۲ |
| ۳ | ۶۲۴۹ | ۹ | ۶ |
| ۱۰ | ۵ | ۴ | ۶۲۴۸ |



## یرقان یعنی پیلیا سے نجات

اگر کسی کو پیلیا ہو جائے تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور باوضو پانی میں گھول کر مریض کا منہ (چہرہ) دھلائے۔ ایسا روزانہ صبح کے وقت کرے کم از کم سات دن یا زیادہ سے زیادہ گیارہ دن کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی پیلیا سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵ | ۱۶ | ۲ | ۱۱ |
| ۱۰ | ۳ | ۱۳ | ۸ |
| ۱۵ | ۶ | ۱۲ | ۱ |
| ۴ | ۹ | ۷ | ۱۴ |

## چھوٹے بچے کا رونا اور نیند میں چونکنا

بعض مرتبہ چھوٹے بچے نیند میں چونک کر رونے لگتے ہیں یا ویسے ہی اکثر روتے رہتے ہوں ان کے لئے ذیل کا نقش بہت مفید ہے۔ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے یا نیلے کپڑے میں سی کر بچے کے گلے میں ڈال دیں انشاءاللہ تعالیٰ نیند میں بچے کا چونکنا اور کثرت سے رونا بند ہو جائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۱۹ | ۲۲ | ۱ |
| ۲۱ | ۲ | ۷ | ۲۰ |
| ۳ | نام بچہ اور نام اسکی والدہ | ۱۷ | ۶ |
| ۱۸ | ۵ | ۴ | ۲۳ |

## رزق میں برکت اور ترقی

اگر کوئی شخص آمدنی کی کمی سے پریشان ہو اور چاہتا ہو کہ رزق میں برکت اور ترقی ہو تو اسے چاہیئے کہ انار کی شاخ کے قلم سے باوضو گیارہ تعویذ لکھ کر کسی بھی نماز کے بعد وقت مقرر کر کے اسی وقت روزانہ بلا کسی ناغہ کے آٹے میں تعویذ ڈال کر گولیاں بنا کر دریا (سمندر، نہر، چشمہ، تالاب، جھیل یا کنوئیں) میں ڈالے۔

انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد رزق میں ترقی ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے یہ عمل کرے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ | ۴۸ | ۶ |
| ۱۲ | ۲۴ | ۳۶ |
| ۴۲ | یَا بَاسِطُ | ۳۰ |



## یرقان یعنی پیلیا کا جھاڑ

یرقان کا مرض بہت خطرناک ہے۔ بداحتیاطی سے اکثر مریض مر جاتے ہیں لہٰذا اس کا علاج فوراً کرانا چاہیئے، پیلیا کا یہ جھاڑ بہت مجرب ہے۔ سات دن تک جھاڑنے سے انشاءاللہ تعالیٰ پیلیا ختم ہو جائے گا اور مریض صحتیاب ہوگا اس کی ترکیب یہ ہے۔

نیم کی ٹہنی توڑ کر اس کی شاخیں جن کے دونوں طرف پتے لگے ہیں وہ الگ کر لیں اور لکڑی کی ڈنڈی پھینک دیں ان پتلی شاخوں کو یکجا کر کے ہاتھ میں پکڑ لیں اور مریض کو اپنے سامنے بٹھا لیں۔ ایک پیالے میں پانی بھر کر مریض کے سامنے رکھ دیں مریض اس میں دیکھتا رہے اور عامل اوپر سے نیچے کی طرف یعنی مریض کے سر سے پاؤں کی طرف یہ شاخیں ہلاتا رہے اور پڑھتا رہے۔ اوّل تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۃ قریش مع بسم اللہ شریف کے پانچ مرتبہ پڑھے اور مریض پر دم کرے اس کے بعد دوبارہ سورۃ قریش مع بسم اللہ شریف کے نو بار پڑھے اور مریض پر دم کرے اس کے بعد آخر میں تین بار درود شریف پڑھ کر مریض پر دم کرے یہ عمل صبح فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے پہلے کرے تو بہتر ہے ورنہ زوال سے پہلے پہلے کر لے۔ سات دن تک مسلسل مریض کو جھاڑے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس عمل سے

مریض کا پیلیا ختم ہو جائے گا۔
پیالے کا پانی ایک طرف ڈال دیں۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سورۂ قریش مع بسم اللہ شریف یہ ہے۔

سُوْرَۃُ قُرَیْشٍ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۝ اٖلٰفِھِمْ رِحْلَۃَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۝ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ ھٰذَا الْبَیْتِ ۝ الَّذِیْٓ اَطْعَمَھُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۝ وَّاٰمَنَھُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝

## دشمن پر رعب و غلبہ اور ہر مقصد میں کامیابی

جس شخص کا دشمن زبردست ہو اور اکثر ستانے کے کام کرتا رہتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے مرد دائیں بازو پر باندھے اور عورت بائیں بازو پر یا گلے میں ڈال لے۔ اس بابرکت تعویذ کا اثر ہو گا کہ قتل و غارت گری سے بحکم خدا بخیر و خوبی واپس ہو گا۔ جہاں دشمن کا سامنا ہو گا دشمن آنکھ اٹھا کر نہ دیکھے گا۔ اس نقش کو باندھنے والے



کے دل سے ہر قسم کا خوف و پریشانی دور ہو گا۔ اس تعویذ کی برکت سے بحکم خدا ہر مقصد میں کامیاب ہو گا۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶۵۶۱۸ | ۱۶۵۶۲۱ | ۱۶۵۶۲۵ | ۱۶۵۶۱۱ |
| ۱۶۵۶۲۴ | ۱۶۵۶۱۲ | ۱۶۵۶۱۷ | ۱۶۵۶۲۲ |
| ۱۶۵۶۱۳ | ۱۶۵۶۲۷ | ۱۶۵۶۱۹ | ۱۶۵۶۱۶ |
| ۱۶۵۶۲۰ | ۱۶۵۶۱۵ | ۱۶۵۶۱۴ | ۱۶۵۶۲۶ |

## دوکان کی فروخت میں اضافہ

اگر کوئی چاہے کہ کاروبار میں ترقی ہو اور دوکان پر خریدار زیادہ سے زیادہ آئیں اور مال زیادہ فروخت ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور گتے پر چپکا کر یا فریم کرا کے دوکان کے دروازے کے مقابل دیوار پر چسپاں کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دوکان خوب ترقی کرے گی، بحکم خدا گاہک غیب سے آئیں گے اور مال زیادہ سے زیادہ فروخت ہو گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸۰ | ۸۳ | ۸۶ | ۷۳ |
| ۸۵ | ۷۴ | ۷۹ | ۸۴ |
| ۷۵ | ۸۸ | ۸۱ | ۷۸ |
| ۸۲ | ۷۷ | ۷۶ | ۸۷ |

## جنگل میں کوئی موذی جانور یا کوئی کتا حملہ کرے

اگر کوئی شخص جنگل میں سفر کرتا ہو اور وہاں بھیڑیا، ریچھ، شیر یا اسی قسم کے موذی جانور ہوں تو ان کے حملہ سے قبل اسی طرح شہر یا کسی بستی میں خونخوار کتے ہیں ان کے حملہ سے حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ لے انشاء اللہ تعالیٰ موذی جانور کے حملہ سے محفوظ رہے گا اور جانور حملہ نہیں کر سکے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

کَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ

## غیر مسلموں کے لئے تعویذ

بعض مرتبہ غیر مسلم بھی مسلمان عاملوں سے تعویذ طلب کرتے ہیں۔ اس صورت میں ان کو قرآنی آیات کے تعویذات نہیں دیئے جا سکتے ان کے لئے یہ تعویذ ہر کام کے لئے دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ کلمات ہر بیماری سے صحت کے لئے کافی ہیں۔

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَالْکُفْرُ بَاطِلٌ۔ اَلْاِسْلَامُ نُوْرٌ وَالْکُفْرُ ظُلْمَۃٌ

## پریشانی سے نجات، مقدمہ میں کامیابی اور کاروبار میں ترقی

اگر کوئی شخص چاروں طرف سے پریشانیوں میں گھر گیا ہو اور



مقدمہ میں ماخوذ ہو اور کاروبار نقصان کی طرف جا رہا ہو تو اس کے لئے باوضو نقش ذیل لکھے اور موم جامہ کر کے مرد سیدھے بازو پر اور عورت الٹے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ تمام پریشانیوں سے نجات حاصل ہو گی۔ مقدمہ میں کامیابی حاصل ہو گی اور کاروبار میں ترقی ہو گی۔ مجرب ہے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۵۹۱۳ | ۵۹۰۸ | ۵۹۱۵ |
| ۵۹۱۴ | ۵۹۱۲ | ۵۹۱۰ |
| ۵۹۰۹ | ۵۹۱۶ | ۵۹۱۱ |

## ہر دکھ تکلیف اور پریشانی سے نجات

اگر کوئی شخص مختلف دکھوں میں گرفتار ہو اور تکالیف بڑھتی جاتی ہوں اور پریشانی سے نجات ملنی مشکل نظر آتی ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے لوبان کی یا اگربتی کی دھونی دے کر گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا درد اور ہر قسم کی پریشانی سے جلد نجات ملے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۳۳ | ۲۶ | ۳۱ |
| ۲۸ | ۳۰ | ۳۲ |
| ۲۹ | ۳۴ | ۲۷ |

## پیچش سے نجات کے لئے

اگر کوئی آدمی پیچش کے مرض میں مبتلا ہو اور پیٹ میں سخت اینٹھن اور شدید درد ہو تو نقش ذیل باوضو لکھ کر مریض کو پلائے۔ اس طرح کہ ایک نقش فجر کی نماز کے بعد پانی میں گھول کر پلادے نقش کو باوضو گھولے پینے والے کے لئے وضو شرط نہیں ہے۔ دوسرا نقش ظہر کی نماز کے بعد تیسرا نقش عصر کی نماز کے بعد۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیچش اور دستوں سے فوراً نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

## ناف قائم رہنے کے لئے

اگر کسی کی ناف بار بار جگہ سے ہٹ جاتی ہو اور پیٹ میں درد رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور اس کو موم جامہ کر کے کپڑے میں سی لے اور اس کو کمر میں اس طرح باندھے کہ نقش بالکل ناف پر رہے۔ یہ احتیاط رہے کہ اگر نقش ناف سے ہٹے گا تو ناف بھی اپنی جگہ سے ادھر ہی ہو جائے گی لہذا اس کا دھیان رکھنا ہے کہ نقش ناف پر رہے۔ کچھ عرصے



بعد جب ناف پکی ہو جائے اور جگہ پکڑ لے تو پھر انشاء اللہ تعالیٰ نہ ٹلے گی۔ وہ نقش معظم و مکرم یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۳۲ | ۳۶ | ۱ |
| ۳۵ | ۲ | ۷ | ۳۳ |
| ۳ | نام مریض<br>نام والدہ مریض | ۳۰ | ۶ |
| ۳۱ | ۵ | ۴ | ۳۷ |

## برائے عداوت

اگر دو شخصوں میں ناجائز محبت ہو اور وہ دونوں مل کر لوگوں کو ستاتے ہوں یا دونوں میں ناجائز تعلقات ہوں تو ان میں عداوت کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر دو پرانی قبروں کے درمیان کسی بوتل یا پلاسٹک کی تھیلی میں بند کر کے دفن کردے اور چند نقش باوضو لکھ کر کسی ایک فرد کو پانی یا چائے میں گھول کر پلادے انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں عداوت ہو جائے گی۔

تنبیہ: یہ صرف جائز مقصد میں کام کرتا ہے۔ اس نقش کو ناجائز مقصد میں استعمال کرے گا یا بلا وجہ لوگوں کو لڑانے میں استعمال کرے گا خود سخت گنہگار ہوگا اور ناکام رہے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

(اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۳ | ۴۰ | ۵۹ | ۵۶ |
| ۶۰ | ۵۵ | ۴۴ | ۳۹ |
| ۵۴ | ۵۷ | ۴۲ | ۴۵ |
| ۴۱ | ۴۶ | ۵۳ | ۵۸ |

## آسیب وجن کا حاضر کرنا

اگر کسی پر آسیب وجن کا اثر ہو اور اس سے بات کرنی ہو تو دو گلاب کے پھول لے اور تین مرتبہ ایک پھول پر سورۃ الفلق پڑھے پھر تین مرتبہ سورۃ الفلق پڑھ کر دوسرے پھول پر دم کرے اور آسیب زدہ کو سنگھائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ فوراً آسیب حاضر ہوگا اور ہم کلام ہوگا۔ اس سے معلوم کرے عہد لے اور رخصت کردے۔ سورۃ الفلق یہ ہے

سورۃ الفلق یہ ہے۔ اَلْفَلَق مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۔

## اگر نیند نہ آئے اور ڈر خوف محسوس ہو

اگر کسی شخص کو ڈر خوف محسوس ہو اور رات کو نیند نہ آتی ہو



یا ڈراؤنے خواب نظر آتے ہوں یا بار بار نیند میں جھٹکے لگتے ہوں اور آنکھ کھل جاتی ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل عزیمت باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے انشاءاللہ تعالیٰ رات کو آرام سے سوئے گا اور کوئی ڈر خوف محسوس نہ ہوگا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔


بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَ شَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ۔ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

## آسیب و بدخوابی سے نجات

اگر کسی کو رات کو سوتے وقت ڈراتا ہے یا اس جگہ آسیب کا ٹھکانہ ہے اور وہ گڑبڑ کرتا ہے رات کو سونے نہیں دیتا یا خواب میں سوتے ہوئے ایک دم جھٹکا لگتا ہے اور آنکھ کھل جاتی ہے پھر نیند نہیں آتی یا سوتے میں ڈراؤنے خواب آتے ہیں ایسی صورت میں مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے انشاءاللہ تعالےٰ آسیب کے اثرات سے محفوظ رہے گا اور رات کو آرام سے سوئے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶




یا حفیظ یا حافظ یا ناصر یا نصیر یا حی یا قیوم۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔

## بچہ کا ضد کرنا وچلّانا رونا

اگر بچہ بات بات پر ضد کرتا ہو یا ہر وقت چیخ چیخ کر روتا ہو اور کسی صورت چپ ہی نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ضد کرنا چھوڑ دے گا اور چلّا چلّا کر رونا بند کر دے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ |
| ط | ط | ط | ط | ط | ط | ط | ط | ط |
| ط | ط | ط | ط | ط | ط | ط | ط | ط |
| ھی | ھی | ھی | ھی | ھی | ھی | ھی | ھی | ھی |



## ڈاڑھ کے درد کے لئے

اگر کسی شخص کے دانت یا ڈاڑھ میں سخت درد ہو اور کسی صورت چین نہ آتا ہو تو اس کے لئے یہ عمل بہت مفید ہے۔ عمل یہ ہے اس شخص کو نیم کے پیڑ کے پاس کھڑا کرے اور ایک کیل لوہے کی نیم کے درخت میں ٹھوک دے پھر گیارہ مرتبہ نماز والا درود شریف پڑھے اور گیارہ بار سورۂ فاتحہ پڑھے اور ایک بار سورۃ الناس پڑھ کر اس شخص کے چہرے پر دم کرے پھر دریافت کرے اسی طرح ایک ایک بار سورۃ الناس پڑھ پڑھ کر دم کرتا رہے۔ اور مریض سے معلوم کرتا رہے کہ درد ختم ہوا یا نہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد درد سے نجات حاصل ہو گی۔ نماز میں پڑھا جانے والا درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے:

سُوْرَۃُ الفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ
مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ؕ
اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ
اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۧ

سورۃ الناس یہ ہے۔

سُوْرَۃُ النَّاسِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِکِ النَّاسِ ۙ اِلٰہِ
النَّاسِ ۙ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۙ الَّذِیْ
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۙ مِنَ الْجِنَّۃِ
وَالنَّاسِ ۧ

## آسیب وسحر کا علاج

اگر کسی شخص پر آسیب وسحر کا اثر ہو اور وہ گم سُم رہتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش اکتالیس عدد لکھے اور روزانہ ایک نقش پانی میں گھول کر پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آسیب وسحر کا اثر ختم ہوگا اور مریض جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)



۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۲ | ۱۰ |
| ۹ | ۷ | ۴ |
| ۳ | ۱۱ | ۶ |

۲۵۴

## برائے درد ناف

اگر کسی کی ناف جگہ سے ہٹ گئی ہو اور پیٹ میں یا ناف کی جگہ میں شدید درد رہتا ہو تو اس کے لئے نیلے دھاگے کے سات تار لے کر برابر برابر ملا لے اور ایک مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر گنڈہ میں ایک گرہ دے اور اس گرہ پر پھونکے اسی طرح سات گرہ لگائے اور ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ناف کے اوپر باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ درد ناف دور ہوگا مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
صُمٌّ ۢ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ ۙ

## عورت کی چھاتیوں کے دودھ میں اضافہ

اگر کسی عورت کی چھاتیوں میں دودھ کم ہو اور بچہ بھوک کی وجہ سے روتا رہتا ہو تو اس کے لئے باوضو یہ نقش لکھے

اور موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چھاتیوں میں دودھ زیادہ مقدار میں آئے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۱۸ | ۱۱ | ۱۶ |
| ۱۳ | ۱۵ | ۱۷ |
| ۱۴ | ۱۹ | ۱۲ |

## درد عرق النساء سے نجات

اگر کسی کی ٹانگ میں عرق النساء کا درد ہو اور اٹھنا بیٹھنا مشکل ہو گیا ہو تو چرخے کا کاتا ہوا سوت کا دھاگہ لے کر اس کے سات تار کچا ناپ کے لے اور ان میں سات گرہ لگائے۔ پھر آیات ذیل باوضو ایک بار پڑھ کر پہلی گرہ پر پھونک مارے اسی طرح پھر آیات ذیل پڑھے اور دوسری گرہ پر پھونک مارے۔ اسی طرح ساتوں گرہوں پر ایک ایک بار پڑھ کر دم کرے اور درد کی جگہ وہ گنڈہ باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد سے جلد ہی نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۚ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔



## مطلوب کی حاضری کے لئے

اگر کسی کی بیوی ناراض ہو کر اپنے میکے میں بیٹھ گئی ہو اور بار بار کی کوشش کے باوجود نہ آتی ہو تو اس کے لئے اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیوی ضرور حاضر ہوگی۔ وہ نقش مجرب یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۳۳۵ | ۳۳۰ | ۳۳۷ |
| ۳۳۶ | ۳۳۴ | ۳۳۲ |
| ۳۳۱ | ۳۳۸ | ۳۳۳ |

فلاں بن فلاں علیٰ حب فلانہ بنت فلانہ مسخر گردد

وزود آید

## برائے ردِّ رجعت

اگر کسی کا عمل الٹ گیا یا خراب ہو گیا یا تعداد کی گڑبڑ سے یا پرہیز نہ کرنے کے سبب رجعت و نحوست میں مبتلا ہو چکا ہو یا سحر جادو، ٹونہ کے سبب مصائب کا شکار ہو تو اسے چاہیئے کہ مندرجہ ذیل عزیمت بلاناغہ مسلسل اکیس ۲۱ روز تک باوضو برابر پڑھتا رہے تعداد (۳۶۰) تین سو ساٹھ بار روزانہ پڑھنا ہے۔ اسکے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ رجعتِ عمل ختم ہوگی اور سحر و نحوست و بلائے ناگہانی سے نجات

حاصل ہوگی۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَبِهٖ نَسْتَعِيْنُ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝

## کاروبار میں ترقی

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا کاروبار خوب ترقی کرے اور دوکان خوب چلے اور زیادہ خیر و برکت ہو تو بعد نماز فجر روزانہ باوضو دو ہزار تراسی بار (۲۰۸۳) پڑھے۔ چالیس[۴۰] روز تک انشاء اللہ تعالیٰ کاروبار خوب چمکے گا۔ دوکان خوب چلے گی اور خیر و برکت بہت زیادہ ہوگی۔ وہ آیت کریمہ یہ ہے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۚ

## روزگار میں ترقی و برکت

اگر کوئی شخص کاروبار کی وجہ سے پریشان ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ بعد نماز فجر باوضو پچیس[۲۵] بار سورۃ النصر پڑھا کرے۔ ناغہ نہ کرے اس کو ہمیشہ پڑھنے سے روزگار ملے گا۔ رزق میں ترقی و برکت ہوگی اور کسی کا محتاج نہ رہے گا۔

سُوْرَةُ النَّصْرِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ۙ وَرَاَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ



فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۝

## روزگار میں ترقی کے لئے

روزگار میں ترقی کے لئے باوضو اکیس[۲۱] مرتبہ بعد نماز ظہر سورۃ الفیل روزانہ بلا ناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں خوب ترقی ہوگی اور گھر میں خیر و برکت ہوگی۔ سورۃ الفیل یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ؕ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ۙ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۙ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝

## جن کو دفع کرنے اور جملہ امراض سے شفاء کے لئے

مندرجہ ذیل تعویذ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے کالے یا نیلے کپڑے میں سی کر گلے میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن کے شر سے امن میں رہے گا اور جملہ امراض سے جلد از جلد صحتیاب ہوگا۔ وہ تعویذ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

بحق جبرائیلؑ | ۷۸۶ | بحق میکائیلؑ

کٓھٰیٰعٓصٓ کِفَایَتُنَا
حٰمٓ عٓسٓقٓ حِمَایَتُنَا

فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ ج وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ؕ

بحق عزرائیلؑ | بحق اسرافیلؑ

## دشمن کی زبان بندی کے لئے

اگر کوئی دشمن زبان دراز ہو اور اپنی زبان درازی اور چرب زبانی سے نقصان پہنچانا چاہتا ہو تو اس کی زبان بندی کے لئے کہ وہ زبان کے ذریعہ نقصان نہ پہنچائے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان سے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱۱ | ۲۰۴ | ۲۰۹ |
| ۲۰۶ | ۲۰۸ | ۲۱۰ |
| ۲۰۷ | ۲۱۲ | ۲۰۵ |



## جیل خانہ سے رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید ہو گیا ہو اور اس کی رہائی مطلوب ہو تو نقش ھذا کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے قیدی کے دائیں بازو پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد رہائی پائے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲ | ۹ | ۴ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۶ | ۱ | ۸ |

## میاں بیوی میں باہمی محبت کے لئے

اگر میاں بیوی میں باہمی محبت کی کمی ہو یا دونوں میں اختلافات رہتے ہوں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور مرد یا عورت میں سے جس کی طرف سے محبت میں کمی دیکھے اس کے نہ باندھے بلکہ جس میں زیادہ محبت کا جذبہ ہے موم جامہ کر کے اس کے گلے میں یا دائیں بازو میں باندھ دے اگر عورت ہے تو بائیں بازو میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں میں خوب محبت ہو جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

## بھاگے ہوئے یا گم شدہ کے لئے

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو یا کوئی بچہ گم ہو گیا ہو تو اس کی واپسی کے لئے مندرجہ ذیل نقش کو باوضو لکھے اور کالے کپڑے میں سی کر کسی درخت میں لٹکا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس آئے گا۔ وہ نقش معظم و مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۶ | ۱ | ۸ |
| ۷ | ۵ | ۳ |
| ۲ | ۹ | ۴ |

## برائے درد ناف

اگر کسی کی ناف اپنی جگہ سے ہٹ (ٹل) گئی ہو تو باوضو اس نقش کو لکھے اور موم جامہ کر کے ناف پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)



۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ۵۷۶ | ۵۷۳ | ۸ |
| ۵۷۴ | ۷ | ۲ | ۵۷۵ |
| ۶ | ۵۷۱ | ۵۷۸ | ۳ |
| ۵۷۷ | ۴ | ۵ | ۵۷۲ |

## دلی مراد کا پورا ہونا


اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی جائز دلی مراد پوری ہو تو اس کے لئے باوضو یہ نقش معظم لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

| بسمِ | اللہِ | الرَّحمٰنِ | الرَّحِیمِ |
|---|---|---|---|
| یا غفور | یا غفور | یا غفور | یا غفور |
| یا غفور | یا غفور | یا غفور | یا غفور |
| یا غفور | یا غفور | برحمتک یا ارحم | الراحمین |
| یا اللہ | یا اللہ | یا اللہ | یا اللہ |

## جنات، شیاطین، آسیب سے مکان پاک کرنا

اگر کسی مکان میں جنات، شیاطین، آسیب، دیو، بھوت، پریت، خبیث کا یا ان کے خاندان کا قبضہ ہو

اور وہ طرح طرح سے ستاتے ہوں تو اس گردنامہ کو باوضو لکھ کر ایک گتے پر چپکا کر یا فریم کر کے اگر مکان کے دروازے کے مقابل دیوار پر لگا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سب دفع ہو جائیں گے اور مکان میں امن وسکون ہو جائے گا۔ وہ گردنامہ یہ ہے۔




## ناجائز محبت کو ختم کرنا

جن دو افراد میں ناجائز محبت ہو یا دو افراد کی دوستی لوگوں کے لئے خطرناک ہو وہ مل کر لوگوں کو ستاتے ہوں تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور دونوں کے نام اور ان کی والدہ کا نام بھی لکھے اور گوشت کی جھلی میں لپیٹ کر کالے کتے کو کھلا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ باہمی دوستی دشمنی میں بدل جائے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جائز مقصد کے لئے کرے۔ ناجائز



مقصد کے لئے کرے گا تو خود نقصان اٹھائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے

ک ۱۱۱۵ ۱۱ ۵۱۱ غ ۹ ۶ ۱۲۷ ۱۱۱

نام ——— معہ نام والدہ و نام ——— معہ نام والدہ

## برائے محبت و بھاگے ہوئے کو بلانا

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو یا کھو گیا ہو اور اس کا پتہ نہ ملتا ہو تو اس طلسم کو باوضو لکھے اور روزانہ ایک طلسم کو ایسی جگہ جلائے جہاں کوئی دو ویرانہ ہو۔ انشاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا گمشدہ جلد واپس آئے گا۔

اگر بیوی میں محبت کی کمی ہے اور وہ ماں باپ کے گھر جا کر بیٹھ گئی ہے آنے کا نام نہیں لیتی اس کے لئے بھی یہ فلیتہ روزانہ ایک جلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کے دل میں محبت پیدا ہوگی اور جلد واپس آئے گی۔ اس طلسم کے نیچے مطلوب اور اس کی ماں کا نام بھی لکھے۔

| | |
|---|---|
| فلیتہ روز اول | ۱۱ ۱۱ ۱۱۷ ۱۱ط ۸۷ ۱۱ ۱۱ ۱۱۱ |
| فلیتہ روز دوم | ع ۱۱ ط ۱۷ ۱۱۱ ط ھ ۱۹ ۱۱۸ ۱ |
| فلیتہ روز سوم | ع ۱۱ ط ۱۷ ۱۱ ۱ط ۲۱ ط ۱۷ |
| فلیتہ روز چہارم | ۱۲ ط ۱۱ ط ۱۱۱ ط ۲ و |
| فلیتہ روز پنجم | ۱۱۱ ۱۱۹ ط ۱۱ ۱ ط ل ۱۱ ط ۳ و |
| فلیتہ روز ششم | ۱ط ۱۱ ۱۲ ۱۱ ۱۱ ط ع ۱۱ط ۱ |
| فلیتہ روز ہفتم | ۱۱ ع و الا ۱۱ط ل ۹ لا در ۵۳ |

## برائے حصول عزت ودولت

عزت ودولت کے حاصل کرنے اور تنگدستی ومحتاجی کو دور کرنے کے لئے اس نقش کو باوضو لکھیے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پہ باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دولت حاصل ہوگی اور عزت واحترام میں اضافہ ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۷ | ۲۷۱ | ۲۶۸ | ۲۶۴ |
| ۲۶۹ | ۲۶۳ | ۲۵۸ | ۲۷۰ |
| ۲۶۲ | ۲۶۶ | ۲۷۳ | ۲۵۹ |
| ۲۷۲ | ۲۶۰ | ۲۶۱ | ۲۶۷ |

## برائے فتوحات وکامیابی

اگر شخص چاہے کہ اس کے لئے فتوحات وکامیابی کا دروازہ کھل جائے تو نقش ذیل کو چاندی کے پترے پر باوضو کرا کر کندہ کرائے اور پلاسٹک کوٹنگ کرا کر اپنی جیب میں رکھے انشاءاللہ تعالیٰ ہر نیک مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور جاری رکاوٹیں ختم ہو جائیں گی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پہ)



۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۰۶۸ | ۲۰۸۲ | ۲۰۷۸ | ۲۰۷۵ |
| ۲۰۷۹ | ۲۰۷۴ | ۲۰۶۹ | ۲۰۸۱ |
| ۲۰۷۳ | ۲۰۷۶ | ۲۰۸۴ | ۲۰۷۰ |
| ۲۰۸۳ | ۲۰۷۱ | ۲۰۷۲ | ۲۰۷۷ |

## برائے ذہن کھولنا

اگر کوئی بچہ سبق یاد کرتا ہے پھر بھول جاتا ہے اس کا ذہن صحیح کام نہیں کرتا یا پڑھنے میں اسے کوئی دلچسپی نہیں ہے اس کے لئے مندرجہ ذیل کلمات چینی کی پلیٹ پر کالی روشنائی یا زعفران سے لکھ کر پانی سے گھول کر بچہ کو روزانہ پلائیے۔ چند دن پلانے سے انشاءاللہ تعالیٰ بچہ کا ذہن کھل جائے گا اور اسے پڑھائی میں دلچسپی پیدا ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْخَلْقِ وَاَفْضَلِ الْبَشَرِ وَشَفِيْعِ الْاُمَمِ يَوْمَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ خَلْقِهٖ وَجَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ۔ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۔ يَا اَللّٰهُ يَا اللّٰه ددد ددد ککک ۵۵۵ يَا اَللّٰهُ شَفِيْعُ يَا اَللّٰهُ كَفِيْلُهٗ يَا شَفِيْعُ يَا شَفِيْعُ يَا شَفِيْعُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ۔

# محتاجگی دور کرنا

اگر کوئی محتاج ہو اور ضرورت مند ہو تو اس کو چاہیئے کہ نقش یا باسط کا باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے عرصے بعد مالدار ہو جائے گا اور محتاجگی ختم ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ | ۲۰ | ۲۷ |
| ۲۶ | ۲۴ | ۲۲ |
| ۲۱ | ۲۸ | ۲۳ |

## برائے ہر درد، ہر بلا، دیو، پری، جن، بخار، سر درد اور ہر حاجت کے لئے

مندرجہ ذیل تعویذ بہت سریع التاثیر اور زود اثر ہے۔ یہ تعویذ بے شمار خوبیوں کا مالک ہے۔ اس تعویذ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر درد، ہر بلائے ارضی و سماوی دفع ہو گی، دیو، پری، تمام جنات و شیاطین سے حفاظت رہے گی۔ جاڑے کا بخار ختم ہو گا۔ درد سر و آدھے سر کا درد دور ہو گا اور ہر حاجت فوراً پوری ہو گی۔ غرضیکہ یہ تعویذ بہت بڑی برکتوں حامل ہے۔ وہ یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)



بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۚ

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۰

## روزگار کے لئے، مریض کی صحتیابی کے لئے، حمل کی حفاظت

مندرجہ ذیل نقش سورۂ فاتحہ کا ہے اس کو ایک نقش روزانہ باوضو لکھے اور اس کو لپیٹ کر آٹے کی گولی میں بند کرے اور دریا، سمندر، نہر، تالاب، جھیل، چشمہ کے پانی میں ڈال دیا کرے۔ چالیس دن یہ عمل کرنے سے روزگار اور آمدنی میں ترقی ہو گی اور بے روزگار برسر روزگار ہو جائے گا۔ نیز یہی نقش باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر کسی مریض کو پلائے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ تیس دن میں مریض صحتیاب ہو جائے گا۔

اسی طرح اگر کسی عورت کے حمل گرنے کا ڈر ہو تو سورۂ فاتحہ کے دو نقش باوضو لکھے۔ ایک موم جامہ کر کے عورت کے پیٹ پر باندھ دے اور دوسرا پانی میں گھول کر عورت کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور لڑکا پیدا ہو گا۔ وہ نقش یہ ہے

(اگلے صفحہ پر)

| | |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ مٰلِكِ | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ |
| الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ | یَوْمِ الدِّیْنِ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ |

## ہر مشکل کو حل کرنے کے لیے

ہر مشکل کو حل کرنے اور مشکلات سے نجات کے لئے ہر نماز کے بعد مندرجہ ذیل کلمات ایک سو بار روزانہ پانچوں وقت باوضو پڑھے اور مشکل سے نجات اور اس کے حل کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ وہ دعا یہ ہے۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا فَرْدُ یَا وِتْرُ یَا رَحِیْمُ یَا وَارِثُ یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔

## غلبہ شہوت میں اعتدال

(از حضرت مولانا عبدالرحیم رائے پوری رحمۃ اللہ علیہ)

طبیعت پر جب پریشانی اور خیالات کا غلبہ ہوا کرے، تو روزہ رکھ لیا کرو، اور غسل کر کے دو رکعت "صلوۃ التوبہ"



پڑھ کر، اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور استغفار کے بعد، تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ "یَا تَوَّابُ" پڑھ لیا کریں اور دعا مانگا کریں، سات روز تک متواتر (یہ عمل) کر لینا چاہئے۔ طلوع آفتاب سے دوپہر تک اس کا وقت ہے۔

مکتوب حضرت شاہ عبدالرحیم رائے پوری (حیات شاہ عبدالرحیم رائے پوری ص ۳۶۶)

## چور کی پہچان کے لئے

اگر گھر میں کسی قریبی فرد نے کوئی چیز چرالی ہو تو اس کے لئے باوضو ایک جو کی روٹی پکائے اور ٹھنڈی ہونے پر اس پر مندرجہ ذیل آیتیں لکھی جائیں اور انہی آیات کو پڑھ کر اس روٹی پر دم بھی کیا جائے۔ پھر روٹی کے ٹکڑے کر کے ان افراد کو کھلائی جائے جن پر چوری کا شبہ ہو۔ چور وہ ٹکڑا حلق سے نگل نہ سکے گا۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِیْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۚ

یَتَجَرَّعُهٗ وَلَا یَكَادُ یُسِیْغُهٗ وَیَاْتِیْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَیِّتٍ ؕ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِیْظٌ ۔

لِلّٰهِ الَّذِیْ یُخْرِجُ الْخَبْءَ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ یَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۔

وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ۔

## محبوبِ خلائق اور دشمنوں کی ناکامی

اگر کوئی شخص چاہے کہ مخلوق خدا اس سے محبت کرے اور اس کے دشمن ذلیل و خوار ہوں اور اس کی دلی مراد پوری ہوں تو اسے چاہیئے کہ نقش ذیل کو باوضو لکھے اور صبح و شام اس نقش کو دیکھا کرے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۲۰۸۴ | ۱۲۰۹۷ | ۱۲۰۹۴ | ۱۲۰۹۱ |
| ۱۲۰۹۵ | ۱۲۰۹۰ | ۱۲۰۸۵ | ۱۲۰۹۶ |
| ۱۲۰۸۹ | ۱۲۰۹۲ | ۱۲۰۹۹ | ۱۲۰۸۶ |
| ۱۲۰۹۸ | ۱۲۰۸۷ | ۱۲۰۸۸ | ۱۲۰۹۳ |

## دشمن کی زبان بندی اور بدگوئی سے حفاظت

اگر کوئی شخص مندرجہ ذیل آیات مبارکہ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ اور کوشش کرے کہ ہر وقت باوضو رہے تو کوئی شخص اس کی بدگوئی نہ کر سکے گا اور دشمن کی زبان بند رہے گی مجرب ہے۔ وہ آیات مبارکہ یہ ہیں۔

هٰذا يوم لا ينطقون ۙ ولا يؤذن لهم فيعتذرون ۝ ووقع القول عليهم بما ظلموا فهم لا ينطقون ۝



حٓمٓ ۝ عٓسٓقٓ حمیت کٓهٰیٰعٓصٓ کفیت۔ عقدت عنك يا حامل هٰذا الآيات السنة الخلق والبشر من كل انثى بالف لا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم وصلى الله على سيدنا محمد وآله واصحابه وسلم۔

## برائے حصول عزت و مقبولیت در مخلوقات

عزت اور مقبولیت کے لئے مندرجہ ذیل نقش بہت مجرب ہے۔ اس نقش کی برکت سے دشمن ذلیل و خوار ہوں گے اور اس کے سامنے بول نہ سکیں گے۔ اور لوگ اس آدمی سے محبت کریں گے اور اس کو بہت زیادہ چاہیں گے۔ اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جہاں جائے گا عزت پائے گا۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| بِسْمِ | اللّٰهِ | الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ |
| الرَّحْمٰنِ | الرَّحِيْمِ | بِسْمِ | اللّٰهِ |
| الرَّحِيْمِ | الرَّحْمٰنِ | اللّٰهِ | بِسْمِ |
| اللّٰهِ | بِسْمِ | الرَّحِيْمِ | الرَّحْمٰنِ |

# کسی بات کا خواب (نیند) میں معلوم ہونا

اگر کوئی شخص کسی بات کو معلوم کرنا چاہتا ہے تو مندرجہ ذیل طلسم اپنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر روشنائی سے باوضو لکھے اور پاک بستر پر سو جائے۔ جو دیکھنا چاہتا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں دیکھ لے گا۔

ناخن پر لکھا جانے والا طلسم یہ ہے۔

سلسلع

سونے سے قبل یہ آیت اور سورۃ یٰسین شریف (پ۲۲) پڑھ لے۔

اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ


اس کے بعد سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر سو جائے۔ دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ اور شمال کی طرف سر ہو

## چور پکڑنا اور مال برآمد کرنا

اگر کسی کے گھر میں کوئی زیور یا کوئی چیز چوری ہوگئی ہو تو اس چور کو پکڑنے اور مال ظاہر ہونے کے لئے شیشے (کانچ) کے گلاس یا پیالے پر مندرجہ ذیل طلسم لکھے اور پانی سے دھو کر وہ پانی تھوڑا تھوڑا ان سب افراد کو پلائے جو اس گھر میں رہتے ہوں یا جن پر شبہ ہو۔ اس پانی کو پی کر چور حرکت نہ کر سکے گا اور اس کے ہاتھ پاؤں ڈھیلے پڑ جائیں گے




جب تک چوری کا اقرار نہیں کرے گا اسی طرح بے جان کی طرح رہے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔




## یہ معلوم کرنا کہ عورت حاملہ ہے یا نہیں


مندرجہ ذیل طلسم باوضو عورت کی ہتھیلی پر لکھے اور عورت کو کہے کہ کسی برتن (ٹین کے ڈبے) میں پیشاب کرے اور ہتھیلی کو اس پیشاب کی طرف کرے اگر پیشاب میں طلسم نظر آئے تو سمجھ لے کہ عورت حاملہ ہے اور اگر اس عورت کو اپنے پیشاب میں یہ طلسم نظر نہ آئے تو جان لے کہ حاملہ نہیں ہے۔ وہ طلسم یہ ہے۔




## جماع کے لئے مفید

اگر کوئی شخص جماع پر قدرت نہ رکھتا ہو یا کمزوری کے

سبب پریشان ہو تو مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے بوقت جماع اپنی زبان کے نیچے رکھ لے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے اندر بے پناہ قوت آجائے گی۔ مجرب ہے۔ وہ طلسم یہ ہے۔



## برائے آسیب

اگر بچہ پیدا ہونے سے قبل باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھ کر مکان کی دیوار پر گتے پر چپکا کر یا فریم کرا کر لگا دیں تو عورت کے چلہ میں بچہ پیدا ہونے کے بعد نظر، آسیب، بچہ پر ام الصبیان کا دورہ (سوکھے کا مرض) نہ ہوگا یہ نقش سورۂ فیل کا ہے۔ آسیب کے لئے بہت مفید ہے۔ وہ یہ ہے

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۶۷۹ | ۱۶۸۳ | ۱۶۸۶ | ۱۶۷۲ |
| ۱۶۸۵ | ۱۶۷۳ | ۱۶۷۸ | ۱۶۸۴ |
| ۱۶۷۴ | ۱۶۸۸ | ۱۶۸۱ | ۱۶۷۷ |
| ۱۶۸۲ | ۱۶۷۶ | ۱۶۷۵ | [illegible] |




## مکان میں اینٹ پتھر آنا

اگر کسی مکان میں جنات اینٹ یا پتھر پھینکتے ہوں تو مندرجہ ذیل نقش ایسی دیوار پر لگائیں کہ نقش کا رخ (تعویذ کا لکھا ہوا حصہ) کعبہ شریف کی طرف ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اینٹ پتھر آنا بند ہو جائیں گے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۶ | ۴ | ۲ |
| ۲ | ۴ | ۶ | ۸ |
| ۶ | ۸ | ۲ | ۴ |
| ۴ | ۲ | ۸ | ۶ |



## برائے دفع آسیب


مندرجہ ذیل نقش تین عدد باوضو لکھے۔ ایک نقش گتے پر چپکا کر مریض کو دے کہ اسے دیکھتا رہے۔ دوسرا نقش مریض کو پانی میں گھول کر پلائے اور تیسرا نقش باوضو موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب دفع ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۵۵۹۲۸ | ۵۵۹۳۱ | ۵۵۹۳۴ | ۵۵۹۲۱ |
| ۵۵۹۳۳ | ۵۵۹۲۲ | ۵۵۹۲۷ | ۵۵۹۳۲ |
| ۵۵۹۲۳ | ۵۵۹۳۶ | ۵۵۹۲۹ | ۵۵۹۲۶ |
| ۵۵۹۳۰ | ۵۵۹۲۵ | ۵۵۹۲۴ | ۵۵۹۳۵ |

## فتیلہ (فلیتہ) برائے آسیب زدہ

آسیب زدہ کے لئے مندرجہ ذیل فلیتہ باوضو لکھے اور کوئلے کی آگ میں جلا کر اس کی دھونی مریض کی ناک میں دے (یعنی اس فلیتہ کے کاغذ کا دھواں مریض کی ناک میں جائے) انشاء اللہ تعالیٰ آسیب (جن، بھوت، پریت) دفع ہوگا۔ وہ فلیتہ یہ ہے۔






## برائے جدائی

اگر دو دشمنوں میں اتحاد و محبت ہو اور وہ دونوں آپس میں مل کر نقصان پہنچاتے ہوں یا ناجائز دوستی ہو تو ان میں جدائی ڈالنے کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو لکھے اور دو پرانی قبروں کے درمیان دفن کردے انشاء اللہ تعالیٰ جدائی فوراً پیدا ہوگی اور دونوں الگ ہوجائیں گے۔ اس کے نیچے دونوں کا نام اور انکی والدہ کا نام بھی لکھے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

۹۱۳ شص ۸۸۱۱۱ ۹۹ ۱۱۱ ۸۸۷ لا ۵۱۸۵ ⁘

نام ـــــ والدہ کا نام ـــــ و نام ـــــ والدہ کا نام ـــــ

تنبیہ: صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز مقصد میں کرے گا تو نقصان اٹھائے گا اور کامیاب نہ ہوگا۔

## برائے ترقی دوکان


برائے خرید و فروخت اور دوکان شروع کرنے کے لئے یہ نقش بہت مجرب ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر دوکان میں چسپاں کرے (گتے پر یا فریم کرا کر دوکان میں لگالے) انشاء اللہ تعالیٰ خرید و فروخت بہت ہوگی۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۳۷ | ۱۳۰ | ۱۳۴ | ۱۲۰ |
| ۱۳۳ | ۱۲۱ | ۱۲۶ | ۱۳۱ |
| ۱۲۲ | ۱۳۶ | ۱۲۸ | ۱۲۵ |
| ۱۲۹ | ۱۲۴ | ۱۲۳ | ۱۳۵ |

## برائے استحکام حمل ودفع دردِ شکم

حمل کی مضبوطی کے لئے اور پیٹ کے درد سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل طلسم باوضو ببول کے پتے پر لکھے اور حاملہ کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم و سالم رہے گا اور دوران حمل پیٹ کے درد سے محفوظ رہے گی۔ وہ طلسم یہ ہے۔




## بھاگے ہوئے کو بلانا

اگر کوئی بھاگ گیا ہو یا گم ہو گیا ہو تو سات بار سورۃ یٰسین شریف پڑھے جب آیت "من المکرمین" پر پہنچے تو بھاگے ہوئے کا نام لے اور اس کی ماں کا بھی نام لے اور تالے پر دم کرے اور اس تالے کو بند کردے



اور اسے ہوا میں لٹکا دے کہ ہلتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا گم شدہ پریشان ہو کر جلد از جلد آجائے گا۔

## آدھے سر کے درد سے نجات

اگر آدمی کے آدھے سر میں درد رہتا ہو تو اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے اس نقش کو سر میں اس طرف باندھ لے جس طرف درد ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آدھے سر کے درد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۵۱۱۵ | ۵۱۱۵ | ۵۱۱۵ |
| ۵۱۱۵ | ۵۱۱۵ | ۵۱۱۵ |
| ۵۱۱۵ | ۵۱۱۵ | ۵۱۱۵ |

## بلغم کے مرض سے نجات

اگر کسی شخص کو بلغم کا مرض ہو اور حلق میں ہر وقت بلغم آتا رہتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ سات کنکریاں لاہوری نمک کی لے اور نمک کی ہر کنکری پر باوضو سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور نمک کی ہر کنکری پر دم کرے ہر روز ایک کنکری صبح کو بغیر کچھ کھائے پئے منہ میں رکھ کر چوستا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بلغم سے نجات حاصل ہوگی۔

## کھوئے ہوئے یا مفرور کو واپس بلانا

اگر کوئی گھر سے بھاگ گیا ہو یا کھو گیا ہو یا جانور گم ہو گیا ہو تو باوضو سورۃ والضحیٰ ایک سو ایک بار پڑھے اور جب آیت

وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى

پر پہنچے تو اس آدمی کا نام اور اس کی ماں کا نام لے۔ اگر جانور ہے تو اس کا نام لے (مثلاً بھوری بھینس، سفید گائے، لال بکری وغیرہ وغیرہ) انشاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا یا گم شدہ جلد واپس آئے گا۔

## گم شدہ یا بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کوئی شخص گم ہو گیا ہو یا کھو گیا ہو چاہے وہ انسان ہو یا جانور تو اس کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو اکتالیس بار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

پڑھا کرے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا واپس آجائے گا۔

## برائے دفع آسیب

اگر بچہ یا عورت پر آسیب کا اثر ہو تو باوضو مندرجہ ذیل نقش لکھے اور موم جامہ کرکے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ



تعالیٰ آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۷۸۲۲ | ۷۸۱۷ | ۷۸۲۴ |
| ۷۸۲۳ | ۷۸۲۱ | ۷۸۱۹ |
| ۷۸۱۸ | ۷۸۲۵ | ۷۸۲۰ |

## نقش حمل قائم ہونے کے لئے

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو یا غائب ہو جاتا ہو تو ایام حمل کے شروع دنوں میں مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے عورت کے گلے میں ڈال دے اور کھیر پکا کر بہ نیت ایصال ثواب حضرت سلیمان علیہ السلام کے نمازیوں کو کھلا دے یا معصوم بچوں کو کھلا دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا اور اولاد ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۳ | ۸ | ۳ | ع |
| ٦ | ۷ | ۱ | ع | ۱ |
| عہ | ۳ | عمص | ۲ | ۷ |
| عہ | ۳ | عہ | ۲ | ۳ |
| ۳ | عہ | ۳ | ٦ | عہ |

## برائے دردِ سر

مندرجہ ذیل اسم مریض کی پیشانی پر انگلی سے بغیر روشنائی کے لکھے انشاءاللہ تعالیٰ سردرد سے آرام ہو گا۔ وہ اسم مبارک یہ ہے

یَابَاسِطُ

## ہر حاجت کے لئے سورۃ یٰسین شریف کا نقش

اگر کسی شخص کی کوئی مشکل حاجت ہو اور حل نہ ہوتی ہو تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے لوبان یا اگربتی کی دھونی دے کر دائیں بازو پر باندھ لے یا گلے میں لٹکالے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر حاجت پوری ہو گی، محتاج غنی ہو گا، سحر جادو والا صحتیاب ہو گا، آسیب زدہ کو آسیب سے نجات ہو گی، اسی نقش کو اگر بانجھ عورت گلے میں باندھ لے تو صاحب اولاد بن جائے گی۔ وہ نقش یہ ہے۔


۷۸۶

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۴۱۸ | ۴۴۹ | ۴۵۱ | ۴۲۰ | ۴۵۲ | ۴۲۳ |
| ۴۴۷ | ۴۲۵ | ۴۴۴ | ۴۴۵ | ۴۲۸ | ۴۲۴ |
| ۴۲۷ | ۴۴۱ | ۴۲۲ | ۴۴۳ | ۴۳۰ | ۴۴۰ |
| ۴۳۶ | ۴۳۴ | ۴۳۸ | ۴۳۹ | ۴۳۵ | ۴۳۱ |
| ۴۳۷ | ۴۳۳ | ۴۲۹ | ۴۲۶ | ۴۴۶ | ۴۴۲ |
| ۴۴۸ | ۴۲۱ | ۴۱۹ | ۴۵۰ | ۴۳۲ | ۴۵۳ |



## ہر مرض سے نجات کے لئے

اگر کسی کو کوئی مرض لپٹ گیا ہو اور اس سے نجات نہ ملتی ہو تو باوضو اس طلسم کو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر لکھے۔ اور پانی میں گھول کر صبح نماز کے بعد اور عصر کے بعد مریض کو پلائے انشاءاللہ مریض کو صحت حاصل ہو گی۔ وہ طلسم یہ ہے۔




یَا اَللّٰہُ یَا قَیُّوْمُ اَنْتَ الْھَادِیْ یَا فَتَّاحُ

## بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کسی کا کوئی آدمی بھاگ گیا ہو تو اس آیت کو باوضو لکھ کر کاغذ کو لپیٹ لے اور ایک فٹ گہرا گڑھا کھود کر تعویذ کو رکھے۔ اوپر نیچے گڑ یا شکر (یعنی گڑ کی بنی ہوئی شکر) اگر وہ نہ ہو تو سفید شکر ڈال دے درمیان میں تعویذ کو رکھے اور تھوڑی شکر چیونٹیوں کے سوراخ میں ڈالے اور حلقہ م ر د فا کھلا رہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

فِی الْحُطَمَةِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝

انشاءاللہ تعالیٰ بھاگا ہوا فوراً روتا ہوا حاضر ہو گا۔ مجرب ہے۔

تنبیہ: ف و م کا سوراخ کھلا رہے اس طرح ف، و، م، اس طرح بند نہ ہو ف، و، م۔

## برائے محبت

اگر کوئی شخص کسی جگہ رشتہ کرنا چاہتا ہے یا بیوی یا بچے نافرمانی کرتے ہیں ان کے دل میں محبت پیدا کرنے کے لئے مندرجہ ذیل آیتیں باوضو لکھے اور ساتھ ہی شروع میں بسم اللہ شریف بھی لکھے۔ اور ایک ڈبیہ میں یا بوتل میں بند کرکے اس کے چاروں طرف اور بوتل کے منہ پر موم لگائے۔ اور موم اس کے اوپر لگائے اور اس پر نام طالب اور مطلوب بمعہ نام والدہ کے لکھے اور کالے کپڑے میں لپیٹ کر دو پتھروں کے درمیان ایسی اندھیری جگہ دبائے جہاں پر سورج کی روشنی نہ پہنچتی ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ رشتہ مل جائے گا اسی طرح روٹھ کر گھر سے جانے والی عورت واپس آجائے گی۔ اولاد فرمانبرداری کرے گی۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۭ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۭ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝


## کھیت کی حفاظت کے لئے

کھیت کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل نقش چار عدد



لکھے اور مٹی کی کوری ہنڈیا میں رکھ کر اور مٹی کا ڈھکن لگا کر موم سے بند کرے اور کھیت کے چاروں کونوں پر ایک ایک ہنڈیا دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کھیت ہر قسم کے موذی جانوروں اور نقصان پہنچانے والے لوگوں سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش معظم مکرم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ




## برائے حب

اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سات

بار آیات ذیل پڑھے اور شکر یا نمک پر دم کر کے مطلوب کو کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں محبت پیدا ہوگی۔ صرف جائز مقصد کے لئے کرے۔ ناجائز مقصد میں کامیاب نہ ہوگا۔ بلکہ نقصان اٹھائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّا اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ط اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝

## بچہ کی آسانی کے ساتھ پیدائش کے لئے

اگر عورت کے بچہ ہونے کا وقت ہو اور بچہ کی پیدائش کے لئے مدت پوری ہو چکی ہو تو مندرجہ نقش باوضو لکھے اور سفید پاک کپڑے میں نقش کو لپیٹ کر عورت کی بائیں ران میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد از جلد بچہ پیدا ہوگا۔ بچہ کے پیدا ہونے کے بعد فوراً نقش کھول دے ورنہ آنتیں باہر نکل آئیں گی لہذا بہت احتیاط کی ضرورت ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |



## دودھ کی کمی دور کرنا

اگر کسی عورت کے پستانوں میں دودھ کم ہو گیا ہو اور بچہ بھوک سے روتا ہو تو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے اس سے باوضو یہ نقش لکھے اور موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں باندھ دے۔ اور ایک نقش روزانہ پانی میں گھول کر عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ بہت زیادہ ہوگا اور بچہ سیر ہو کر پئے گا وہ نقش معظم یہ ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۸ | ۷۰۲۷ | ۷۰۳۰ | ۱ |
| ۷۰۲۹ | ۲ | ۷ | ۷۰۲۸ |
| ۳ | ۷۰۳۲ | ۷۰۲۵ | ۶ |
| ۷۰۲۶ | ۵ | ۴ | ۷۰۳۱ |

## برائے درد دانت

اگر کسی شخص کے دانتوں میں اکثر درد رہتا ہو تو وہ شخص روزانہ بعد نماز فجر فرضوں کے بعد فوراً سات بار یہ آیت مبارکہ پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد دانت کا مرض ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝

## ماں کے پیٹ میں بچہ کی حفاظت کا گنڈہ

کچے سوت کے اکتالیس (۴۱) تار (دھاگے) حاملہ عورت کے قد کے برابر پیشانی (یعنی سر کے بال جہاں سے شروع ہوتے ہیں) سے لے کر پاؤں کے انگوٹھے (انگوٹھے کے ناخن) تک ناپ لیں اور ان دھاگوں کو زعفران میں عرق گلاب ملا کر رنگ لیں اور سکھا لیں۔ پھر نو (۹) بار مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر دھاگے پر ایک گرہ لگا دیں۔ اسی طرح یہ عمل نو مرتبہ کرنا ہے اور دھاگے میں نو گرہ لگیں گی اور آخری مرتبہ آیت ذیل نو بار پڑھ کر ایک بار قل یا ایھا الکافرون (پوری سورت) پڑھ کر دھاگے میں گرہ لگائیں اور دھاگے پر دم کریں۔ آیت مندرجہ ذیل ہے۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ۝ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوا وَّالَّذِينَ هُم مُّحْسِنُونَ ۝

سورۃ الکافرون یہ ہے۔

سُورَةُ الْكٰفِرُونَ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكٰفِرُونَ ۝ لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُونَ ۝ وَلَا أَنتُمْ عٰبِدُونَ مَا أَعْبُدُ ۝ وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدتُّمْ ۝ وَلَا أَنتُمْ عٰبِدُونَ مَا أَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِينُكُمْ وَلِيَ دِينِ ۝

یہ گنڈہ حمل والی عورت کی کمر میں باندھ دیں اور جب بچہ پیدا



ہونے کے درد شروع ہوں گنڈہ کھول دیں اور اسی گنڈہ کو لپیٹ کر تعویذ بنا لیں اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاملہ اور بچہ دونوں محفوظ رہیں گے۔

## میاں بیوی میں محبت کے لئے

پان کے بیڑے پر مندرجہ ذیل آیت تین (۳) بار پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کو کھانے کے لئے دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ میاں بیوی میں محبت پیدا ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝

## گم شدہ چیز کے لئے

اگر کوئی چیز گم ہو گئی ہو یا جانور لاپتہ ہو گیا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل آیت کثرت سے پڑھے اور اس چیز کو تلاش کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ چیز مل جائے گی ورنہ پھر غیب سے کوئی چیز اس سے عمدہ ملے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ ۝

## برائے حفاظت در جنگ و در سفر

اگر کسی شخص کو محاذ جنگ پر جانا ہے یا کسی جگہ کا سفر کرنا ہے تو سورۃ اخلاص باوضو لکھے اور سورۃ اخلاص کے الفاظ کا

آدھا پہلا حصہ اپنی ٹوپی، پگڑی میں موم جامہ کر کے باندھ لے اور سر پر پہن لے۔ اور اسی سورہ کے الفاظ کا آدھا آخری حصہ گھر میں بحفاظت رکھ کر جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جنگ میں فتح حاصل کر کے آئے گا اور سفر سے بحفاظت اور کامیاب واپس ہو گا۔

سورۃ اخلاص کے نصف اول اور نصف دوم کا طریقہ یہ ہے۔

| الفاظ کا نصف اول۔ موم جامہ کر کے ٹوپی یا عمامہ میں رکھے | الفاظ کا نصف دوم۔ گھر میں رکھ کر جائے۔ |
|---|---|
| قُلْ هُوَ | اللّٰهُ اَحَدٌ ج |
| اَللّٰهُ | الصَّمَدُ ج |
| لَمْ | يَلِدْ لا |
| وَلَمْ | يُوْلَدْ لا |
| وَلَمْ | يَكُنْ لَّهٗ |
| كُفُوًا | اَحَدٌ ع |

## لڑکے کی پیدائش کے لئے

اگر کسی کے لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو تو اس آیت شریفہ کو باوضو زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے دو کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھے ایک کاغذ لپیٹ کر موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور دوسرا تعویذ



پانی میں گھول کر عورت کو پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہو گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَبَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ج وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ط اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ه

## برائے دفع ہر مرض

ہر بیماری سے صحتیابی کے لئے آیات شفاء اور سورۃ اخلاص عرق گلاب میں زعفران حل کر کے باوضو چینی کی رکابی سادی بغیر پھول والی پر لکھے اور تین روز یا سات روز مسلسل بلاناغہ باوضو پانی سے گھول کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو گا۔ پانی سے گھولنے والا باوضو ہو کیونکہ آیات قرآنی کو بلاوضو ہاتھ لگانا منع ہے۔ پینے والے کے لئے وضو شرط نہیں ہے۔

آیات شفاء یہ ہیں۔

سَـلْمُ تَنْ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ہ وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ہ لا وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ہ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ہ يَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ہ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ہ لا قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ط وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ہ صلے

سورۃ اخلاص یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِخْلَاصِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ۙ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۚ

## ذیابیطس (شوگر) کے لئے

اگر کوئی شخص ذیابیطس (شوگر) کے مرض میں مبتلا ہو تو اول تین بار درود شریف پڑھے۔ پھر یہ آیت تین بار پڑھے آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے اور ایک گلاس پانی پر دم کر کے وہ پانی پی لے۔ روزانہ اسی طرح کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء حاصل ہوگی۔

درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ



صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ۝

## چھاتی کے منہ پر گرہ (تھنیلا)

اگر کسی عورت یا جانور کی چھاتی یا تھن پر کسی قسم کی بھی گانٹھ یا گرہ ہو جائے تو مندرجہ ذیل آیت کو باوضو پڑھ کر دم کردے غیر عورت کی صورت میں لمبی نلکی لے کر پردے کے پیچھے سے دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔ وہ آیت یہ ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ کُلُّ شَیْءٍ ھَالِکٌ اِلَّا وَجْھَہٗ ۚ لَہُ الْحُکْمُ وَاِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ ۝

## برائے سردرد، دانت کا درد، ریاحی درد

ایک پاک لکڑی کی تختی پر پاک ریت بچھا کر باوضو ایک میخ (کیل) کی نوک سے اس پر یہ حروف لکھے جائیں۔ اس طرح

اب ج د۔ ھ و ز۔ ح ط ی۔

اور میخ (کیل) کی نوک سے الف پر دبایا جائے اور ایک بار سورۃ فاتحہ پڑھی جائے اور مریض درد کی جگہ کو پکڑ کر رکھے۔ جب سورۃ فاتحہ ختم ہو جائے تو مریض سے پوچھا جائے کہ اب کیا حال ہے۔ اگر درد ختم ہو جائے ٹھیک ہے ورنہ حرف (ب) کے نقطہ پر کیل کی نوک سے دباؤ ڈالا جائے اور ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھی جائے اور درد کی بابت معلوم کیا جائے۔ درد چلا گیا تو ٹھیک ورنہ حرف (ج) کے نقطہ پر میخ کی نوک رکھ کر

دباؤ اور سورۂ فاتحہ پڑھو اور حال دریافت کیا جائے۔
اسی طرح ہر حرف کو دباؤ اور سورۂ فاتحہ پڑھ کر مریض سے درد کا حال دریافت کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حروف ختم ہونے سے پہلے ہی درد جاتا رہے گا۔

سورۂ فاتحہ یہ ہے:

سُوْرَۃُ الْفَاتِحَۃِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ


اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ ؕ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ ۙ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ؑ

## نقش برائے صحتیابی از ہر مرض

ہر مرض سے صحتیابی کے لئے مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور ایک نقش پانی میں گھول کر رکھ لے اور مریض کو روزانہ چار مرتبہ صبح، دوپہر، بعد عصر اور بعد نماز عشاء پلائے اور دوسرا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں باندھ دے۔ نقش یہ ہے۔

(اگلے صفحہ پر)






## برائے عنّین

اگر کوئی مرد عنّین ہو تو چالیس روز تک کلمات ذیل کو باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قوت مردمی بحال ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْخَالِقُ وَاَنَا الْمَخْلُوْقُ فَمَنْ یَّدْعُ الْمَخْلُوْقَ اِلَّا الْخَالِقَ یَارَبِّ

## برائے دفع جن

چار مٹی کی ہانڈیاں معہ ڈھکن کے لے اور ان کے ڈھکن (چپن) پر باوضو مندرجہ ذیل کلمات لکھے اور ثابت ماش

(کالاماش) سے بھر کر وہ ڈھکن ان ہنڈیوں پہ ڈھک دیں۔

وہ چار ہانڈیاں مریض کے سرہانے رکھیں اور صبح روزانہ ایک ہانڈی دفن کر دیں اسی طرح چار روز تک کریں اور روزانہ صرف ایک ہانڈی دفن کریں۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یَا قَہَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَہَّارُ یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَہْرِ عَزِیْزِ سُلْطَانِہٖ یَا مُذِلُّ

## برائے دفع نظر بد و مرض ام الصبیان اور تمام حوادث سے نجات

نظر بد کو دور کرنے اور ام الصبیان (سوکھے کا مرض) سے حفاظت اور تمام حوادث سے نجات کے لئے مندرجہ ذیل آیت کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد، ام الصبیان اور تمام حوادث سے محفوظ ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

الٓمّٓ ۝ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۙ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۝ نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ ۝ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۝



## لڑکی کی شادی کے لئے

سینگ کی بنی ہوئی کنگھی یا جو بھی کنگھی یا کنگھا مل جائے اس پہ اول گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کرے اور پھر گیارہ بار آیت قطب پڑھ کر دم کرے پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر دم کرے اور لڑکی کو دے وہ ہر روز اس کنگھی سے اپنے سر کے بالوں میں کنگھی کرے۔ دوسرا کوئی اور اس کنگھی کو استعمال نہ کرے۔ درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

آیت قطب یہ ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ ؕ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ؕ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ یُخْفُوْنَ فِیْۤ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ ؕ یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا

ھٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۔

## طلسم برائے بستن مردمی

جو شخص حرام کاری یا زنا کرتا ہو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم اس مرد کے پہنے ہوئے کپڑے پر لکھ کر ایک شیشی میں بند کر کے کسی پرانی قبر میں دفن کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مردمی بستہ ہو جائے گی اور زنا کاری سے بچ جائے گا۔ وہ طلسم یہ ہے۔

اط ۱ ۸ ۱ ۱ ۱ ۹ ط ۱۱۱ ی الساعہ الساعہ

۱۵۱۵ اعصر ۱ ع ۱ و سح ۱۴۲ سح العص ۸، الدولسی مارا

۱۱۱۱۱۱۱ مادہ و ث العالمین بستم مردمی فلاں بن فلاں علیٰ
فرج فلانہ بنت فلانہ

## گھر، دوکان اور کارخانہ میں برکت

حسب ذیل آیات کو باوضو سفید سوتی کپڑے کے چار ٹکڑوں پر زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے لکھے اور اپنے گھر، اپنی دوکان اور اپنے کارخانے میں دیوار پر لگائے یا کسی ڈبہ میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خوب برکت ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔



اِنَّ الَّذِیْنَ یَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِیَةً یَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۙ لِیُوَفِّیَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَیَزِیْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ۝

## پیشاب کی زیادتی، حیض و نفاس کا زیادہ خون بہنا، جسم سے کسی بھی قسم کا خون، نکسیر بند کرنا

پیشاب کثرت سے آنے لگے، یا حیض و نفاس کا خون اپنی مدت سے زیادہ دن تک آئے یا جسم کے کسی بھی حصے سے خون جاری ہو یا نکسیر پھوٹ گئی ہو تو ان سب امراض کے لئے حسب ذیل کلمات کو باوضو عرق گلاب میں زعفران کو گھول کر لکھے اور مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ فوراً مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

وَقِیْلَ یٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ ۔

قُلْ اَرَءَیْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ یَّاْتِیْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِیْنٍ ۝

## برائے پتھری

اگر کسی شخص کے گردوں میں پتھری ہو اور تکلیف رہتی ہو تو اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل آیت لکھ کر پلائے۔ انشاء اللہ

پتھری سے نجات ملے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۭ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ۭ

## چھوٹے بچہ کا رونا

اگر چھوٹا بچہ کثرت سے روتا ہو تو اس کے لئے ذیل کی آیات باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کا رونا ختم ہو جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ۝ (پ۱۵ ع۱۶)

يَوْمَئِذٍ يَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِيَ لَا عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا ۝ (پ۱۶ ع۱۵)

## بچہ کی باآسانی پیدائش کے لئے

ایک کاغذ پر باوضو مندرجہ ذیل آیت وکلمات لکھے اور پاک کپڑے میں لپیٹ کر پیدائش کے درد شروع ہونے کے وقت عورت کی بائیں ران میں باندھ دیں بچہ باآسانی پیدا ہو گا۔ بچہ کی پیدائش کے بعد فوراً کھول کر رکھ لیں اور پتھر میں لپیٹ کر دریا، سمندر یا نہر میں ٹھنڈا کر دیں یا پاک زمین میں دفن کر دیں وہ آیت وکلمات یہ ہیں۔

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝
اِهْيًا اِشْرَاهِيًا



## بانجھ عورت کے اولاد ہونے کے لئے

لونگ کے چالیس دانوں پر آیات ذیل ہر دانہ پر باوضو سات بار پڑھ کر دم کرے اور ہر روز ایک لونگ عورت غسل حیض کے بعد کھائے اور ان دنوں شوہر ہم بستری بھی کرے۔
انشاء اللہ تعالیٰ حمل قرار پائے گا۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۭ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۭ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝

## لڑکا پیدا ہونے کے لئے

جس عورت کے ہمیشہ لڑکی پیدا ہوتی ہے اس کے لڑکا پیدا ہونے کے لئے جب تین ماہ حمل ہونے کے قریب ہو تو باوضو عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے ہرن کی جھلی پر (چاندی کے ورق بنانے والوں کے پاس سے ملتی ہے) لکھ کر موم جامہ کر کے عورت کی کمر میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور لڑکا پیدا ہو گا۔
وہ آیات یہ ہیں۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۭ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ۝ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ۝ (پ۱۳ ع۸)

يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِنِ اسْمُهٗ يَحْيٰى لا
لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ۝ (پ ۱۶ ع ۴)
بِحَقِّ مَرْيَمَ وَعِيْسٰى اِبْنًا صَالِحًا طَوِيْلَ الْعُمُرِ
بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمَا وَسَلَّمَ

## براۓ بخار

اگر کسی کو بخار نہ چھوڑتا ہو تو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے باوضو مندرجہ ذیل آیات لکھ کر روزانہ مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بیماری اور بخار سے نجات ملے گی۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ۝ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ اِنِّىْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّىْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ (پ ۱۶ ع ۴)
قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ ۝ (پ ۱۷)

## شوہر کی ناراضگی دور کرنے کے لئے

آیت ذیل شیرینی (مٹھائی) پر باوضو سات بار پڑھ کر دم کرے، اول و آخر درود شریف تین تین بار پڑھے درمیان میں یہ آیات پڑھے۔ مطلوب کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ



ناراضگی دور ہوگی۔ وہ آیات یہ ہیں۔
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۝

## دودھ کی زیادتی کے لئے

اگر عورت کا دودھ کم ہو یا سوکھ گیا ہو تو مندرجہ ذیل آیت کو عرق گلاب میں زعفران گھول کر باوضو مندرجہ ذیل آیت پاک برتن (چینی کی بغیر پھول والی پلیٹ) میں لکھ کر پانی سے گھول کر عورت کو چند دن پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ بہت زیادہ پیدا ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔
وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝

## گائے، بھینس، بکری، بھیڑ، اونٹنی کے دودھ میں زیادتی کے لئے

اگر کسی جانور کا دودھ کم ہوگیا ہو یا دودھ ختم ہوگیا ہو تو مندرجہ ذیل آیت باوضو کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے جانور کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ

زیادہ ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَۃً نُسْقِیْکُمْ مِمَّا فِیْ بُطُوْنِہَا وَلَکُمْ فِیْہَا مَنَافِعُ کَثِیْرَۃٌ وَّمِنْہَا تَاْکُلُوْنَ ۙ

## عورت کے دودھ میں زیادتی

اگر عورت کا دودھ کم ہو یا کم ہو گیا ہو اور بچہ بھوک سے روتا رہتا ہو تو اس کے لئے باوضو مندرجہ ذیل آیات عرق گلاب میں زعفران حل کر کے لکھیں اور پانی میں گھول کر روزانہ عورت کو پلائیں انشاء اللہ تعالیٰ عورت کا دودھ زیادہ ہو گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَاِذِ اسْتَسْقٰی مُوْسٰی لِقَوْمِہٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاکَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْہُ اثْنَتَا عَشْرَۃَ عَیْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ کُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَہُمْ ؕ کُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰہِ وَلَا تَعْثَوْا فِی الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ۝

## برائے تسخیر

یہ نقش سورۂ مزمل کا ہے۔ تسخیر اور مخلوق خدا میں مقبول ہونے کے لئے بہت زیادہ پُر تاثیر ہے۔ اس کو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے اس سے باوضو لکھے اور موم



جامہ کر کے ٹوپی یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مخلوق خدا میں مقبولیت حاصل ہو گی وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷۳۷۵ | ۱۷۳۸۹ | ۱۷۳۸۶ | ۱۷۳۸۲ |
| ۱۷۳۸۷ | ۱۷۳۸۱ | ۱۷۳۷۶ | ۱۷۳۸۸ |
| ۱۷۳۸۰ | ۱۷۳۸۴ | ۱۷۳۹۱ | ۱۷۳۷۷ |
| ۱۷۳۹۰ | ۱۷۳۷۸ | ۱۷۳۷۹ | ۱۷۳۸۵ |

## غیر مسلم کے لئے بخار کا طلسم

مندرجہ ذیل ناموں کو اسی ترتیب سے ایک لکڑی کے چھوٹے ٹکڑے پر لکھے اور غیر مسلم مریض کے گلے میں باندھ دے اگر جاڑہ دور نہ ہو تو اس لکڑی کو سات جوتے مارے اور پھر غیر مسلم مریض کے گلے میں باندھ دے۔ بحکم خدا بخار اور جاڑہ دفع ہوں گے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

نمرود مردود     شداد بیداد
فرعون بے عون     ہامان بے ایمان

## برائے حب

اگر کسی عورت کا شوہر یا اولاد مخالف یا ناراض ہوں تو ان کو موافق یا راضی کرنے کے لئے اول پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سات بار یہ آیت پڑھے۔ آخر میں پھر

۵ پانچ مرتبہ درود شریف پڑھے اور شکر یا نمک پر دم کر کے مطلوب کو کھلا دے۔ اگر ایک مرتبہ کرنے سے مقصد حاصل نہ ہو تو بار بار یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالٰے شوہر یا اولاد مخالفت سے باز آئیں گے اور ناراضگی ختم ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۚ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

## برائے حب

اکتالیس (۴۱) عدد کالی مرچ لے کر ہر دانے پر سورہ فاتحہ (الحمد شریف) ایک بار پڑھ کر پھونک مارے (اس پہ دم کرے) پھر سفید پیاز کی ایک گٹھی لے کر اندر سے خالی کر کے اس میں تمام کالی مرچ بھر دے اور اس پیاز کو بند کر دے اور تین (۳) میخ انار کی لکڑی کی (یعنی انار کی تین چھوٹی شاخوں کو) لے کر پیاز کے سر پہ لگائے اور پیاز کو روئی میں لپیٹ کر آگ میں جلائے یا بغیر روئی کے ویسے ہی چولھے میں گاڑ دے (دفن کر دے) تاکہ آگ کی گرمی اس کو پہنچتی رہے ابھی وہ جلی بھی نہ ہو گی کہ مطلوب کی محبت طالب کے دل میں پیدا ہو جائے گی۔ نام طالب و مطلوب نام والدین پیاز کے چھلکے پر لکھے جائیں۔



**تنبیہ:** یہ عمل صرف جائز کام کے لئے کیا جائے۔ ناجائز محبت میں کامیابی نہ ہو گی بلکہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس عمل کو کرنے سے قبل کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کر لے۔

سورۃ الفاتحہ یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۭ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۭ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّاۗلِّيْنَ ۧ

## برائے حصول حاجت

اگر کوئی حاجت پوری نہ ہوتی ہو اور کوئی کام اٹک گیا ہو یا کوئی مسئلہ حل نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے صلوٰۃ تنجینا (درود تنجینا) پڑھی جائے۔ یہ عمل نوچندی جمعرات (چاند دکھائی دینے کے بعد جو پہلی جمعرات آئے وہی نوچندی جمعرات ہے) کو کیا جائے۔ تین (۳)، پانچ یا سات آدمی مل کر ایک (۱۰۰۰) ہزار مرتبہ درود تنجینا پڑھیں۔ جس وقت درود تنجینا پڑھی جا رہی ہو عطر چھڑکا جائے اور لوبان جلایا جائے۔ ختم ہونے کے بعد چاول اور دودھ یا کھیر پڑھنے والوں کو کھلائی جائے۔ درود تنجینا یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً
تُنْجِيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ ۔ وَتَقْضِىْ
لَنَا بِهَا جَمِيْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ
السَّيِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَ
تُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ فِى
الْحَيٰوةِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۔

## ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

اگر کسی کا کوئی کام اٹک گیا ہو یا کوئی مشکل پیش آگئی ہو تو اس کے لئے بارہ ۱۲ روز تک ہر روز بارہ ۱۲ ہزار مرتبہ باوضو یہ آیت کریمہ پڑھے۔ اگر اس قدر ممکن نہ ہو تو بارہ ۱۲ سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنے مقصد میں ضرور کامیاب ہوگا لیکن شرط یہ ہے کہ مسلسل پڑھے ناغہ نہ کرے نہ بددل ہو کر چھوڑے جب تک کام نہ ہو برابر پڑھتا رہے۔ کم از کم اکتالیس ۴۱ دن ضرور پڑھے۔ آیت کریمہ یہ ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

## کھانے میں برکت کے لئے

کھانا کم ہو اور مہمان زیادہ ہو تو ایسی صورت میں گیہوں کے پچیس ۲۵ دانے لے اور ہر دانہ پر ایک مرتبہ مندرجہ ذیل آیات پڑھ کر دم کرے۔ پھر ان دانوں کو کسی اونی کپڑے میں باندھ کر اس



کھانے کے نیچے رکھیں جو مہمانوں کے آگے رکھا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ایسی برکت ہوگی کہ تمام مہمان پیٹ بھر کر کھالیں گے پھر بھی کھانا بچ جائے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى
الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا
يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۖ سِيْمَاهُمْ
فِىْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۚ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ
فِى التَّوْرٰىةِ ۚۛ وَمَثَلُهُمْ فِى الْاِنْجِيْلِ ۚۛ كَزَرْعٍ
اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى
سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۚ وَعَدَ
اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً
وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

## برائے دفع جادو

سحر و جادو کے دفع ہونے کے لئے سات دن تک عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے باوضو چینی کی پلیٹ پر لکھے اور گھی سے تر کر کے مسحور (جس پر جادو کیا گیا ہے وہ شخص) زبان سے چاٹے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا
اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ
فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ۭ

## مرگی سے نجات کے لئے

اگر کسی کو مرگی کا مرض ہو تو اس سے نجات کے لئے آیت ذیل باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور پانی سے گھول کر مریض کو پلائے اور ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ وہ آیت یہ ہے۔

مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ إِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ط
إِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ٥

## برائے دافع فالج، برص (سفید داغ) جذام (کوڑھ)

مندرجہ ذیل نقش باوضو چار عدد زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے لکھے۔ ایک نقش موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے یا دائیں بازو پر باندھ دے اور تین نقش تین دن تک بلا ناغہ پانی میں گھول کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹۱۷۲ | ۹۱۷۵ | ۹۱۷۹ | ۹۱۶۵ |
| ۹۱۷۸ | ۹۱۶۶ | ۹۱۷۱ | ۹۱۷۶ |
| ۹۱۶۷ | ۹۱۸۱ | ۹۱۷۳ | ۹۱۷۰ |
| ۹۱۷۴ | ۹۱۶۹ | ۹۱۶۸ | ۹۱۸۰ |



# عملیات و تعویذات

شیخ الاسلام حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ
سابق صدر المدرسین دار العلوم دیوبند

## نظر بد سے حفاظت کا عمل

مندرجہ ذیل آیات سات عدد (سرخ) مرچوں پر سات سات مرتبہ پڑھ کر سات بار دم کر کے بچہ کے اوپر سے (وار کر یعنی سر کے چاروں طرف گھما کر) دہکتی ہوئی کوئلے کی آگ میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر اسی وقت دور ہو جائے گی۔ مرچوں کے جلنے سے دھسک، دھانس اور چھینکیں وغیرہ بالکل نہیں آئیں گی۔ بشرطیکہ بچہ کو نظر لگی ہو۔ مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ٥ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ٥

## سخت مشکل اور ضروری کام کے لئے

مندرجہ ذیل کلمات پانچ سو ۵۰۰ مرتبہ بعد نماز عشاء روزانہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف ایک سو ۱۰۰ بار پڑھے۔ جب تک کام پورا نہ ہو برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل آسان

ہو گی اور کام پورا ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

یَا خَفِیَّ الْاَلْطَافِ اَدْرِکْنِیْ بِلُطْفِكَ الْخَفِیِّ۔

## طریق زکوٰۃ نقش حوا

نوچندی جمعرات (چاند دیکھنے کے بعد پہلی جمعرات) سے پندرہ نقش بعد نماز عصر باوضو لکھا کریں۔ ہر جمعرات کو آٹھ روز کے لکھے ہوئے نقوش کو گولی بنا کر آٹے میں لپیٹ کر (ہر گولی پر آٹا مڑھ لیں) دریا (یا سمندر، نہر یا تالاب) میں ڈال دیا کریں۔ جب چالیس دن ہو جائیں تو دریا میں ڈالنا اور گولی بنانا بند کر دیں اور ان نقوش کو جملہ ضروریات میں استعمال کریں بعد زکوٰۃ پندرہ نقش روزانہ لکھتے رہیں تاکہ عمل میں رہے۔ اس نقش کی لکیر بائیں سے دائیں کو کھینچنی ہوگی۔ اس طرح

دائیں طرف → → → بائیں طرف

اگر زکوٰۃ کے چالیس دن جمعرات کے دن سے کسی دن پہلے پورے ہو جائیں تو دریا میں اسی روز گولی بنا کر ڈال دیں۔

اس عمل کے دوران مجامعت یا ترک حیوانات کا کوئی پرہیز نہیں ہے۔ نوچندی جمعرات سے شروع اور اگلی جمعرات سے دریا میں ڈالنا شروع کریں۔ وہ نقش یہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | ۱ | ٦ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۴ | ۹ | ۲ |



تنبیہ: جس مقصد کے لئے تعویذ دیں اس تعویذ کی پشت پر وہ مقصد لکھدیں۔

## برائے حب

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لیں یا چولھے کے نیچے گاڑ دیں (دفن کر دیں) اتنا نیچے ہو کہ آگ کی تپش سے جل نہ جائے۔ وہ نقش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ

اِلٰھِیْ بِحُرْمَةِ یَمْلِیْخَا مَکْسَلْمِیْنَا کَشْفُوْطَطْ اَذْرَفْطِیُوْنَسْ کَشَافَطْیُوْنَسْ تَبْیُوْنَسْ یُوَانَسْ بُوْس وَکَلْبُھُمْ قِطْمِیْرْ وَعَلَی اللّٰہِ قَصْدُ السَّبِیْلِ وَمِنْھَا جَآئِرٌ۔

۷۸٦

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲۵۰ | ۲۵۳ | ۲۵٦ | ۲۴۳ |
| ۲۵۵ | ۲۴۴ | ۲۴۹ | ۲۵۴ |
| ۲۴۵ | ۲۵۸ | ۲۵۱ | ۲۴۸ |
| ۲۵۲ | ۲۴۷ | ۲۴٦ | ۲۵۷ |

.......... رابحبت .......... بسوزند

مثلاً ایک شخص کا نام بشیر خان ہے اور مطلوب کا نام فقیر خان ہے تو اس طرح لکھیں گے۔

فقیر خان بن زبیدہ رابحبت بشیر خان بن حمیدہ بسوزند

تنبیہ: یہ نقش صرف جائز کام میں استعمال کریں۔ ناجائز

مقصد میں ناکامی رہے گی۔

## تعویذ برائے طاعون

اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے سارے گھر کے بڑے اور چھوٹے سب افراد کو دائیں بازو (سیدھے ہاتھ پر کہنی سے اوپر کے حصے میں) بندھوا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا گھر طاعون کے اثر سے محفوظ رہے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

اا ط ح م ا م ااا ط

## آنکھ کی روشنی کے لئے

پانچوں نمازوں کے بعد آیت الکرسی پڑھے (یعنی ہر وقت کے فرض ادا کرنے کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے) اور جب کلمہ

وَلَا يَئُودُهٗ حِفْظُهُمَا

پر پہنچے تو دونوں ہاتھوں کی انگلیاں دونوں آنکھوں پر رکھ لے اور یہ کلمہ

وَلَا يَئُودُهٗ حِفْظُهُمَا

کو گیارہ بار پڑھے اور دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے آنکھوں پر مل لے (پھیرلے) انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی بینائی تیز ہوگی۔ آیۃ الکرسی یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ



سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

## بچوں کی حفاظت کا تعویذ

اس تعویذ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ
شَرِّ مَا خَلَقَ۔ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ
بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَاءِ
بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ
شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ
وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

## ہر بلا و مصیبت اور گناہ سے نجات

یہ دعا پڑھنے والا ہر بلا و مصیبت و ہر بیماری سے محفوظ رہے گا۔ اگر کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو خراب اور خطرناک بیماری و مرض میں مبتلا دیکھے مثلاً کوڑھ مرگی، دمہ، جنون، جذام وغیرہ یا کسی شخص کو گناہ میں مبتلا دیکھے تو اس دعا کو فوراً پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس دعا کا پڑھنے والا ان تمام بیماریوں اور گناہوں سے محفوظ رہے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاکَ بِہٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔

## برائے شفائے امراض مزمنہ

مندرجہ ذیل نقش امراض مزمنہ کے لئے روزانہ باوضو لکھ کر پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام امراض سے صحت ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۰۴ | ۱۰۷ | ۱۱۰ | ۹۶ |
| ۱۰۹ | ۹۷ | ۱۰۳ | ۱۰۸ |
| ۹۸ | ۱۱۲ | ۱۰۵ | ۱۰۲ |
| ۱۰۶ | ۱۰۱ | ۹۹ | ۱۱۱ |



## برائے استخارہ

اوّل باوضو کلمۂ توحید

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے۔ اس کے بعد کلمۂ توحید کا نقش سرہانے رکھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ استخارے میں (نیند میں) صحیح بات سے واقفیت حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

| | | |
|---|---|---|
| ۴۴ | ۹۹ | ۲۲ |
| ۳۳ | ۵۵ | ۷۷ |
| ۸۸ | ۱۱ | ۶۶ |

## قرض کی ادائیگی کے لئے[1]

جو شخص قرض میں بندھا ہو اور قرض اتارنا مشکل ہو۔ وہ کسی بھی وقت باوضو ایک سو بار یہ دعا پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد قرض ادا ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

[1] مکتوبات شیخ الاسلام جلد دوم ص ۳۰۹، مکتوب ۱۰۲

## مایوس العلاج مریض کی شفاء کے لئے

بعد نماز عصر باوضو تین ۳ بار سورۂ مجادلہ (پارہ ۲۸) پڑھے۔ اور ہر بار پڑھ کر مریض پر پھونک مارے۔ اس طرح تین ۳ بار پھونک ماری جائے گی۔ یہ عمل متواتر بلا ناغہ چالیس روز تک عمل میں لائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔

حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد صاحب مدنیؒ تحریر فرماتے ہیں کہ:

"یہ میرا تجربہ ہے اس سے متعدد مایوس العلاج مریض شفایاب ہوئے ہیں"[1]

## وساوس شیطانی سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لئے[2]

اگر کوئی شخص وساوس شیطانی کے سبب پریشان ہو اور شیطانی خیالات سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو روزانہ بلاناغہ باوضو سورۃ الناس، ایک سَو بار پڑھ لیا کرے۔ یہ اکسیر اعظم ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بُرے اور شیطانی وساوس سے چھٹکارہ حاصل ہوگا۔

سورۃ الناس یہ ہے۔

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝

[1] مکتوبات شیخ الاسلام جلد دوم ص۳۲۰ مکتوب ۱۱۰۔ [2] ایضاً جلد اول ص۲۴۱ مکتوب ۱۲



مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

## آنکھوں کی گئی ہوئی بینائی کے لئے

جس شخص کی آنکھوں کی بینائی کم ہوگئی ہو یا بینائی ختم ہوگئی ہو اس کے لئے روزانہ باوضو قصیدہ بردہ شریف کا یہ شعر سات مرتبہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کی انگلیوں پر پھونک مار کر دونوں آنکھوں پر پھیر لے یا کوئی دوسرا آدمی پڑھ کر پھونک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی بحال ہوجائے گی۔ مجرب عمل ہے۔ وہ شعر یہ ہے۔

كَمْ اَبْرَأَتْ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُهٗ
وَاَطْلَقَتْ اَرَبًا مِنْ رِبْقَةِ اللَّمَمِ[1]

## ہر قسم کے خطرات اور مشکلات کو دور کرنے کے لئے

ہر قسم کے خطرات اور مشکلات سے نجات کے لئے یہ کلمات روزانہ باوضو پانچ تسبیح (پانچ سَو بار) ایک مجلس (بیٹھک) میں یا ہر نماز کے بعد ایک سَو مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا خطرہ دور ہوگا اور مشکل حل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

